فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 14 | ہفتہ 6 محرم الحرام 1445ھ 13 جولائی 2024ء 30 ہاڑ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 275

فیصلے سے انصاف کا علم ہوا بلند پی ٹی آئی حکومت کو کوئی خطرہ نہیں وزیر قانون

ہمارے پاس اب بھی 209 ارکان ہیں، ریلیف سنی اتحاد کونسل مانگنے آئی مل پی ٹی آئی کو گیا کابینہ میں فیصلہ ہوگا کہ نظرثانی دائر کرنی ہے یا نہیں، سپریم کورٹ کے فیصلے سے سوالات نے جنم لیا ہے، میڈیا سے گفتگو

سپریم کورٹ کا فیصلہ تاریخ میں یاد رکھا جائے گا، جب تک ہماری تمام سیٹیں واپس نہیں ملتیں جدوجہد جاری رہے گی، شبلی فراز، بیرسٹر گوہر، سلمان اکرم راجہ، علی محمد خان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں سے متعلق فیصلے سے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے، ہمارے پاس اب بھی 209 ارکان ہیں، ریلیف سنی اتحاد کونسل مانگنے آئی لیکن مل پی ٹی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں کے فیصلے پر پی ٹی آئی رہنماؤں نے رد باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

لاہور، وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف سے پنک ربن پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عمر آفتاب ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی مخصوص نشستوں کیلئے اہل، کیس کا پس منظر

31 مئی کو دستیاب ججز کا فل کورٹ بنچ تشکیل دیا گیا، نو سماعتیں ہوئیں

اسلام آباد (این این آئی) 2024 کے عام انتخابات سے قبل انٹرا پارٹی انتخابات نہ کروانے پر الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف سے انتخابی نشان چھین لیا تھا جس کے بعد اس جماعت کے حمایت یافتہ امیدواروں نے آزاد حیثیت سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

موسم کی خرابی کی وجہ سے وزیر اعلیٰ مریم نواز اسلام آباد نہ جاسکیں

صدر مملکت کی جانب سے آذربائیجان کے صدر کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے میں شرکت کرنا تھی

لاہور (این این آئی) موسم کی خرابی کی وجہ سے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی پرواز کو اسلام آباد کی طرف اڑان کی اجازت نہ ملی۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے صدر زرداری کی یا جب سے آذربائیجان کے صدر الہام علییوف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

حسن خیل میں شہید ہونے والے چاروں جوانوں کو ان کے آبائی علاقوں میں سپرد خاک

نماز جنازہ اور تدفین میں سینئر حاضر سروس فوجی و پولیس افسران، فوجی جوانوں، شہداء کے لواحقین اور عمائدین کی شرکت

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقے حسن خیل میں دہشت گردوں کے خلاف ہوئے آپریشن میں شہید ہونے والے چاروں جوانوں کو ان کے آبائی علاقوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق شہداء کو ان کے آبائی علاقوں میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا۔ پاک فوج کے سپاہی محمد ادریس شہید کو صوابی میں، بادام گل شہید کو کوہاٹ میں سپرد خاک کیا گیا۔ سی ٹی ڈی خیبر پختون خوا کے سب انسپکٹر تاج میر شاہ شہید کو پشاور میں، اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد اکرم شہید کو مانسہرہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

پشاور ہائیکورٹ الیکشن کمیشن کا فیصلہ کالعدم

سپریم کورٹ کا پی ٹی آئی کو مخصوص نشستیں دینے کا حکم

الیکشن کمیشن کا فیصلہ آئین کے خلاف ہے، انتخابی نشان کا نا ملنا کسی سیاسی جماعت کو انتخابات سے نہیں روکتا، عدالت عظمیٰ پاکستان تحریک انصاف ایک سیاسی جماعت تھی اور ہے، پی ٹی آئی مخصوص نشستوں کے حصول کی حقدار ہے

پی ٹی آئی اس فیصلے کے 15 روز میں اپنے مخصوص افراد کی نشستوں کے نام کی فہرست دے، پنجاب، خیبر پختونخوا اور سندھ میں مخصوص نشستیں پی ٹی آئی کو دے دی جائیں، سنی اتحاد کونسل آئین کے مطابق مخصوص نشستیں نہیں لے سکتی، فل کورٹ کا فیصلہ

سنی اتحاد کونسل کی درخواست پر فیصلہ 8 کی اکثریت کا فیصلہ ہے، فیصلہ جسٹس منصور علی شاہ نے تحریر کیا ہے، چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ، پی ٹی آئی بحیثیت جماعت مخصوص نشستیں حاصل کرنے کی قانونی و آئینی حق دار ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی کا اختلافی نوٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سنی اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں کے کیس میں پشاور ہائی کورٹ اور الیکشن کمیشن کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کو مخصوص نشستیں دینے کا حکم دیدیا ہے جبکہ عدالت عظمیٰ نے واضح کیا ہے کہ الیکشن کمیشن کا فیصلہ آئین کے خلاف ہے، انتخابی نشان کا نا ملنا کسی سیاسی جماعت کو انتخابات سے نہیں روکتا، پاکستان تحریک انصاف ایک سیاسی جماعت تھی اور ہے، پی ٹی آئی مخصوص نشستوں کے حصول کی حقدار ہے، پی ٹی آئی اس فیصلے کے 15 روز میں اپنے مخصوص افراد کی نشستوں کے نام کی فہرست دے، پنجاب، خیبر پختونخوا اور سندھ میں مخصوص نشستیں پی ٹی آئی کو دے دی جائیں، سنی اتحاد کونسل آئین کے مطابق مخصوص نشستیں نہیں لے سکتی۔ جمعہ کو چیف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اعلی سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب میں پاکستان کا پہلا کینسر رجسٹری (ڈیٹا بینک) قائم کرنے پر اتفاق

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے پنک ربن پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، بانی ڈاکٹر عمر آفتاب کی ملاقات

بریسٹ کینسر کی تشخیص کیلئے لیڈی ہیلتھ ورکر کی ٹریننگ کا اصولی فیصلہ، فی میل سٹاف کیلئے میموگراف کے ٹیسٹ کی سہولت لازم کرنے پر بھی غور

لاہور (سمعیہ فیاض) پنجاب میں پاکستان کا پہلا کینسر رجسٹری (ڈیٹا بینک) قائم کرنے پر اتفاق ہوگیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے پنک ربن پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور بانی ڈاکٹر عمر آفتاب نے ملاقات کی جس میں پنجاب میں پاکستان کا پہلا کینسر رجسٹری (ڈیٹا بینک) قائم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

اسلام آباد، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مریم نواز سرسبز و شاداب پنجاب کیلئے پرعزم ہیں' مریم اورنگزیب

سیالکوٹ کے موضع گھگر کے میں با اثر افراد کے زیر قبضہ تقریباً 34 ایکڑ رقبہ واگزار

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز سرسبز و شاداب پنجاب کے لئے پر عزم ہیں۔ صوبائی وزیر کی ہدایت پر محکمہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

مخصوص نشستوں کی واپسی سے پی ٹی آئی کو اس کا حق واپس مل گیا' مسرت جمشید چیمہ

عدالتی فیصلے سے واضح ہوگیا الیکشن کمیشن نے کسی کی ایماء پر پی ٹی آئی کے حق پر ڈالا تھا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے سپریم کورٹ کے فیصلے کو تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مخصوص نشستوں کی واپسی کی صورت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

الیکشن کمیشن کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے، بابر اعوان

فوری نئے انتخابات کی ضرورت ہے، عمران خان آئیں گے تو استحکام آئے گا

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پاکستان تحریک انصاف بابر اعوان نے کہا ہے کہ آج ملکی تاریخ کا اہم ترین دن ہے، الیکشن کمیشن کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ سپریم کورٹ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

ملالہ یوسفزئی کا ایک بار پھر غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ

افغان لڑکیوں کے حقوق کیلئے عالمی رہنماؤں کو آگے بڑھنا ہوگا'

لندن لاہور (این این آئی) انسانی حقوق کی علمبردار اور نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی نے ایک بار پھر غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ کر دیا۔ برطانوی ٹی وی کو انٹرویو دیتے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

ایسے ریلیف اور فیصلے ملک کے حق میں نیک شگون نہیں ہوتے رانا ثناء اللہ

آئینی ترمیم کی طرف اس وقت جایا جاسکتا ہے جب پارلیمنٹ میں اتفاق رائے ہوگا، اس فیصلے سے وفاق اور تینوں صوبوں پر فرق نہیں پڑے گا

تفصیلی فیصلہ آئے گا تو اس کو پڑھ کر بات ہوگی، ایسے فیصلوں میں پنڈورا باکس کھلتا ہے تو وہ مناسب بات نہیں ہوتا کیا ہے آنے والا وقت بتائے گا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اور سینئر لیگی رہنما رانا ثنا اللہ نے سپریم کورٹ کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

اسلام آباد، صدر آذربائیجان صدر آصف علی زرداری سے ملاقات کر رہے ہیں

کیس سنی اتحاد کونسل کا تھا، ریلیف تحریک فساد کو، لاڈلے کی جے ہو، عظمیٰ بخاری

مبارک ہو، ذاتی پسند، بچپن کی محبت اور کرش جیت گیا، آئین و قانون اور ادارے سب کا کیا ہے؟

سارا ملک ان دہشتگردوں کی ڈکٹیشن اور فساد کے حوالے کر دو، اتفاقاً کیس سنی اتحاد کونسل کا تھا، ریلیف تحریک "فساد" کو، ہیرے جناب ہیرے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) صوبائی وزیر اطلاعات و رہنما مسلم لیگ ن عظمیٰ بخاری نے سنی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

اسلام آباد، آذربائیجان کا وفد وفاقی وزراء عبدالعلیم خان، مصدق ملک، اور جام کمال خان سے ملاقات کر رہا ہے

سپریم کورٹ فیصلہ، تحریک انصاف کو قومی و صوبائی اسمبلیوں کی 65 نشستیں ملنے کا امکان

فیصلے کے بعد الیکشن کمیشن کی جانب سے تقسیم کی گئی مجموعی طور پر 77 نشستیں متنازع قرار پائیں

لاہور (این این آئی) سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد تحریک انصاف کو قومی و صوبائی اسمبلیوں کی 77 متنازعہ نشستوں میں سے 65 سیٹیں ملنے کے امکانات روشن ہوگئے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد الیکشن کمیشن کی جانب سے تقسیم کی گئی مجموعی طور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

کراچی، تحریک طالبان پاکستان حافظ گل بہادر گروپ کے 2 دہشتگرد گرفتار

سی ٹی ڈی نے جنجال گوٹھ میں کارروائی کر کے ابوذر اور یعقوب مسعود کو گرفتار کیا جن کا تعلق وزیرستان سے ہے

کراچی (این این آئی) سی ٹی ڈی نے تحریک طالبان پاکستان حافظ گل بہادر گروپ کے 2 دہشتگرد گرفتار کر لئے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق اینٹی ٹیرارزم فنانسنگ یونٹ سی ٹی ڈی نے جنجال گوٹھ میں کارروائی کر کے ابوذر اور یعقوب باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28



اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے منسٹر کونصلر چینی ایمبیسی ملاقات کر رہے ہیں

عدت نکاح کیس: عمران خان، بشریٰ بی بی کی مرکزی اپیلوں پر سماعت (آج) تک ملتوی

اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی توہین پر نوٹس ہوجاتا ہے تو ماتحت عدالتوں کے ججز کی توہین پر نوٹس کیوں نہیں ہوتا؟ وکیل خاور مانیکا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے سابق وزیر اعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف عدت نکاح کیس پر سماعت (آج) ہفتہ تک ملتوی کردی۔ جمعہ کو عمران خان اور بشریٰ بی بی کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

الیکشن کمیشن فارم 47 سے متعلق پٹیشنز پر جلد فیصلہ دے، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن فارم 47 سے متعلق پٹیشنز پر جلد فیصلہ دے۔ مخصوص نشستوں سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلے پر اسد قیصر نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے تاریخی فیصلے پر پوری قوم مبارکباد کی مستحق ہے۔ اسد قیصر نے کہا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

عوام سرکاری ملازمین کو اپنا ہمدرد نہیں مانتی، تو خطرے کی علامت سمجھا جائے، وزیر اعلیٰ سندھ

حکومتوں کے پاس سوائے ایماندار اور ذمہ دار سرکاری ملازمین پر انحصار کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ اگر عوام سرکاری ملازمین کو اپنا ہمدرد نہیں مانتی تو اسے خطرے کی علامت سمجھا جائے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے 35 ویں سینئر مینجمنٹ کورس (گریڈ 19 کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

عدالت عظمیٰ سے اہم فیصلے جمعہ کے روز جاری ہونے کی روایت برقرار

لاہور (این این آئی) عدالت عظمیٰ سے اہم فیصلے جمعہ کے روز جاری ہونے کی روایت برقرار رہی۔ رپورٹ کے مطابق ماضی میں ایسے کئی اہم فیصلوں کی مثالیں موجود ہیں جو جمعہ کے روز جاری ہوئے۔ سابق چیف جسٹس افتخار چوہدری کی بحالی کا فیصلہ 20 جولائی 2007 بروز جمعہ سپریم کورٹ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

سردار ایاز صادق سے ہنگری کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

پارلیمانی سفارتکاری کے ذریعے دونوں ممالک کے عوام کو مزید قریب لایا جاسکتا ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ہنگری کے سفیر بیلا فیریکاس نے ملاقات کی جس میں ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں گفتگو اسپیکر قومی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

پاکستان ایک ہزار زرعی گریجویٹ کو اعلیٰ تعلیم کے لیے چین بھیجے گا، رانا تنویر حسین

طالب علموں کو جدید زرعی طریقوں اور تکنیکی مہارتوں سے آراستہ کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار و غذائی تحفظ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ہزار زرعی گریجویٹ کو اعلیٰ تعلیم اور تربیت کے لیے چین بھیجے گا، تربیت زراعت اور خوراک کی حفاظت میں مخصوص مہارتوں کا احاطہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

نئے انتخابات کی ضرورت ہے، عمران خان آئیں گے تو استحکام آئے گا، بابر اعوان

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بابر اعوان نے کہا ہے کہ آج ملکی تاریخ کا اہم ترین دن ہے۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ عوام کی نظریں سپریم کورٹ کی جانب لگی ہیں، الیکشن کمیشن کے خلاف کارروائی ہونی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے رات گئے جی سکس میں مرکزی اثنا عشری امام بارگاہ کا دورہ کر رہے ہیں

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا رات گئے جی سکس میں مرکزی اثنا عشری امام بارگاہ کا دورہ، روٹ کا معائنہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے رات گئے جی سکس میں مرکزی اثنا عشری امام بارگاہ کا دورہ کیا، مجلس اور جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مجالس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

سینٹ، صدارتی انتخابات دوبارہ کروائے جائیں' زعیم قادری کا سپریم کورٹ سے مطالبہ

سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم، پاکستانی سیاست پر دوررس نتائج مرتب ہوں گے فاؤنڈر ممبر عوام پاکستان پارٹی

لاہور (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی کے فاؤنڈر ممبر زعیم قادری نے کہا ہے کہ عوام پاکستان پارٹی سپریم کورٹ آف پاکستان کے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتی ہے، اس فیصلے کے پاکستانی سیاست پر دوررس نتائج مرتب ہوں گے۔ انہوں نے اپنے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

کشمیری حریت رہنما یاسین ملک کو سزائے موت دینے کی درخواست دائر

یاسین ملک مئی 2022ء سے تہاڑ جیل میں عمر قید کی سزا کاٹ رہے ہیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی تحقیقاتی ایجنسی نے کشمیری حریت رہنما یاسین ملک کو سزائے موت دینے کی درخواست دائر کردی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دلی ہائی کورٹ کے جج امیت شرما نے خود کو مقدمے سے الگ کر لیا، یاسین ملک کو سزائے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

سپریم کورٹ فیصلہ، پی ٹی آئی کو پنجاب میں مزید 27 نشستیں ملنے کا امکان

عدالتی فیصلے کے بعد پی ٹی آئی کو پنجاب اسمبلی میں خواتین کی 24، 3 اقلیتی نشستیں مل سکتی ہیں

لاہور (این این آئی) مخصوص نشستوں سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد پنجاب میں تحریک انصاف کو مزید 27 نشستیں ملنے کا امکان ہے۔ پنجاب اسمبلی کا ایوان 371 ممبران پر مشتمل ہے جس میں 297 اراکین جنرل نشستوں پر منتخب باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

اگلے چوبیس گھنٹوں میں خیبر پختونخواہ کے متعدد علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ مزید بارشیں متوقع

لینڈ سلائیڈنگ اور ندی نالوں میں طغیانی کے خطرے کے پیش نظر این ڈی ایم نے متعلقہ محکموں کو الرٹ جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) این ڈی ایم اے کے نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این ای او سی) نے اگلے چوبیس کے دوران خیبر پختونخواہ کے متعدد اضلاع بشمول چارسدہ، چترال، لوئر اور اپر دیر، مانسہرہ، پشاور، شانگلہ اور سوات کے علاقوں میں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

کبھی نہیں کہا پی ٹی آئی سیاسی پارٹی نہیں ہے: الیکشن کمیشن

یہ ایک سیاسی پارٹی ہے اور اس کا نام بھی سیاسی پارٹیوں کی لسٹ میں شامل ہے، پی ٹی آئی کا نام الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ پر موجود ہے، الیکشن کمیشن نے کسی فیصلے کی غلط تشریح نہیں کی

الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی الیکشن کو درست قرار نہیں دیا، اس فیصلے کے خلاف پی ٹی آئی مختلف فورمز پر گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد الیکشن کمیشن کا موقف بھی سامنے آ گیا۔ الیکشن کمیشن کے ذرائع کے مطابق الیکشن باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

پنجاب کے مختلف شہروں میں مون سون کا طوفانی سپیل معمولات زندگی متاثر

لاہور میں 315 ملی میٹر بارش سے 31 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا، شہر دریا کا منظر پیش کرنے لگا، لیسکو کے 300 سے زائد فیڈرز ٹرپ

کئی علاقوں میں بارش کا پانی گھروں میں داخل، بجلی کا ترسیلی نظام بھی بری طرح متاثر رہا، پی ڈی ایم اے کا الرٹ جاری

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں مون سون کے طوفانی سپیل سے معمولات زندگی بری طرح متاثر رہے، باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

تحریک انصاف نے عوامی اسمبلی کا اجلاس (آج) بلا لیا

سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد آنے والے لائحہ عمل پر بات چیت ہوگی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے عوامی اسمبلی کا اجلاس آج (ہفتہ) بلا لیا۔ تحریک انصاف نے آج بروز ہفتہ دن گیارہ بجے پنجاب باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان بی بی پاک دامن حاضری دے رہے ہیں

یو اے ای قونصل جنرل سے ایمرٹس ایئر لائن کے نائب صدر کی ملاقات

ایمریٹس ایئرلائن میں پاکستانی مسافر بیرون ملک سفر کرتے ہیں ان کو ہر ممکن سہولیات مہیا کی جائیں، بخیت عتیق الرومیتی

کراچی (این این آئی) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیتی نے ایمرٹس ایئرلائن کے نائب صدر محمد باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

ملک میں افراتفری پھیلانے کے لیے سازشیں کی جارہی ہیں، ثروت اعجاز قادری

فلور مل کی ہڑتال کی وجہ سے ملک میں آٹے کے بحران سے غریب دو وقت کی روٹی کو بھی ترس جائے گا

ننکانہ صاحب (این این آئی) حکمرانوں کے غلط غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک کے حالات بد سے بدتر ہوتے جارہے ہیں۔ سیاسی و مذہبی جماعتوں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

اسلام آباد، وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ سے صدر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

ڈی آئی جی آپریشنز کے احکامات کی روشنی میں منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ

سٹی ڈویژن پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز کے احکامات کی روشنی میں منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ سٹی ڈویژن پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن بھاٹی گیٹ پولیس کا خفیہ اطلاع پر منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن گاڑی میں سوار خاندانی پیشہ ور دو خواتین سمیت چار منشیات فروش گرفتار ملزمان کا گرفتاری سے بچنے کے لیے بھاٹی گیٹ پولیس کو بھاری رقم بطور رشوت کی پیشکش ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں مالیت کی 8 کلو چرس اور ایک کلاشنکوف برآمد شاتر ملزمان پولیس کی پکڑ سے بچنے کے لیے گاڑی اور خواتین کا استعمال کرتے ملزمان لاہور کے مختلف مقامات پر منشیات کی سپلائی کرتے گرفتار ملزمان میں آصف عرف آصو، محمود عرف جوا، رضیہ اور بشریٰ بی بی شامل دوران تلاشی ملزمان کی گاڑی میں سے کلاشنکوف اور گولیاں برآمد ملزمان کے زیر استعمال گاڑی کو پولیس تحویل میں لیا گیا مقدمات درج، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ایس ایچ او بھاٹی گیٹ زین عباس اور پولیس کی ٹیم کو شاباش تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام دینے کا اعلان۔

گریڈنگ کلیرنس کیلئے واسا، ایم سی ایل کا عملہ مسلسل چیکنگ کرے، زید بن مقصود

نکاسی آب کیلئے تمام مشینری فعال اور ڈسپوزل سٹیشنز پر بیک اپ کو یقینی رکھا جائے

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے لاہور میں بارش کے باعث ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ گریڈنگ کلیرنس کے لیے واسا، ایم سی ایل کا عملہ مسلسل چیکنگ کرے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ نکاسی آب کیلئے تمام مشینری فعال اور ڈسپوزل سٹیشنز پر بیک اپ کو یقینی رکھا جائے۔ تمام ایمرجنسی کیمپس پر ایل ڈبلیو ایم سی کے اہلکار موجود ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ نشیبی علاقوں اور مین روڈز سے منسلک ایریا میں ایمرجنسی ٹیمیں موجود رہیں۔ انڈر پاسز کو چیک اور نکاسی آب آپریشن نگرانی اے سیز کرینگے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ واسا، ایل ڈی اے، ایم سی ایل، سی بی ڈی کی خصوصی ٹیمیں اپنے اپنے ایریاز میں متحرک رہیں۔ انڈر پاسز میں نکاسی آب کیلئے مشینری فعال رکھی جائے۔ نشیبی علاقوں اور سورنگ پوائنٹس پر ایمرجنسی ٹیمیں ردعمل دینے کیلئے تیار رہیں۔ تمام ڈسپوزل سٹیشنز کو پوری گنجائش سے فعال رکھا جائے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ اے سیز اپنی تحصیلوں سے نکاسی آب کے ذمہ دار ہیں۔

ایس ایچ او سندر کی بڑی کارروائی نوسرباز معصوم شہریوں کو لوٹنے والا جعلی ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے گرفتار

لاہور (فرید بابر) ایس ایچ او سندر کی بڑی کارروائی نوسرباز معصوم شہریوں کو لوٹنے والا جعلی ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے گرفتار ایس ایچ او عاطف ذوالفقار کے مطابق ملزم ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے بن کر لوگوں کو ایف آئی اے میں بھرتی کرانے کے پیسے لیتا تھا پولیس نے خفیہ انفارمیشن پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ریکارڈ چیک کرنے پر پتا چلا کہ ملزم محمد جاوید ڈپٹی ڈائریکٹر نہیں ہے۔ ملزم محمد جاوید قصور کا رہائشی اور ملزم اپنے علاقہ میں بھی اپنا تعارف بطور ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے کراتا تھا انویسٹی گیشن کے دوران، ملزم کا اعتراف کرلیا جبکہ اب تک ملزم ڈپٹی ڈائریکٹر بن کر شہریوں سے کروڑوں روپے بٹور چکا ملزم لوگوں سے لوٹی ہوئی رقم سے بڑی گاڑیاں رینٹ پہ لیتا اور اگلے شکار کی تلاش میں نکل پڑتا تھا ایس ایچ او عاطف ذوالفقار نے بتایا کہ ملزم کا ریکارڈ چیک کرنے پہ پتہ چلا کہ ملزم کے خلاف لاہور ٹاؤن شپ، نواں کوٹ کے علاوہ اوکاڑا، سرگودہ، چونیاں میں کروڑوں روپے بٹورنے کی ایف آئی آر درج ہیں، جن میں ملزم عرصہ دراز سے اشتہاری ہے ملزم کیخلاف مقدمہ درج، کی کہ مزید انویسٹیگیشن کے لئے انویسٹی گیشن کے حوالے کر دیا۔ دوسری جانب ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں نے ایس ایچ او سندر عاطف ذوالفقار اور پولیس ٹیم کو شاباش، دیتے ہوئے تعریفی اسناد دینے کا اعلان

وزیر بلدیات ذیشان رفیق مختلف علاقوں میں بارانی پانی کے نکاس کے آپریشن کا جائزہ لے رہے ہیں، کمشنر لاہور اور ایم ڈی واسا بھی ساتھ ہیں

وزیر اعلیٰ ہدایات، وزیر بلدیات ذیشان رفیق کا لاہور کے مختلف علاقوں کا دورہ

کمشنر لاہور و ایم ڈی واسا کے ہمراہ طوفانی بارش کے بعد نکاسی آب کی کارروائیوں کا جائزہ لیا

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے لاہور کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے طوفانی بارش کے بعد نکاسی آب کی کارروائیوں کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود اور ایم ڈی واسا غفران احمد بھی صوبائی وزیر کے ساتھ تھے۔ صوبائی وزیر پہلے مرحلے میں لکشمی چوک اور عابد مارکیٹ گئے جہاں انہوں نے واسا حکام کو جلد از جلد پانی کے نکاس کی ہدایت کی۔ بعدازاں وزیر بلدیات نے تاجپورہ سکیم کا دورہ کیا جہاں انہیں ایم ڈی واسا نے بتایا کہ اس علاقے میں بارش کا 30 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا ہے۔ ذیشان رفیق نے ہدایت کی کہ تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے پانی کلیئر کیا جائے۔ صوبائی وزیر نے قذافی سٹیڈیم کے قریب بھی پانی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لاہور میں آج ریکارڈ بارش ہوئی۔ وزیر اعلیٰ کی زیر نگرانی واسا اور ایم سی ایل کی ٹیمیں مسلسل متحرک ہیں۔ لکشمی چوک کو نصف گھنٹے کے اندر کلیئر کر دیا گیا جبکہ عابد مارکیٹ کا علاقہ بھی جلد صاف کر لیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور کے بیشتر علاقوں میں 316 ایم ایم بارش ہوئی لیکن بارش کے ساتھ ہی نکاسی کا کام بھی شروع کر دیا گیا۔ عوام کی مشکلات کا احساس ہے۔ کمشنر اور ایم ڈی واسا مسلسل فیلڈ میں ہیں۔

کمشنر لاہور زید بن مقصود کی شہریوں سے اپیل

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ والدین بچوں کو کھلے جمع بارشی پانی میں نہ نہانے دیں۔ کوئی بجلی کی تار پانی میں گر سکتی ہے۔ کمشنر لاہور نے اپیل میں کہا کہ شہری بغیر ضرورت کے سفر نہ کریں۔ شدید بارش کی نکاسی کیلئے آپریشن جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہری بجلی کے کھمبوں پولز سے دور رہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ لیسکو کو متحرک کر دیا ہے۔ ان کی ٹیمیں گلیوں اور چوکوں میں چیکنگ کر رہی ہیں۔

مدینہ ملک شاپ

لاہور نیا پل پر مدینہ ملک شاپ کی دوسری برانچ کا شاندار افتتاح، پروپرائیٹر حاجی عبدالرشید صاحب

پاکستان اسلام کا قلعہ ہے، ہشام الٰہی ظہیر

وطن عزیز میں قرآن وسنت کا نفاذ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

لاہور (خبر نگار) جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا ہے کہ پاکستان اسلام کا قلعہ ہے وطن عزیز میں قرآن وسنت کا نفاذ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ حرمت رسول ﷺ ودفاع عقیدہ ختم نبوت ﷺ وعظمت صحابہؓ اسلامی شعائر اللہ کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا۔ محرم الحرام میں امن وامان قائم رکھنا ہے تو صحابہ کرامؓ مقدس ہستیوں کے تقدس کو یقینی بنانا ہوگا۔ سینٹ، قومی اسمبلی سے توہین صحابہؓ، توہین امہات المومنینؓ کا قانون پاس ہوا لیکن افسوس اس پر آج تک عمل درآمد نہیں ہو سکا۔ کارکن "فضائل صحابہؓ واہلبیتؓ" کانفرنس کی تیاریاں کے لئے کمر کس لیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی سیکرٹریٹ قرآن وسنہ اسلامک سینٹر یو ای ٹی سوسائٹی لاہور میں مختلف اضلاع کی رکنیت سازی اور نوٹیفکیشن تقریب سے خطاب اور جماعتی عمائدین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر علامہ طارق محمود یزدانی، حافظ ڈاکٹر عبدالرحمن صدیقی و دیگر کی باہمی مشاورت کے ساتھ خالد محمود راسخ (وائس چیئرمین جمعیت اہلحدیث پنجاب)، حکیم فاروق حیدر (سینئر نائب صدر جمعیت اہلحدیث پنجاب)، مولانا حافظ عون باری (سینئر نائب ناظم اعلیٰ جمعیت اہلحدیث پنجاب)، مولانا ابوبکر صدیقی (جوائنٹ سیکرٹری جنرل جمعیت اہلحدیث پنجاب)، حافظ محمد سلفی رینالہ خورد (ناظم اعلیٰ)، مولانا انور شاہ کشمیری کے پڑپوتے طاہر شاہ (صدر تحصیل سرگودھا)، مولانا اسد اللہ کاہلوں (جمعیت اہلحدیث صدر سٹی فیصل آباد)، مولانا محمود الحسن ساقی (جمعیت اہلحدیث سٹی قائم مقام ناظم اعلیٰ فیصل آباد) جبکہ جمعیت اہلحدیث ضلع حافظ آباد میں حافظ ظہور الٰہی (چیئرمین)، مولانا انعام الرحمن رانجھا (جنرل سیکرٹری)، مولانا سیف اللہ موہل (صدر)، حافظ محمد عبداللہ (چیف آرگنائزر)، مولانا خلیل الرحمن (ناظم تبلیغ)، ماسٹر اصغر (ناظم مالیات)، اہلحدیث یوتھ فورس ضلع حافظ آباد قاری مبشر اقبال (صدر)، حافظ حبیب الرحمن کھرل (جنرل سیکرٹری)، حافظ احمد (سیکیورٹی انچارج)، رائے ارشد کھرل (رابطہ سیکرٹری)، حافظ شعیب احمد راسدی (صدر تحصیل حافظ آباد اہلحدیث یوتھ فورس) سردار مختار احمد ڈوگر (قصور) کی کابینہ کا اعلان کرتے ہوئے ان کی رکنیت سازی سمیت باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔

جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر علامہ ہشام الٰہی ظہیر رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں جماعتی عمائدین کو نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے ان کے ہمراہ علامہ طارق محمود یزدانی، مولانا نعیم الرحمٰن شیخوپوری، شیخ فیاض بھی موجود

ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید سے چیف نیوٹریشن یونیسیف انتینا منہاس کی سربراہی میں وفد نے پنجاب فوڈ اتھارٹی ہیڈکوارٹر دورہ کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں جبکہ دوسری ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے ہمراہ وفد کا گروپ فوٹو

بچوں اور خواتین کی صحت کیلئے یونیسف پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ساتھ، چیف نیوٹریشن یونیسیف انتینا منہاس کی سربراہی میں وفد کا فوڈ اتھارٹی ہیڈکوارٹر کا دورہ

یونیسیف نیوٹریشن وفد کی ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید سے تفصیلی ملاقات، بچوں خواتین کی اچھی صحت کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے جاری پروگرامز میں یونیسیف مکمل مدد فراہم کرے گا، چیف نیوٹریشن یونیسیف

یونیسیف، فوڈ اتھارٹی، سکول ایجوکیشن، محکمہ صحت کے ممبران پر مشتمل فوڈ نیوٹریشن ٹاسک فورس بنائی جائے گی، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

لاہور (خبر نگار) بچوں اور خواتین کی صحت کے لیے یونیسف پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ساتھ ہے۔ چیف نیوٹریشن یونیسیف انتینا منہاس کی سربراہی میں وفد نے پنجاب فوڈ اتھارٹی ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا جس میں ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید سے تفصیلی ملاقات بھی کی گئی۔ عاصم جاوید نے بریفنگ کے دوران کہا کہ بچوں کے کھانے کی عادات اور خوراک کا چناؤ بہت بدل گیا ہے، آج کا بچہ کھیل کے میدان سے انجان، جنک فوڈ کا شوقین، پھلوں میووں کو کھانے سے دور ہیں، خواتین میں موٹاپہ، ذیابیطس، خون کی کمی جیسے مسائل خطرناک حد تک بڑھ رہے ہیں، ان کا مزید کہنا تھا کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے بچوں اور خواتین کی صحت کے لیے جاری کمپینز کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے، جو لوگ مہنگی اشیاء خورونوش خریدنے کے متحمل نہیں ان کے لیے آسان اور سستے ڈائیٹ پلان متعارف کروا رہے ہیں، قوت خرید رکھنے والوں کے لیے جنک اور فاسٹ فوڈ سے پاک فوڈ پلان ترتیب دیے جا رہے ہیں، پنجاب فوڈ اتھارٹی پر سوسائٹی کے ہر طبقے کے لوگوں کی اچھی صحت کے لیے کام کر رہی ہے، اشیاء خورونوش کی فورٹیفکیشن (ضروری وٹامنز، منرل کا شامل ہونا) انتہائی لازم ہے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے چیف نیوٹریشن یونیسیف کو بتایا کہ یونیسیف، فوڈ اتھارٹی، سکول ایجوکیشن، محکمہ صحت کے ممبران پر مشتمل فوڈ نیوٹریشن ٹاسک فورس بنائی جائے گی، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق عوام کو غذائیت سے بھرپور خوراک کی آگاہی دی جا رہی ہے۔ چیف نیوٹریشن یونیسیف انتینا منہاس پنجاب فوڈ اتھارٹی کے بچوں اور خواتین کے لیے نیوٹریشن پروگرامز قابل تحسین ہیں، پنجاب فوڈ اتھارٹی پاکستان بھر کی فوڈ اتھارٹیز کے لیے مثالی نمونہ ہے، فوڈ نیوٹریشن کے حوالے سے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے اقدامات دیکھ کر خوشی ہوئی، انہوں نے مزید کہا کہ یونیسف نیوٹریشن پروگرامز میں اشتراک کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی سے ایم او یو (MOU) بھی کرے گی جس کا مقصد تندرست اور صحت مند زندگی کے حصول کے لیے ہمیں آنے والی نسلوں کو فوڈ نیوٹریشن کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہوگا۔

محرم الحرام میں پکوان سنٹرز کو سپلائی کے لیے رکھا بدبودار ایکسپائر گوشت پکڑا گیا

فوڈ سیفٹی ٹیموں کا بکر منڈی میں میٹ گودام پر چھاپہ، 1200 کلو ناقص بدبودار گوشت تلف، مقدمہ درج

لاہور (خبر نگار) محرم الحرام میں پکوان سنٹرز کو سپلائی کے لیے رکھا بدبودار ایکسپائر گوشت پکڑا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کی ہدایت پر مضر صحت گوشت کا مکروہ دھندہ کرنے والوں کیخلاف آپریشن کیا گیا فوڈ سیفٹی ٹیموں نے بکر منڈی میں میٹ گودام پر چھاپہ مارتے ہوئے 1200 کلو ناقص بدبودار گوشت تلف کر دیا اور مالکان کے خلاف مقدمہ بھی درج کروا دیا گیا۔ جاری تفصیلات کے مطابق پکی پکائی دیگیں فروخت کرنے والے پکوان سنٹرز اور ریسٹورنٹس کو سپلائی کیے جانے والا ناقص گوشت تلف کر دیا گیا۔ ٹوٹے، گندے بدبودار فریزر میں ایکسپائر گوشت رکھا پایا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے کہا کہ صفائی کے ناقص انتظامات، حشرات کی بھرمار اور انتہائی لازم ریکارڈ عدم موجود پائی گئیں۔ رہائشی علاقے میں گھر میں بنے گودام سے غیر معیاری ناقص بدبودار گوشت برآمد پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ناقص گوشت کا خوراک میں استعمال انسانی صحت کے لیے انتہائی مضر ہے، خوراک کا کاروبار کرنے والے پنجاب فوڈ اتھارٹی قوانین پر عملدرآمد یقینی بنائیں، وزیر اعلیٰ پنجاب کے حکم پر ملاوٹ مافیا کے خاتمے کے لیے سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائے گی۔

تھانہ بادامی باغ کی حدود میں 10 سالہ بچی سے زیادتی

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ بادامی باغ کی حدود میں 10 سالہ بچی سے زیادتی، تفصیلات کے مطابق تھانہ بادامی باغ کے علاقے میں 10 سالہ بچی دعا کے ساتھ نوید نامی درندے نے مسجد کے واش روم میں زیادتی کی والدہ کی مدعیت میں 376(iii) کے تحت مقدمہ درج کروا دیا گیا والدہ کا کہنا ہے کہ میری بیٹی پینے کا صاف پانی لینے فلٹر گئی بچی کو واش روم آنے پر قریبی مسجد کے واش روم میں گئی جس سے نوید عرف لال داڑھی نے فائدہ اٹھا کر میری بیٹی کے ساتھ زیادتی کی۔

سی سی پی او لاہور کی ہدایت پر افسران واہلکاروں کو تعریفی اسناد اور کیش انعامات سے نوازا گیا

ایس ایس پی ڈسپلن رانا طاہر رحمان نے بہتر کارکردگی کے حامل افسران واہلکاروں کو شاباش دی

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر افسران واہلکاروں کو تعریفی اسناد اور کیش انعامات سے نوازا گیا۔ کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ تقریب میں ایس ایس پی ڈسپلن رانا طاہر رحمان نے شہریوں کو خدمات کی فراہمی میں نمایاں کردار ادا کرنے والے سب انسپکٹر غلام نبی، اسسٹنٹ نوید رضا، اے ایس آئی سہیل، ہیڈ کانسٹیبل عرفان احمد، کانسٹیبل حماد انجم، سینئر کلرک احسن رضا، نائب قاصد محمد علی، سمیت 44 افسران واہلکاروں کو تعریفی اسناد سے نوازا۔ ایس ایس پی ڈسپلن رانا طاہر رحمان نے بہتر کارکردگی کے حامل افسران واہلکاروں کو شاباش دی اور آئندہ بھی محنت سے کام کرنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ بہتر کارکردگی کے حامل افسران واہلکار عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے لائیں۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ بہتر کارکردگی کے حامل افسران واہلکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے ہر سطح پر اقدامات جاری رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پذیرائی کا مقصد پولیس ملازمین کی مزید بہتر کارکردگی کیلئے حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اچھی کارکردگی کا تمکنانہ اعتراف صحت مند مقابلے کے رجحان کو فروغ دینے کا سبب بنتا ہے۔

لاہور میں انسداد تشدد جانوراں ایکٹ 1890ء کے تحت ایک اور مقدمہ درج

ملزم کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ متاثرہ کتوں کو این جی او کے حوالے کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں انسداد تشدد جانوراں ایکٹ 1890ء کے تحت ایک اور مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تھانہ چوہنگ میں کتوں پر تشدد کرنے والے شہری پر مقدمہ انچارج اینیمل ریسکیو سنٹر لیڈی وارڈن عروسہ حسین کی مدعیت میں شہری کی شکایت پر درج کیا گیا۔ رانا ابرار نامی ملزم کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ متاثرہ کتوں کو این جی او کے حوالے کر دیا گیا۔ سی ٹی او لاہور کی انچارج سینٹر عروسہ حسین، ہیڈ آف آپریشنز سینٹر ذوفیشان انوشے کو شاباش۔ عمارہ اطہر نے کہا کہ بے زبانوں پر ظلم وتشدد کسی صورت برداشت نہیں، پولیس اینمل ریسکیو سینٹر کے قیام کا مقصد بے زبان خلق خدا کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ آئی جی پنجاب کی ہدایت پر گزشتہ سال لاہور میں پہلا پولیس اینیمل ریسکیو سنٹر قائم کیا گیا تھا، ریسکیو سینٹر جانوروں کی ویلفیئر کے لیے کام کرنیوالی این جی او کی معاونت سے قائم کیا گیا تھا، اب تک مجموعی طور پر انسداد تشدد جانوراں ایکٹ 1890 کے تحت 06 مقدمات کا اندراج کیا جاچکا ہے۔ پولیس اینمل ریسکیو سینٹر میں سینکڑوں بے زبانوں کی زندگیوں کو بچایا گیا ہے۔

سی ٹی او لاہور بارش میں مسلسل متحرک، شہر کے مسلسل دورے

ٹریفک وارڈنز اور واسا انتظامیہ مون سون میں بہترین فرائض سرانجام دے رہی ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر بارش میں مسلسل متحرک بارش میں شہر کے مسلسل دورے کیے کینال روڈ، علامہ اقبال روڈ، مزنگ، لاری اڈا، دسمبر مارکیٹ، ملتان روڈ اک موریہ پل، سرکلر روڈ، بادامی باغ کا وزٹ کیا، واسا انتظامیہ کے مختلف کیمپس کا وزٹ بھی کیا، ٹریفک وارڈنز اور واسا انتظامیہ مون سون میں بہترین فرائض سرانجام دے رہی ہے، وارڈنز موسمی حالات کی پرواہ کیے بغیر ٹریفک کو رواں دواں رکھے ہوئے ہیں، کانسٹیبل سے لیکر سینئر افسران تک سڑکوں پر شہریوں کی مدد، راہنمائی کے لئے موجود ہیں شہری مدد اور راہنمائی کے لئے ہیلپ لائن 15 پر کال کر سکتے ہیں، تمام ٹریفک ریسپانس یونٹ کو بھی نشیبی علاقوں میں تعینات کر دیا گیا۔

کوٹ لکھپت ایس ایچ او کا بھائی 3 روز قبل، اینٹی کرپشن نے گرفتار کرلیا

سرکاری کام میں مداخلت کرنے والے ایس ایچ او عدنان اشرف کے خلاف قانونی کارروائی



لاہور (فرید بابر) کوٹ لکھپت ایس ایچ او کا بھائی 3 روز قبل۔ اینٹی کرپشن نے گرفتار کرلیا جبکہ بلڈنگ انسپکٹر نعمان اشرف ایس ایچ او کوٹ لکھپت عدنان اشرف کا بھائی ہے ایس ایچ او عدنان اشرف نے مبینہ طور پر بھائی کو بچانے کے لئے اینٹی کرپشن افسر کو 15 لاکھ کی رشوت دینے کی پیشکش کی پیشکش قبول نہ کرنے پر سی او اینٹی کرپشن کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے دفتر سے باہر نکل گیا بلڈنگ انسپکٹر داتا گنج بخش ٹاؤن نعمان اشرف نے شہری سے نقشہ بنانے کی مد میں رقم وصول کی تھی اور نقشہ بھی نہ بنوایا نقشہ بنوانے کے لئے مزید 75 ہزار کا مطالبہ کر رہا تھا جس پر اینٹی کرپشن نے کارروائی کرتے ملزم نعمان اشرف کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا تھا ڈی آئی جی آپریشن لاہور فیصل کامران کو واقعہ کی انکوائری کرواتے اینٹی کرپشن کے سرکاری کام میں مداخلت کرنے والے ایس ایچ او عدنان اشرف کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی چاہیے۔

تھانہ گلبرگ پولیس کی کارروائی، 2 سگے بھائیوں پر قاتلانہ حملہ کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ گلبرگ پولیس کی کارروائی، 2 سگے بھائیوں پر قاتلانہ حملہ کرنے والا ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ملزم سلیم مکہ کالونی گلی نمبر 11 میں پھل کی ریڑھی لگاتا تھا جس کا گزشتہ رات اپنے محلے میں ملک شاپ کے مالک سے جھگڑا ہوا، ملزم نے چھریوں کے وار کر کے عارف اشرف اور اس کے بھائی عاطف اشرف کو زخمی کر دیا جنہیں طبی امداد کے لیے فوری ہسپتال داخل کرایا گیا زخمی ہونے والے دونوں بھائی ہسپتال میں زیر علاج ہیں، ڈاکٹر کے مطابق دونوں کی حالت تسلی بخش ہے اس واقعہ میں ملوث ملزم کو تفتیش کیلئے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کی بروقت کارروائی پر ایس ایچ او گلبرگ، پولیس ٹیم کو شاباش۔

حسین بخش جوکیو کے سسر کے انتقال پر دعا

سینئر نائب صدر سندھ غلام باری لیبر ونگ، کراچی ڈویژن جنرل سیکرٹری محبوب الٰہی لیبر ونگ و دیگر موجود ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) صوبہ سندھ کے صدر مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ عبدالرحیم اعوان کی پورٹ قاسم ورکر لیگ صدر حسین بخش جوکیو کے سسر کے انتقال پر سندھ اور کراچی کے وفد کے ساتھ دعا کی اس موقع پر، سینئر نائب صدر سندھ غلام باری لیبر ونگ، کراچی ڈویژن جنرل سیکرٹری محبوب الٰہی لیبر ونگ، سینئر نائب صدر ڈسٹرکٹ ایسٹ سید حسان منور رضا، مائنورٹی ونگ ضلع کورنگی صدر انیل گوری، کے ساتھ ساتھ پورٹ قاسم یونین کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔ انفارمیشن سیکرٹری سندھ لیبر ونگ مسلم لیگ (ن) آصف خان

کمشنر لاہور زید بن مقصود نے نکاسی آب آپریشن کا جائزہ لینے کیلئے شہر کا دورہ کیا

پہلے مرحلے میں تمام مین روڈز اور محرم جلوس روٹس کلیر کرائے جا رہے ہیں، زید بن مقصود

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے نکاسی آب آپریشن کا جائزہ لینے کے لیے شہر کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود کینال انڈر پاسز، فیروز پور روڈ، لبرٹی، لکشمی چوک، غالب روڈ، عابد مارکیٹ، جیل روڈ، شمع قرطبہ چوک، ہربنس پورہ و دیگر علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ موسلا دھار تیز بارش جاری ہے۔ 175 ایم ایم بارش ریکارڈ ہو چکی ہے۔ شہر کے اکثر علاقوں میں اوسطاً 90 ایم ایم بارش ہو چکی ہے۔ ٹیمیں فیلڈ میں پوری استعداد سے کام کر رہی ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ نکاسی آب کیلئے تمام علاقوں پر یکساں فوکس ہے۔ اکثر جگہ سے نکاسی آب ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں تمام روڈز اور محرم جلوس روٹس کلیر کرائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام انتظامیہ فیلڈ میں موجود ہے۔ بارش کے دوران نکاسی آب کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ تمام سورنگ پوائنٹس، جمع بارشی پانی نکاسی کیلئے ضروری مشینری مکمل صلاحیت سے کام کر رہی ہے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ واسا کی ایمرجنسی ریسپانس کیمپس اور فیلڈ سٹاف نکاسی آب کیلئے شہر میں متحرک ہے۔ کمشنر لاہور نے واسا سکرز مشینز اور ڈی واٹرنگ سیٹس سے نکاسی آب آپریشن کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور کی فیلڈ میں کام کرنے والی مشینری کے جنریٹرز کو نکاسی آب مکمل ہونے تک مکمل فعال رکھنے کی ہدایت کی۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ سورنگ پوائنٹس و نشیبی علاقوں پر مکمل فوکس ہے۔ افسران فیلڈ میں مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔

سٹریٹ کرائم میں ملوث نجی کوریئر کمپنی کے 03 ملازم گرفتار

سٹریٹ کرائم میں ملوث گینگز کے گرد گھیرا تنگ، ایس پی صدر

ملزمان کے قبضہ سے چوری کے موبائل فون، تین پسٹل 30 بور اور درجنوں گولیاں برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں کی ہدایت پر سٹریٹ کرائم میں ملوث گینگز کے گرد گھیرا تنگ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ ٹاؤن کی پولیس ٹیم کے ہمراہ انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی تھانہ مصطفیٰ ٹاؤن کے علاقہ میں چوری اور سٹریٹ کرائم میں ملوث نجی کوریئر کمپنی کے 03 ملازم کو گرفتار کر لیا ملزمان ناکہ لگا کر گن پوائنٹ پر وارداتیں کرتے تھے، ملزمان کے قبضہ سے چوری کے موبائل فون، 1 لاکھ نقدی 02 موٹر سائیکل، تین پسٹل 30 بور اور درجنوں گولیاں برآمد کی گئی ہیں ملزمان کا شہر میں ہونے والی متعدد وارداتوں میں شامل ہونے کا انکشاف کیا ہے ملزمان میں شہزاد، بلال انس اور طلحہ شامل مقدمات درج مزید تفتیش کے لیے حوالہ انویسٹیگیشن میں کر دیا گیا ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں کی ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ ٹاؤن اور پولیس ٹیم کو کامیاب کارروائی کرنے پر شاباش دی سٹریٹ کرائم کو کنٹرول کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے، ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں

ستوکتلہ کے علاقہ میں ڈکیتی مزاحمت پر فارمیسی کا سیکیورٹی گارڈ قتل ہوگیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ستوکتلہ کے علاقہ میں ڈکیتی مزاحمت پر فارمیسی کا سیکیورٹی گارڈ قتل ہوگیا پولیس نے لاش کو پوسٹمارٹم کیلئے بھجوا کر تفتیش شروع کردی۔ ستوکتلہ پولیس کے مطابق فارمیسی میں تین ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر واردات کرنے لگے اس دوران مزاحمت کرنے پر ڈاکوؤں نے سیکیورٹی گارڈ رمضان پر فائرنگ کر دی جس سے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے گارڈ رمضان موقع پر جاں بحق ہوگیا ڈاکو لوٹ مار کرتے تین لاکھ نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے پولیس نے لاش پوسٹ مارٹم کے لئے منتقل کر کے کارروائی شروع کردی۔

ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب کے احکامات پر صوبہ بھر کے ڈرائیونگ سکولز میں ڈرائیونگ کی تربیت کا عمل تیزی سے جاری

ڈرائیونگ سکول میں روزانہ کی بنیاد پر ٹریفک قوانین سے آگاہی کے ساتھ روڈ پر یکٹیکل ٹریننگ کروائی جاتی ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کے احکامات پر صوبہ بھر کے ڈرائیونگ سکولز میں ڈرائیونگ کی تربیت کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق صوبہ بھر میں ٹریفک پولیس مرد، خواتین اور ٹرانسجینڈرز کو ڈرائیونگ کی تربیت دے رہی ہے، ڈرائیونگ سکول میں روزانہ کی بنیاد پر ٹریفک قوانین سے آگاہی کے ساتھ روڈ پر یکٹیکل ٹریننگ کروائی جاتی ہے۔ ٹریفک پولیس کے ڈرائیونگ سکولز میں موٹر سائیکل، کار، ایل ٹی وی اور رکشہ کی تربیت بھی دی جاتی ہے۔ ترجمان کے مطابق صوبہ بھر میں ٹریفک پولیس کے ڈرائیونگ سکول کی تعداد کو 26 سے بڑھا کر 122 کر دیا گیا ہے، ایک سال کے دورانیے میں پنجاب بھر میں 96 مزید ڈرائیونگ سکول بنائے گئے ہیں۔ رواں سال ڈرائیونگ سکول سے 28 ہزار سے زائد شہریوں نے ڈرائیونگ تربیت حاصل کی۔ ڈرائیونگ تربیت حاصل کرنے والوں میں 20 ہزار 200 سے زائد مرد حضرات شامل ہیں۔ 7 ہزار 300 سو سے زائد خواتین ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کر چکی ہے۔ 160 سے زائد ٹرانس جینڈر بھی مفت ڈرائیونگ تربیت حاصل کر چکے ہیں۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق رواں سال 114 موٹر سائیکل/کار اور 21 ایل ٹی وی کے ڈرائیونگ تربیتی کورس چلائے گئے۔ اس حوالے سے ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ نے کہا کہ ڈرائیونگ سکول کے دائرہ کار کو صوبہ بھر میں مزید بڑھایا جا رہا ہے، ڈرائیونگ سکول کے قیام کا مقصد حادثات میں کمی لانا ہے۔ ڈرائیونگ سکول سے تربیت حاصل کرنے والے افراد کو اندرون ملک اور بیرون ملک روزگار کی مواقع بھی حاصل ہوتے ہیں، ٹریفک پولیس کے ڈرائیونگ سکول سے تربیت حاصل کرنے والوں کو سرٹیفکیٹ بھی دیا جاتا ہے۔

2 سگے بھائیوں پر قاتلانہ حملہ کرنے والا ملزم پولیس کی حراست میں

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

سیدنا ابوبکر صدیقؓ کا دور خلافت مسلم حکمرانوں کیلئے مشعل راہ، پیر سلطان فیاض

جامع مسجد البرہان شہباز ٹاؤن میں دس روزہ محافل شان صحابہ و اہلبیت سے خطاب

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) جامع مسجد البرہان شہباز ٹاؤن میں دس روزہ محافل شان صحابہ و اہلبیت سے خطاب کرتے ہوئے پیر سلطان فیاض الحسن نے کہا کہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا دور خلافت مسلمان حکمرانوں کیلئے مشعل راہ ہے۔ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں اسلام کا نظام عدل و انصاف پوری شان و شوکت سے نافذ ہوا۔ آپ رضی اللہ تعالی عنہ کی چار نسلوں کو صحابی رسول ہونے کا شرف حاصل ہے۔ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ فنا فی الرسول کے مقام پر فائز تھے۔ آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے آنحضرت کی زبان مبارک سے متعدد بار جنت کی بشارت پائی۔ آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے اپنی خلافت کے دوران جھوٹے مدعیان نبوت، منکرین زکو اور مرتدین کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ اولین مجاہد ختم نبوت تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ کے قول و فعل نے ختم نبوت کے عقیدے کو تقویت و تازگی بخشی۔ خلیفہ اول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی حیات طیبہ بصیرت و ہدایت کی ایک مقدس کتاب ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ امت محمدیہ کے متقین اور صاحبان عدل و انصاف کے امام ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ اسلام کی ان برگزیدہ ہستیوں میں شمار ہوتے ہیں جن کے اعلی کردار اور بے مثال خدمات نے تاریخ کو درخشندہ بنا دیا۔ مولانا یوسف نقشبندی کہا کہ خلفائے راشدین اسوہ رسول پاک کی تصویر اور آل رسول پاک اہل بیت ہیں۔ احکام ربانی سنت نبوی تعلیمات و فروغ اسلام کیلئے خدمات قابل تحسین اور ان کی عظمت کے چرچے تاقیامت گونجتے رہیں گے۔

عزیز کراس تا چندا قلعہ روڈ کو سگنل فری بنانے کا کام جلد شروع کیا جائے گا، کمشنر گوجرانوالہ

تمام متعلقہ محکمے محکمہ ہائی ویز کے ساتھ مکمل تعاون کریں تاکہ مل جل کر اشتراک عمل سے اس فلاحی منصوبے کو جلد از جلد پائے تکمیل تک پہنچایا جا سکے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ عزیز کراس تا چندا قلعہ جی ٹی روڈ کو پروٹیکٹڈ یوٹرن کے ذریعے سگنل فری بنانے کے لئے بہت جلد کام کا آغاز کر دیا جائے گا اس سلسلہ میں تمام متعلقہ محکمے محکمہ ہائی ویز کے ساتھ مکمل تعاون کریں تاکہ مل جل کر اشتراک عمل سے اس فلاحی منصوبے کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچایا جا سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں چندا قلعہ تا عزیز کراس تک جی ٹی روڈ کو کارپیٹڈ سگنل فری کوریڈور بنانے کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ عبدالرؤف، ایس ای ہائی ویز محمد نواز، ڈی جی پی پی ایچ اے شاہد عباس جوتہ، ایم ڈی واسا کاشان حفیظ بٹ، کنزرویٹر فاریسٹ قاضی عبدالرحیم، ڈوثرنل آفیسر این ٹی سی عثمان شہزاد، جی ایم گیپکو نوید چیمہ، اے ڈی این ایچ اے لاہور غلام عباس، اے ڈی پی ایچ اے راشد چٹھہ، محکمہ واپڈا، سوئی گیس، ٹیلی فون و دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی کمشنر نے کہا کہ حکومت پنجاب نے پہلے سے موجود اور جاری ترقیاتی منصوبوں میں ہی تبدیلی کرتے ہوئے سگنل فری کوریڈور بنانے کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت جی ٹی روڈ سے ٹریفک سگنل ختم کر کے سگنل فری کوریڈور بنایا جائے گا جس سے جی ٹی روڈ پر چلنے والی گاڑیوں کو سہولت میسر آئے گی۔ اس منصوبے کا مقصد جی ٹی روڈ سے سفر کے وقت کا دورانیہ کو کم سے کم کرنا ہے جس سے نہ صرف گوجرانوالہ بلکہ دوسرے شہروں سے بھی آنے والے مسافروں کو فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق جی ٹی روڈ پر ٹریفک کی بندش کے باعث محکمہ ہائی ویز کے زیراہتمام سگنل فری کوریڈور بنانے کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کا مقصد سگنل فری کوریڈور کی تعمیر کے ذریعے شہریوں کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ جس کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ایس ای ہائی ویز محمد نواز نے بتایا کہ جی ٹی روڈ پر روزانہ ایک لاکھ سے زائد گاڑیوں کی آمد و رفت ہوتی ہے۔ اور ٹریفک بند رہنے سے شہری جہاں مشکلات کا شکار ہوتے ہیں وہیں سموگ اور آلودگی میں بھی اضافہ ہوتا ہے انہوں نے بتایا کہ منصوبہ کی فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کرنے کے بعد منصوبے پر کام شروع کر دیا جائے گا۔ مزید برآں، 75.12 کلومیٹر کارپیٹڈ روڈ کے سگنل فری کوریڈور میں جی ٹی روڈ کی مختلف جگہوں پر 9 یوٹرن، چندا قلعہ پر ایک فلائی اوور، 10.5 کلومیٹر سروس روڈ، روڈ کے دونوں اطراف 4000 فٹ ڈرینز کی مرمت اور 19680 فٹ کی ایک نئی ڈرین کی تعمیر اور 95871 وی پی او ٹریفک کورٹ تعمیر کیے جائیں گے۔ علاوہ ازیں اس منصوبے میں جی ٹی روڈ پر ری ماڈلنگ کا کام بھی شامل ہوگا۔ اور دونوں منصوبوں کی تکمیل کے بعد جی ٹی روڈ پر ٹریفک کا رش کم ہوجائے گا۔

کمشنر گوجرانوالہ چندا قلعہ تا عزیز کراس تک جی ٹی روڈ کو کارپیٹڈ سگنل فری کوریڈور بنانے کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی کا امام بارگاہ گلستان معرفت اور جلوسوں کے روٹس کا دورہ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی کا امام بارگاہ گلستان معرفت اور جلوسوں کے روٹس کا دورہ، اس موقع پر انہوں نے سکیورٹی، صفائی ستھرائی، روٹس پر روشنی اور دیگر تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورہ کے موقع پر ممبر صوبائی اسمبلی عمر فاروق ڈار، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) شبیر حسین بٹ، سی ای او جی ڈبلیو ایم سی شاہد عباس جوتہ، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) عبدالباسط صدیقی، ایم ڈی واسا کاشان بٹ، امام بارگاہ اور جلوسوں کے منتظمین اور متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندے ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے دورہ کے موقع پر کہا کہ عاشورہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کو فول پروف سکیورٹی مہیا کی جائے اور کیٹیگری اے اور بی کے جلوسوں اور حساس مقامات پر بھی کڑی نگرانی رکھی جائے تاکہ عزاداروں کو پرامن ماحول فراہم کیا جاسکے- ڈپٹی کمشنر نے جلوس کے منتظمین سے سیکورٹی انتظامات بارے استفسار کیا اور انہیں ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی- انہوں نے کہا کہ محرم الحرام امن اور بھائی چارے کو فروغ دینے کا مہینہ ہے اور اس ماہ مقدس کے دوران کسی کو بھی انتشار پھیلانے یا نقص امن کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی- انہوں نے مزید کہا کہ دین اسلام باہمی احترام اور دوسرے مسالک کا احترام کرنے کا درس دیتا ہے اور ہمیں ایک دوسرے کے مسالک کا احترام کرنا ہوگا اور دشمن کے ناپاک عزائم کو کسی صورت بھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے- انہوں نے مزید کہا ہے کہ ہمیں ملکی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اختلافات بھلا کر متحد ہونا چاہیے اور رواداری اور بھائی چارے کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں تاکہ ملک دشمن عناصر کو ان کے عزائم میں کامیاب نہ ہونے دیا جائے۔

حافظ آباد: ضلع بھر میں نواسہ رسول حضرت سیدنا امام حسینؓ اور جانثاران کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے محافل اور مجالس کا سلسلہ

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع بھر میں نواسہ رسول حضرت سیدنا امام حسینؓ اور آپ کے جانثارانؓ کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے محافل اور مجالس کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا۔ جہاں علماء خطباء اور ذاکرین اہل بیتؓ کی بارگاہ میں عقیدت کے پھول نچھاور کرتے دکھائی دیتے ہیں۔

لاہور بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والی طالبہ کو پولیس کا خراج تحسین

سحر شکیل نے ضلع میں اول اور لاہور بورڈ طالبات گروپ میں دوسری پوزیشن حاصل کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈی پی او ننکانہ صاعد عزیز کا اہم اقدام، میٹرک امتحانات میں ضلع میں اول اور لاہور بورڈ میں طالبات کے گروپ میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والی طالبہ کو ضلعی پولیس کا خراج تحسین۔ تفصیلات کے مطابق واربرٹن کے نواحی گاؤں جسلانی کلاں کے شائننگ سٹار سکول سے میٹرک کے امتحانات دینے والی طالبہ سحر شکیل نے ضلع میں اول اور لاہور بورڈ طالبات کے گروپ میں دوسری جبکہ مجموعی طور پر لاہور بورڈ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ڈی پی او نے طالبہ سحر شکیل اور اسکے والد سے اپنے دفتر میں ملاقات کی اور سحر شکیل کو ضلع کا نام روشن کرنے پر مبارکباد دی اور نقد انعام بھی دیا۔ سحر شکیل اور اس کے والد نے ڈی پی او کے اس اقدام کو خوب سراہا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او کا کہنا تھا کہ زیر تعلیم نوجوان ملک پاکستان کے آنے والے کل کا مستقبل ہیں۔ تعلیم کے زیور سے آراستہ قومیں ترقی پسند معاشروں کی بہترین مثال ہیں۔

قرآن حکیم کی نشر و اشاعت میں سعودی عرب کا کردار قابل تحسین

ہر سال لاکھوں کی تعداد میں قرآن حکیم دنیا میں مفت تقسیم ہو رہے ہیں، الشیخ یحیی بن علی

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) قرآن حکیم کی نشر و اشاعت میں سعودی عرب کا شاندار کردار قابل تحسین ہے ہر سال لاکھوں کی تعداد میں قرآن حکیم پوری دنیا میں مفت تقسیم ہو رہے ہیں دین کی دعوت و تبلیغ میں بھی سعودی عرب کی کوشش لائق تحسین ہے اسی بات کو مدنظر رکھ کر مقابلہ حفظ قرآن کریم کا اہتمام کیا جاتا ہے ان خیالات کا اظہار سعودی سفیر کے نمائندہ خصوصی الشیخ یحیی بن علی السفیانی نے تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر جامعہ سلفیہ میں کیا انہوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان بھائی چارے کا رشتہ ہے سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ پاکستانی قوم سعودی عرب سے بہت محبت کرتی ہے خادم الحرمین شریفین ملک سلمان بن عبدالعزیز ال سعود مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی تعمیر و ترقی اور اس کی توسیع کے لیے بہترین خدمات سرانجام دے رہے ہیں اس سے قبل پرنسپل جامعہ سلفیہ چوہدری محمد یاسین ظفر نے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور بتایا کہ جامعہ سلفیہ دینی تعلیم کا عظیم مرکز ہے اس میں حفظ قرآن کریم کے مقابلے کا انعقاد ہمارے لیے باعث اعزاز کی بات ہے اس پر ہم سعودی فرمانروا سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور ولی عہد امیر محمد بن سلمان کے شکر گزار ہیں اسی طرح سعودی عرب کی وزارت امور دینیہ کے وزیر عزت ماب شیخ عبداللطیف آل شیخ کے بھی ممنوع ہیں جن کی توجیہات سے یہ ممکن ہوا پاکستان میں سعودی سفیر عزت ماب الاستاد نواف بن سعید المالکی کی ذاتی دلچسپی سے یہ مقابلہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں منعقد ہوا جس پر ان کے بھی شکر گزار ہیں دینی امور کے انچارج جناب یحیی سفیانی کی زیر نگرانی یہ مقابلے ہوئے اور وہ مہمان خصوصی کی حیثیت تشریف لائے ہیں ڈاکٹر عتیق الرحمن نے کہا کہ سعودی عرب کی دلچسپی سے قرآن حکیم کی اشاعت اور تقسیم کا سلسلہ جاری ہے جس پر ہم شکر گزار ہیں انہوں نے مزید کہا کہ دنیا میں بڑھتی ہوئی بے چینی اور بے راہ روی کا واحد علاج اسلامی اخلاقیات کو اپنانے میں ہے آج مسلمان اسلام کے سنہری اصولوں کو بھول چکے ہیں جس کی وجہ سے در در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں ضرورت اس امر کیا کہ ہم قرآن حکیم کو دستور مان کر اس پر عمل کریں آخر میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کے درمیان معزز مہمانوں نے انعامات تقسیم کیے۔ تقریب تقسیم انعامات میں حاجی محمد ارشد پاشا، حاجی محمد عباس بھلا، حکیم عزیز الرحمن، میاں محمد ایوب صابر نے خصوصی طور پر شرکت کی اور اپنے دست مبارک سے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے۔

جماعت اہل سنت پاکستان کے زیراہتمام بابا فرید کانفرنس کا انعقاد

اولیاء اللہ و صوفیائے کرام کے آستانے فیوض و برکات کے سرچشمے ہوتے ہیں، شرکا

عارفوالا (نامہ نگار) جماعت اہل سنت پاکستان کے زیراہتمام امیر صوبہ پنجاب صاحبزادہ پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری کی زیر صدارت بابا فریدالدین مسعود گنجشکرؒ کے سالانہ 782 ویں عرس مبارک کے موقع پر سالانہ عظیم الشان فقید المثال انٹرنیشنل بابا فرید کانفرنس کا انعقاد بندھن گرینڈ مارکی پاکپتن میں کیا گیا بابا فرید کانفرنس کے شرکاء سے شہزادہ سلطان العارفین پیر محمد خالد سلطان، الحاج احسان الحق فریدی، پیر سید مظہر سعید کاظمی، علامہ محمد فاروق خاں سعیدی، دیوان سید محمد چشتی، علامہ بشیر احمد فردوسی، علامہ سرفراز فریدی، سید فیض الحسن شاہ، ودیگر علماء اکرام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اولیاء اللہ و صوفیائے کرام کے آستانے فیوض و برکات کے سرچشمے ہوتے ہیں اور یقین و ایمان کی دولت اولیاء اللہ و انبیاء کرام کے در سے ہی ملتی ہے اولیاء اللہ کی زبان سے نکلا ہوا ہر لفظ اللہ پاک قبول فرماتا ہے اگر دنیا و آخرت کی بھلائی چاہتے ہو تو اولیاء اللہ کے نقش قدم پر چلنا ہوگا برصغیر پاک و ہند کے صوفی بزرگ بابا فریدالدین مسعود گنج شکرؒ کی زندگی کا ہر لمحہ دین اسلام کی آبیاری میں بسر ہوا آپ نے لاکھوں غیر مسلموں کو کلمہ طیبہ پڑھا کر دائرہ اسلام میں داخل کیا حضرت بابا فریدؒ نے اپنی زندگی اللہ اور اسکے رسولؐ کی پیروی میں گزاری ہمیں بھی چاہئے کہ ہم اللہ اور اسکے رسولؐ کے احکامات کی پیروی کرتے ہوئے حرام چھوڑ کر حلال کو اپنائیں تاکہ ہم اپنی دنیا و آخرت کو سنوار سکیں جبکہ صوفیائے کرام کی فکر کو عام کیا جائے اگر دنیا و آخرت میں کامیابی چاہتے ہو تو خوف خدا اپنے دل میں پیدا کرو اس موقع پر پیر حافظ غلام قطب الدین چشتی، صاحبزادہ پیر عبدالخالق مہروی، سید فقیر حسین شاہ، سید آصف حسین شاہ، سید صفدر شاہ، سید محمد احمد شاہ، سید اعجاز حسین شاہ، سید محمد امجد شاہ، قاری نوید احمد، حافظ نعیم المصطفیٰ سمیت صوفی رشید احمد علامہ مفتی عبدالرسول، قاری ضیاء الحق، ملک محمد اکرم کھوکھر سیاسی سماجی و مذہبی افراد اور مریدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی عمرانوالی مجلس عزا میں شرکت

ذاکر اہل بیعت وسیم عباس بلوچ نے فضائل و مصائب اہل بیعت پڑھے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) خانوادہ رسول جگر گوشہ بتول سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کے عزاداران نے سیالکوٹ کے موضع عمرانوالی میں مجلس عزا کا انعقاد کیا جس میں ہزاروں کی تعداد میں عزاداران حسین نے شرکت کی۔ ایس۔ اینڈ اے ایسوسی ایٹس نے ملک شہباز احمد، چوہدری حسن علی بھلی، حارث میر بگو، فیصل تیمور، ملک دانش اعوان سمیت معزز وکلاء نے مجلس عزا میں شرکت کی۔ مجلس عزا کے بعد اپنے پیغام میں ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس نے اپنے مختصر بیان میں کہا کہ شہداء کربلا نے دین کی سربلندی کیلئے اپنی قیمتی جانوں کے نذرانے دے کر دین اسلام کو بچایا۔ ہماری جانیں، ہمارے مال سید الشہداء امام عالی مقام پر قربان ہیں ہمیں جو بھی ملتا ہے اللہ تعالیٰ صدقہ اہل بیعت اطہار کے صدقہ عطا کر رہا ہے۔ ملک شہباز احمد ایڈووکیٹ نے کہا کہ امام عالی مقام نے حق پر چلتے لاکھوں کی تعداد میں یزیدی لشکر کے سامنے سرنگوں ہونے سے انکار کرتے ہوئے ابدی سربلندی حاصل کی جبکہ یزید ملعون اور اسکے لاکھوں کی تعداد میں لشکر نے تا قیامت لعنت و جہنم کی آگ کمائی اور نابود ہوگیا انشاء اللہ امام عالی مقام کے نام لیوا انکے ماننے والے آج بھی دنیا میں اربوں کی تعداد میں موجود ہیں۔

رانا کرم نواز خاں کے والد محترم رانا نور محمد خاں کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

جہلم شہر و گردونواح کے علاقوں میں سود کا دھندہ نئے طریقے سے شروع

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر و گردونواح کے علاقوں میں سود کا دھندہ نئے طریقے سے شروع، غیر قانونی سودی کاروبار میں ملوث افراد نے شہریوں کو اپنے شکنجے میں جکڑنا شروع کر رکھا ہے، سادہ لوح شہریوں کو شکار بنانے کے لئے ایجنٹ بھرتی کر لئے گئے، گھریلو اشیاء ایل سی ڈیز، پنکھے، موٹر سائیکلیں، واشنگ مشینیں، اے سی، موبائل فونز سمیت جہیز کا نام دیتے ہوئے ماہانہ اقساط کے نام پر شہریوں سے 35 سے 40 فیصد اضافی رقم کی وصولی کر لی جاتی ہے اگر غلطی سے کسی صارف سے قسط لیٹ ہوجائے تو سودی دھندہ کرنے والے افراد کے کارندے صارفین کی دہلیز پر جا کر سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے سمیت چادر چاردیواری کا تقدس پامال کرنے اور متاثرہ افراد کو اغواء کر کے یرغمال بنانے سے بھی گریز نہیں کرتے، قابل ذکر بات یہ ہے کہ مکروہ دھندے سے وابستہ افراد کو مقامی پولیس کی مکمل آشیر باد حاصل ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے متاثرین کو اغواء کر کے زیرزمین مکانوں میں یرغمال بنا لیا جاتا ہے، اس طرح اصل رقم اور سود کی ادائیگی کے بعد متاثرین کو آزاد کیا جاتا ہے، شہری اپنی عزت نفس کو محفوظ بنانے کے لئے خاموشی اختیار کر لیتے ہیں، شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ، پنجاب کنزیومر پروٹیکشن ضلع جہلم کے ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ سودی کاروبار سے منسلک افراد کے خلاف سخت پابندیاں عائد کی جائیں تاکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان سے سود کا مکروہ دھندہ ختم ہوسکے۔

جہلم شہر سمیت مضافاتی علاقوں میں طوفانی بارشوں نے تباہی مچادی، سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرتی رہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت مضافاتی علاقوں میں طوفانی بارشوں نے تباہی مچادی، سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرتی رہیں۔ تیز طوفان کے باعث متعدد علاقوں میں درخت جڑوں سے اکھڑ گئے، دکانوں کے شیڈز گر گئے، بجلی کے فیڈرز ٹرپ کر جانے سے بجلی معطل رہی۔ شہریوں کو آمدورفت میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑا، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ہونے والی طوفانی بارش نے شہر سمیت ضلع بھر میں تباہی مچادی، شہر سمیت مضافاتی علاقوں میں درخت جڑوں سے اکھڑ گئے، بجلی کا نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا۔ بارش کے بعد سڑکیں گلیاں ندی نالوں کی منظر کشی کرتی دکھائی دیں جبکہ تیز ہوا کے باعث درخت اور بجلی کے کھمبے گر گئے جس سے بجلی کی سپلائی کئی گھنٹوں تک معطل رہی۔ بارشی پانی گھروں میں داخل ہونے کی وجہ سے شہری اپنی مدد آپ کے تحت پانی نکالتے رہے دوسری جانب اندرون شہر مختلف علاقوں میں بجلی کی تاروں کی ناقص تنصیب کی وجہ سے بجلی کی بحالی میں کافی دیر لگ گئی۔ بجلی کی بحالی میں سب سے زیادہ تاخیر اندرون شہر کے محلوں اور مضافاتی علاقوں میں ہوئی۔ آئیسکو سرکل جہلم کی تمام سب ڈویژن میں صارفین کی طرف سے شکایت درج کروانے کے باوجود بجلی تاخیر سے بحال کی گئی۔ شہری تنظیموں کے عمائدین کا کہنا ہے کہ نکاسی آب کے نالوں پر قائم پختہ تجاوزات کو ختم کروایا جائے اور بجلی کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لیا جائے تاکہ بارش کے موسم میں بلاتعطل بجلی کی سپلائی بحال رہے۔

چنیوٹ شہر میں ہونے والی موسلا دار بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ شہر میں ہونے والی موسلا دار بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا جبکہ نشیبی علاقے زیر آب آ گئے تفصیلات کے مطابق چنیوٹ میں تیز آندھی کے بعد موسلا دار بارش کے باعث شہر بھر کے بازار اور گلیاں ندی نالوں کا منظر پیش کرنے لگیں شاہراہ قائداعظم روڈ، کچہری روڈ مدرستہ اللبنات روڈ پیرس روڈ، ڈگری کالج روڈ، مندر روڈ پر کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہو گیا جس کے باعث آمدورفت رک گئی بارش کی وجہ سے شہر کے متعدد علاقوں میں بجلی کا نظام درہم برہم ہو گیا۔ میونسپل کارپوریشن چنیوٹ کا عملہ ہیوی مشینری کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں بارشی پانی کو نکالنے میں مصروف عمل رہا جبکہ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ محمد آصف رضا مانیٹرنگ کرتے رہے۔

رانا کرم نواز خاں کے والد محترم رانا نور محمد خاں کی نماز جنازہ ادا کردی گئی

شرقپور شریف (تحصیل رپورٹر) نواحی گاؤں چک نمبر 5 یو سی کی معروف سیاسی و سماجی شخصیات رانا ابرار احمد خاں، رانا اسرار احمد خاں اور رانا اشفاق احمد خاں کے ماموں جان، رانا سرفراز احمد خاں اور رانا کرم نواز خاں پنجاب پولیس والے کے والد محترم رانا نور محمد خاں گزشتہ روز انتقال فرما گئے تھے ان کی نماز جنازہ چک نمبر 5 یو سی میں ادا کر دیا گیا ہے نماز جنازہ حافظ پیر سید اختر علی شاہ نے پڑھایا جس میں علاقہ بھر سے تمام مکتبہ فکر کی سیاسی و سماجی شخصیات کے علاوہ سرکاری ملازمین سمیت سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔

صوبائی کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا دورہ فیصل آباد

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق نے کمشنر آفس میں اعلی سطحی اجلاس کی صدارت کی، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان، سیکرٹری داخلہ نور الامین مینگل و دیگر بھی ہمراہ



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کا مشن جاری ہے اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر اراکین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان نے فیصل آباد کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق نے کمشنر آفس میں اعلی سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان، سیکرٹری داخلہ نور الامین مینگل، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی وسیم سیال، ڈی آئی جی سپیشل برانچ بھی تھے۔ کمشنر فیصل آباد سلوت سعید اور آر پی او ڈاکٹر عابد خان نے محرم الحرام انتظامات بارے بریفنگ دی۔ کمشنر فیصل آباد نے بتایا کہ فیصل آباد ڈویژن میں عشرہ محرم کے دوران یوم عاشور تک 4402 مجالس اور 1528 جلوس منعقد ہو رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 163 ذاکرین و مقررین کی ضلع بندی اور 122 کی زباں بندی کے احکامات جاری کئے گئے۔ فیصل آباد میں 205، افراد کو فورتھ شیڈول میں شامل کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ 7 محرم سے آرمی اور رینجرز کی 10،10 کمپنیاں بھی سکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات ہونگی۔ کمشنر نے بتایا کہ سکیورٹی کے فول پروف انتظامات پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب کے حکم پر صوبہ بھر میں جا کر انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔ پنجاب کے 7 ڈویژنز کا دورہ کر چکے ہیں انتظامات مثالی اور تمام انتظامیہ و فورس تیار ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کمیٹیاں روزانہ کی بنیاد پر اجلاس بلا رہے ہیں۔ اتحاد بین المسلمین کے اصول کے تحت پر امن محرم الحرام گزار رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ داخلہ کے جاری کردہ ایس او پیز پر من و عن عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ممبران اسمبلی چوہدری شہباز بابر، جعفر علی ہوچہ، خان بہادر ڈوگر، قدسیہ بتول، عظمی جبیں راجہ، ڈپٹی کمشنر فیصل آباد عبداللہ نیئر شیخ، سی پی او کامران عادل کے علاوہ جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور چنیوٹ کے ڈپٹی کمشنرز، ڈی پی اوز اور متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے۔ بعدازاں اراکین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان نے چوک گھنٹہ گھر کا دورہ کیا۔ کمشنر فیصل آباد سلوت سعید نے ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ کے محرم پلان پر جاری عملدرآمد پر بریفنگ دی۔ خواجہ سلمان رفیق نے چوک گھنٹہ گھر میں سرکاری سبیل پر شہریوں کو شربت پلایا اور سبیل کے انتظامات کو سراہا۔ کمشنر نے بتایا کہ ڈویژن بھر میں محرم جلوسوں کے روٹس و مجالس کے مقامات پر 45 سبیلیں فعال اور انتظامات کی مکمل نگرانی کی جا رہی ہے۔ صوبائی وزراء نے کہا کہ انتظامیہ اور امن کمیٹیاں معاملہ فہمی کیساتھ عمدہ انتظامات کر رہے ہیں۔ سرکاری سطح پر شربت سبیل اور لنگر کا اہتمام کیا گیا ہے۔ صوبائی وزراء نے کہا کہ محرم الحرام پر امن اور مذہبی عقیدت و احترام کیساتھ گزر رہا ہے۔ محرم الحرام کی مجالس اور عزاداری جلوسوں کی بھرپور مانیٹرنگ جاری ہے۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی نے لائسنس ہولڈرز، امن کمیٹی ارکان، شیعہ کمیونٹی، منتظمین سے ملاقات کی اور ان سے انتظامات بارے دریافت کیا۔ اراکین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان نے فیصل آباد میں مرکزی جلوس کے راستے، امام بارگاہوں کا دورہ کیا۔ وہ مرکزی امام بارگاہ عزاخانہ شبیر، امام بارگاہ حیدریہ و دیگر امام بارگاہوں میں گئے اور منتظمین سے انتظامات بارے دریافت کر کے اطمینان کا اظہار کیا۔ کابینہ کمیٹی کے ارکان نے ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے انتظامی و حفاظتی اقدامات کو تسلی بخش قرار دیا۔ اور یوم عاشور کے بعد تک کڑی نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا محرم کے جلوسوں کے روٹس کا دورہ

ڈی سی کا کچہری بازار، فاروق اعظم روڈ، راجہ چوک، مین بازار، کلمہ چوک کا دورہ

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد میڈم سندس ارشاد نے شہر کی مختلف امام بارگاہوں سے نکالے جانے والے محرم کے جلوسوں کے روٹس کا دورہ کیا اور وہاں پر صفائی ستھرائی، امن و امان اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے فوارہ چوک، کچہری بازار، فاروق اعظم روڈ، راجہ چوک، مین بازار، کلمہ چوک، جلالپور روڈ اور دیگر روٹس کا دورہ کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی حمد اللہ، اسسٹنٹ کمشنر منور حسین، ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر شاہد پرویز، سی او ایم سی انصر ساہی، انچارج پولیس سکیورٹی سمیت محکمہ لوکل گورنمنٹ، میونسپل کمیٹی، واپڈا، ہیلتھ اور دیگر محکموں کے افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے محرم الحرام کے گزرگاہوں کے دورہ پر صفائی ستھرائی کے انتظامات کو فوری بہتر بنانے، بارشی پانی کے نکاس، واپڈا اور پی ٹی سی ایل کی لٹکتی تاروں کو فوری طور پر بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کے موقع پر کسی بھی قسم کی لاپرواہی اور غفلت نہیں ہونی چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی اور دیگر افسران کو ہدایت کی کہ جن علاقوں میں بارش کا پانی جمع ہے اسے نکالنے کے لیے فوری طور پر بندوبست کیا جائے اور جلوسوں کی گزرگاہوں سمیت شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کو بہتر بنایا جائے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر منور حسین نے ڈپٹی کمشنر کو جلوسوں کی گزرگاہوں، اہم مقامات، سی سی ٹی وی کیمروں اور دیگر انتظامات بارے بریفنگ دی۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر میڈم سندس ارشاد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ اور ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال اور تمام محکموں کی جانب سے کیے جانے والے حفاظتی و ضروری انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت، ریسکیو 1122، میونسپل کمیٹی کی جانب سے جلوسوں کے موقع پر امدادی کیمپ لگائے جائیں۔

سپریم کورٹ کی جانب سے مخصوص نشستوں کے فیصلے کا خیر مقدم کرتا ہوں، میاں شوکت علی تھہیم

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف چنیوٹ کے صدر/ٹکٹ ہولڈر پی پی 95 میاں شوکت علی تھہیم ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں کہا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے مخصوص نشستوں کے فیصلے کا خیر مقدم کرتا ہوں، اور اللہ تعالی کا شکر ادا کرتا ہوں کہ حق اور سچ کی جیت ہوئی، میں اس موقع پر پاکستان تحریک انصاف کے سپورٹران عہدیداران اور کارکنان سے کہوں گا کہ نوافل ادا کریں اور اللہ تعالی کا شکر ادا کریں۔ سپریم کورٹ کے 9 معزز ججز نے پاکستان تحریک انصاف کے حق میں فیصلہ دے کر 25 کروڑ عوام کے دل جیت لیے ہیں۔ مخصوص نشستیں پاکستان تحریک انصاف کا حق تھا جو مل گیا۔ انشاءاللہ بہت جلد قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں پاکستان تحریک انصاف کی خواتین اکثریت ہوگی اور بہت جلد میرا کپتان مسلم امہ کا لیڈر عمران خان وزیر اعظم ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سپریم کورٹ کے معزز ججز نے دباؤ کے باوجود آئین اور قانون کے مطابق فیصلہ دیکر 25 کروڑ پاکستانی عوام کے دل جیت لئے، پی ڈی ایم فیصلہ سنتے ہی پریشان ہوگی کیونکہ پورے ملک میں اب انصاف کا بول بالا ہوگا الیکشن کمیشن سمیت آئین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف آرٹیکل 6 لگنا چاہیے۔

آئین اور قانون کے تحت اپنے فرائض سرانجام دینے والے سپریم کورٹ کے ججز خراج تحسین کے مستحق، انیقہ مہدی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد سے منتخب ہونے والے پاکستان تحریک انصاف کی رکن قومی اسمبلی انیقہ مہدی حسن اور ایم پی اے چوہدری ضمیر الحسن بھٹی نے کہا ہے کہ آئین اور قانون کے تحت اپنے فرائض سرانجام دینے والے سپریم کورٹ کے ججز خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ جنہوں نے پی ٹی آئی کے حق میں فیصلہ دیتے ہوئے قومی اور تمام صوبائی اسمبلیوں میں مخصوص نشستیں پی ٹی آئی کو واپس کیں۔ سپریم کورٹ کے ان ججز کے فیصلے سے ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان میں ابھی بھی رول آف لاء موجود ہے۔ انکا کہنا تھا کہ جس طرح سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد پی ٹی آئی کو مخصوص نشستیں حاصل ہوئی ہیں اسی طرح بہت جلد ہماری پارٹی کا انتخابی نشان بلا بھی واپس ہو گا۔ انکا کہنا تھا کہ عدالت کے فیصلے سے ثابت ہو گیا کہ ان سیٹوں کے حقدار کون لوگ تھے۔ انہوں نے کہا کہ حافظ آباد سے سائرہ افضل تارڑ کو اس بار بھی عوام نے اپنے ووٹوں سے مسترد کیا اور انہیں پتا تھا کہ وہ مخصوص نشست کے لیے بھی حقدار نہیں، اور آج وہ مخصوص نشست سے بھی ہاتھ دھو بیٹھی۔ انہوں نے کہا کہ ہم سلام پیش کرتے ہیں سپریم کورٹ کے ججز صاحبان کو جنہوں نے اپنا فرض نبھاتے ہوئے آئین اور قانون کی پاسداری کی۔ انکا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کے اس فیصلے سے عوام کا عدالتوں پر ایک بار پھر اعتماد بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی پوری قیادت، کارکن اور ہمارے ووٹرز، سپورٹرز سپریم کورٹ کے اس فیصلے پر بہت خوش اور ججز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ عمران خاں کی قیادت میں ہم عوام کے قیمتی ووٹ سے منتخب ہو کر اسمبلیوں میں پہنچے ہیں، لیکن ملک میں ایک ایسا مافیا بھی موجود ہے جو غریب آدمی سے دو وقت کی روٹی بھی چھیننا چاہتا ہے۔ حکمرانوں کی نااہلی کی وجہ سے ملک میں دن بدن مہنگائی بڑھتی جا رہی ہے، مہنگی بجلی کی وجہ سے لوگ سخت پریشان اور مایوسی کا شکار ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ عام آدمی پہلے ہی مہنگائی اور غربت کا شکار ہے تو دوسری جانب حکمران آئی ایم ایف کے کہنے پر کسانوں پر بھی ٹیکس لگا رہے ہیں جس سے ہمارے ملک کے شعبہ زراعت اور کسانوں کو شدید نقصان پہنچے گا کیونکہ پاکستان کی معیشت کا 60 فیصد سے زائد دار و مدار شعبہ زراعت سے وابستہ ہے۔ انکا کہنا تھا کہ حافظ آباد میں گندم کی فروخت کے لیے باردانہ کی غیر منصفانہ اور کرپشن کے ذریعے تقسیم پر ابھی تک انکوائری نہیں کی جا سکی۔

گورننس انیشی ایٹوز پر عملدرآمد کے حوالے سے اضلاع کی رپورٹ جاری

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت کارکردگی کا جائزہ اجلاس

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر وزیر اعلی مینجمنٹ ریفارمز یونٹ نے گورننس انیشی ایٹوز پر عملدرآمد کے حوالے سے صوبہ پنجاب کے اضلاع کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ تفصیلات کے مطابق چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی، چیف منسٹر انیشی ایٹوز پر ماہ جولائی کے پہلے ہفتے کی کارکردگی پر پنجاب کے اضلاع کی رینکنگ جاری کی گئی، پرفارمنس کے لحاظ سے 57.95 پوائنٹس کے ساتھ ضلع ننکانہ صاحب نے صوبہ بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر ننکانہ صاحب کی عوام الناس، وکلاء، صحافیوں سمیت دیگر تنظیموں نے ڈپٹی کمشنر اور انکی ٹیم کو بہترین کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام کی خدمت کر رہے ہیں، عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے بھرپور کوشش جاری رکھیں گے اور بروقت تمام منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے۔

ضلع شیخوپورہ میں مون سون کے طوفانی سپیل

جانوروں کی حویلی اور مکان کی چھت گرنے اور ملبے تلے دب کر 4 افراد جان بحق

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ضلع شیخوپورہ میں مون سون کے طوفانی سپیل نے تباہی مچادی، جانوروں کی حویلی اور مکان کی چھت گرنے اور ملبے تلے دب کر 4 افراد جان بحق 9 افراد لہولہان ہو گئے، شرقپور روڈ میلاد چوک کی آبادی صدیقہ کالونی میں مکان کی چھت گرنے اور ملبے تلے دب کر 4 افراد 55 سالہ کوثر بی بی، 50 سالہ بانو بی بی، 35 سالہ مفیظہ بی بی اور 25 سالہ رضا علی موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے، 55 سالہ علی اصغر، 40 سالہ افضال، 19 سالہ اشبا، 10 سالہ زاریہ 7 سالہ عدیل، 6 سالہ فاریہ 5 سالہ شکیل جبکہ سرگودھا روڈ غازی بائی پاس کے قریب جانوروں کے کچے کمرے کی چھت گرنے اور ملبے تلے دب کر 2 افراد 50 سالہ نذیر احمد اور 45 سالہ عمران رفیق زخمی ہو گئے دونوں حادثات کی مانیٹرنگ ریسکیو انچارج انجینئر رانا محمد اعجاز نے خود کی لاشوں کو لواحقین کی تحویل میں اور زخمیوں کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتالوں میں منتقل کر دیا، مون سون کی بارش ابر رحمت بھی بنی اور انتظامی امور نہ ہونے کی وجہ سے باعث زحمت بھی بنی، نکاسی آب کا فقدان ہونے کے باعث اندرون شہر ریگل چوک، دوسرہ گراؤنڈ، گلی ککے زئیاں، جہانگیر بازار، اکبر بازار، ریلوے روڈ، میلاد چوک، کرکٹ اسٹیڈیم چوک ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ، جنڈیالہ روڈ، گوجرانوالہ روڈ، بھکھی روڈ، طارق روڈ، محلہ رفاقت نئی آبادی آرائیانوالہ، فیصل آباد روڈ، اسرار کالونی، پرانا شہر گھنگ رود، شرقپور روڈ سمیت گلی محلوں چوکوں چوراہوں میں طوفانی بارش کے پانی کا نقاص نہ ہونے کی وجہ سے معمولات زندگی معطل ہو کر رہ گئی، جی ٹی روڈ ز پر درجنوں موٹر سائیکلیں، گاڑیاں سلنسروں میں پانی چلے جانے کی وجہ سے گاڑیاں بند ہو گئی میلاد چوک میں ٹرانسفارمر کی سپارکنگ کی وجہ گزرنے والے لوگ بال بچے، طوفانی بارش میں محکمہ لیسکو کے درجنوں بجلی کے فیڈر ٹرپ ہو گئے کہیں درختوں کے گرنے بجلی کے پول ٹیڑھے ہو جانے، بجلی کی تاریں ٹوٹنے کے واقعات بھی رونما ہوئے۔

ماہین زاہد نے میٹرک میں 1131 نمبرز لے کر نمایاں پوزیشن حاصل کی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) امسال شبیر تجمی اکیڈمی ماڈل ٹاؤن اگوکی کا رزلٹ بہترین رہا۔ قابل طلباء میں ماہین زاہد نے میٹرک میں 1131 نمبرز لے کر نمایاں پوزیشن حاصل کی جبکہ ماہم عطاء اللہ 868، سدرا انجم 864، عائشہ صفدر 839، زیان احمد 813، حسنین بٹ 774 جبکہ بالترتیب ارشین نے میٹرک میں 751 نمبرز لے کر شبیر تجمی اکیڈمی میں نمایاں پوزیشنز حاصل کیں۔ طلباء نے پر جوش انداز میں کہا کہ ہمارے بہتر رزلٹس پر اللہ تعالی کے شکر گزار ہیں۔ ہماری اکیڈمی کے مشفق و عظیم پرنسپل شبیر تجمی کی محنت اور ہمارے والدین کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ شبیر تجمی نے اپنے مختصر بیان میں کہا کہ مجھے اپنے طلباء پر فخر ہے۔

ملتان روڈ پھولنگر کے قریب تیز رفتار ٹرک کی موٹر سائیکل کو ٹکر موٹر سائیکل سوار جاں بحق مزدا ٹرک ڈرائیور موقع سے فرار

قصور (بیورو رپورٹ) ملتان روڈ پھولنگر کے قریب تیز رفتار ٹرک کی موٹر سائیکل کو ٹکر موٹر سائیکل سوار جانبحق مزدا ٹرک ڈرائیور موقع سے فرار۔ پھولنگر ملتان روڈ کیتھولک چرچ کے قریب نامعلوم تیز رفتار مزدا ٹرک نے موٹر سائیکل سوار کو ٹکر ماردی حادثہ میں لاہور کا رہائشی موٹر سائیکل سوار جانبحق ہوگیا حادثہ میں جانبحق ہونے والے شخص کی شناخت ابرار ولد نذیر احمد خاں کے نام سے ہوئی حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کاروائیاں شروع کر دیں۔

پولیس افسران و جوان محرم الحرام میں اپنے فرائض الرٹ ہو کر انجام دیں

ڈی پی او محمد راشد ہدایت کی محرم الحرام کے حوالے سے ہدایت

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے کہا ہے پولیس افسران اور جوان محرم الحرام میں اپنے فرائض الرٹ ہو کر سرانجام دیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کے ہمراہ علاقہ تھانہ سیٹلائیٹ ٹاؤن میں پانچ محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے وزٹ کے دوران سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے پولیس افسران سے کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کے ہمراہ علاقہ تھانہ سیٹلائیٹ ٹاؤن میں پانچ محرم الحرام کے مرکزی جلوس کا وزٹ کیا، سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور منتظمین جلوس سے ملاقات کے دوران سکیورٹی انتظامات کے بارے استفسار کیا۔ پولیس افسران کو فرائض کی انجام دہی کے دوران الرٹ رہنے کی تاکید کرتے ہوئے ڈی پی او کا کہنا تھا کہ جلوس کے شرکاء کو واک تھرو گیٹس اور میٹل ڈیٹیکٹر کے ذریعے فزیکل تلاشی کے بعد داخلے کی اجازت دی جائے۔ ہر نوعیت کی انفارمیشن بروقت کنٹرول روم میں نوٹ کروائیں۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ سپروائزری افسران بار بار ڈیوٹی چیک کریں اور الرٹ ڈیوٹی یقینی بنائیں۔ سرکل آفیسر اور ایس ایچ او منتظمین اور لائسنس داران سے مسلسل رابطے میں رہیں تاکہ اسٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون سے امن و امان کا قیام یقینی بنایا جا سکے۔

مانگا کے گلی کوچوں میں ذکر الٰہی اور درود و سلام کی صدائے آتی رہینگی

اپنے باپ اور دادا کی دینی تعلیمات کو آگے لے کر چلوں گا، پیر فاروق احمد ربانی

چھانگا مانگا چھانگا (میاں شفیق احمد) مانگا کے گلی کوچوں میں ذکر الٰہی اور درود و سلام کی صدائے آتی رہیں گی اپنے باپ اور دادا کی دینی تعلیمات کو آگے لے کر چلوں گا پیر فاروق احمد ربانی ہمدمی تفصیلات کے مطابق چھانگا مانگا میں موجود دربار پیر مہر محمد خان ہمدم صاحب کے پوتے پیر محمد اقبال خاں ربانی ہمدمی کے بیٹے پیر فاروق احمد ربانی ہمدمی جو حال ہی میں اپنے والد پیر محمد اقبال خاں ربانی ہمدمی کی وفات کے بعد آستانہ عالیہ ہمدم کے گدی نشین ہوئے نے صحافیوں سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے باپ اور دادا نے دین کی بہت خدمت کی جو کسی سے ڈھکی چھپی نہیں انہوں نے حضور اور ان کی آل پاک کی شان میں کئی کتابیں لکھی میں بھی انشاء اللہ ان کی دینی تعلیمات کو اسی طرح آگے لے کر چلوں گا گھر گھر ذکر الٰہی اور درود و سلام کی محافل سجے گی دور و نزدیک کے مریدین کے لیے آستانہ عالیہ کے علاوہ میرے گھر کے دروازے بھی کھلے ہیں کسی بھی مرید کو کوئی بھی مسئلہ ہو تو وہ مجھے بتائے اس کی ہر طرح کی دینی دنیاوی مالی جانی امداد کی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ میرے باپ اور دادا جی نے چھانگا مانگا میں جو رسالت مآب کی شان میں محافل کی شمع روشن کی تھی اس کو مزید تقویت دوں گا ہر جمعرات کو کسی نا کسی کے گھر مختصر سی محفل ذکر و نعت ہو رہی ہے اور ہوتی رہے گی اس کے علاوہ ماہانہ محافل کا سلسلہ بھی جاری ہے اور سالانہ محافل کا اس کے ساتھ ساتھ سالانہ عرس پاک بھی اپنی اسی آب و تاب کے ساتھ ہوا کرے گا۔

شرقپور شریف، عوام الناس کی سہولت کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد

شرقپور شریف (نامہ نگار) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن پولیس اور عوام الناس کے درمیان رابطے اور تعاون کو مستحکم کرنے کے لیے ریجنل پولیس آفیسر شیخوپورہ اطہر اسماعیل نے علاقہ تھانہ شرقپور جامع مسجد اہلحدیث ایک منارہ والی میں عوام الناس کی سہولت کے لیے بعد از نماز جمعۃ المبارک کھلی کچہری لگا کر شہریوں کی شکایات سنیں ان میں سے بہت سی شکایات کو موقع پر ہی حل کر دیا گیا اور بقایا کے فوری حل کے لیے متعلقہ پولیس افسران کو احکامات جاری کیے۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ویلڈن وزارتِ اطلاعات پنجاب

پنجاب کی سیاسی تاریخ میں دو نام ایسے ہیں جنہوں نے عوام دوست پراجیکٹس اور صوبے کی ترقی کے حوالے سے بطور وزیر اعلیٰ خود کو منوایا۔ ان میں سے پہلا نام میاں شہباز شریف کا اور دوسرا چوہدری پرویز الٰہی کا ہے۔ لیکن اگر دیکھا جائے تو اس وقت کے پاکستان کے مالی اور سیاسی حالات اور آج کے حالات میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ دونوں متذکرہ بالا وزرائے اعلیٰ کو نسبتاً نارمل حالات میں کام کرنے کا موقع ملا لیکن مریم نواز کو جس قدر غیر معمولی مشکل حالات میں وزارت اعلیٰ ملی ہے اس کا اندازہ ہر باشعور پاکستانی کو ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس بات کو مخالفین بھی تسلیم کرنا شروع ہو چکے ہیں کہ مریم نواز کی بطور چیف منسٹر پنجاب ہر ممکن کوشش ہے کہ تمام تر نامساعد حالات کے باوجود عوام کو ریلیف دیا جائے۔ آٹے دال کی قیمتیں ہوں یا سولر سسٹم کی سہولت۔ وزیر اعلیٰ پنجاب سے جو بن پڑ رہا ہے وہ کر رہی ہیں۔ محکموں کی سطح پر ہر وزارت کو واضح طور پر ہدایات جاری کی جا چکی ہیں کہ افسری اور اختیارات کے مزے لینے کی بجائے کیئر اینڈ سپورٹ کا کلچر پیدا کیا جائے۔ ایک سیاسی لیڈر کی ذمہ داری بھی یہی بنتی ہے کہ عوام کے بھاری ٹیکس سے چلنے والا نظام عوام کی خدمت کرتا نظر آئے۔ یہ بہت دلچسپ بات ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ایم پی ایز کو نوازنے کے لیے وزیروں کا جم غفیر اکٹھا کرنے کی بجائے بہت سوچ سمجھ کر اور اہلیت دیکھ کر ذمہ داریاں سپرد کی ہیں۔ عظمیٰ بخاری کو بطور دبنگ سیاسی لیڈر کون نہیں جانتا۔ لیکن ایڈمنسٹریشن کرنا یقیناً ایک مختلف کام ہے اور پھر بطور وزیر اطلاعات عوام اور میڈیا کو فیس کرنا اور وزارت کے معاملات بھی دیکھنے یہ ایک مزید مشکل کام ہے لیکن بہت کم وقت میں انہوں نے خود کو ایک قابل اور محنتی وزیر ثابت کر دکھایا ہے۔ عظمیٰ بخاری کی بطور وزیر اطلاعات بہترین کارکردگی کی بنیاد پر اب ان کو وزارت ثقافت کا قلمدان بھی سونپ دیا گیا ہے۔ اسی طرح ملک کی بیوروکریسی سے موزوں اور قابل افسروں کو تلاش کرنا بھی کچھ کم جان جوکھوں کا کام نہیں۔ جو نئے سیکریٹریز کے کامیاب انتخاب کی صورت میں سامنے آرہا ہے۔

مریم نواز شریف یقیناً پچھلے تمام ادوار پر نظر رکھے ہوئے ہیں اور ہر معاملے میں بہت پھونک پھونک کر قدم رکھ رہی ہیں۔

احمد عزیز تارڑ جیسے دیانت دار، شفاف اور قابل افسر کی بطور سیکریٹری انفارمیشن اور سلیم ساگر جیسے لائق افسر کی بطور ایڈیشنل سیکریٹری اطلاعات تعیناتی اور محترمہ سائرہ رشید کی بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمرا تعیناتی لائق تحسین ہے۔ بینش فاطمہ ساہی پہلے سے ہی پوری دلجمعی سے پلاک کو پورے پنجاب کی ثقافت کا مرکز بنائے ہوئے ہیں۔ انہیں خاقان حیدر غازی جیسے اعلیٰ تخلیق کار اور پنجاب رنگ ریڈیو ایف ایم 95 کی ذہین اور فعال پروڈیوسر شازیہ سعید کی تخلیقی اور مخلصانہ اسسٹینس بھی حاصل ہے۔ شازیہ سعید میرے استاد محترم سعید آسی صاحب کی دختر نیک اختر ہیں۔ اس خاندان کا پاکستان میں دیانتدارانہ اور سچی صحافت کے شعبے پر احسان ہے۔ پاکستان کے بڑے بڑے معتبر صحافی سعید آسی صاحب کے شاگرد ہیں جن کے قلم کی وجہ سے آج اس دور زوال میں بھی صحافت کا وقار قائم ہے۔ اگرچہ سعید آسی اردو اور پنجابی دونوں زبانوں کے شاعر ہیں لیکن پنجابی زبان میں ان کو موضوعات اور ان کے برتاؤ کے لحاظ سے میاں محمد بخش کے قبیلے کا شاعر قرار دیا جاسکتا ہے۔ یوں میری بھتیجی شازیہ سعید کی اپنی محنت اور قابلیت اپنی جگہ اور ان کے خاندان کا کنٹریبیوشن بھی کسی سے کم نہیں۔ یہ ٹیم بھی اب نئے جوش و جذبے سے کچھ کر دکھانے کے لیے بہت کچھ نیا کرنے کا آغاز کر چکی ہے۔ ابھی زیادہ دور کی بات نہیں جب نگران حکومت کے دور کے وزیرِ اطلاعات وثقافت کی آئے دن کی محکمانہ اکھاڑ پچھاڑ سے پورے محکمے میں خوف و ہراس کی فضا نے افسران و ملازمین کی ناک میں دم کیے رکھا لیکن وزارتِ اطلاعات وثقافت کی موجودہ ٹیم نے آتے ہی لوگوں کو سکھ کا سانس مہیا کرنے کے لیے معاملات کو اکھاڑنے پچھاڑنے کی بجائے سنوارنے کی پالیسی اپنائی ہے۔

صحافی کالونی جس کے بہت سارے انتظامی معاملات کھٹائی میں پڑے ہوئے تھے اور ایسے ایشوز جو عرصہ دراز سے نظر انداز ہوتے چلے آرہے تھے، موجودہ حکام نے ایک ایک کر کے ایڈریس کرنا شروع کر دیے ہیں۔ اسی طرح ڈی جی پی آر کے معاملات کا تعطل ایڈریس کیا گیا ہے جس کی بنیادی وجہ ڈی جی پی آر کے اندر بیٹھے عمال کے صوابدیدی اختیارات تھے۔ اب یہ اختیارات سیکریٹیریٹ نے ان سے لے کے معاملات کو خود دیکھنا اور نمٹانا شروع کر دیا ہے۔ اخبارات اور ایڈورٹائزنگ ایجنسیوں کے مدتوں کے رکے ہوئے بل جن کی اماؤنٹ کروڑوں میں تھی ان کی ادائیگیاں کی جارہی ہیں۔ ثقافت کے معاملات کو از سر نو ترتیب دیا جارہا ہے۔ پنجاب آرٹ کونسلز سمیت، پلاک اور الحمراء جیسے تمام اداروں کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ ثقافتی پروگراموں کو نئے ویژن اور جوش وجذبے سے ترتیب دیا جائے جس میں جینوئن بزرگ شعراء اور فنکاروں کو عزت و احترام سے نوازا جائے جبکہ نئے اور باوقار نوجوان شعراء اور فنکاروں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

پیارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری باتیں!!!!!

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک بار نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم لوگوں میں بیٹھے ہوئے ان سے باتیں کر رہے تھے۔ اتنے میں ایک دیہاتی آپ کے پاس آیا اور پوچھنے لگا کہ قیامت کب آئے گی؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنی گفتگو میں مصروف رہے۔ بعض لوگ (جو مجلس میں تھے) کہنے لگے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے دیہاتی کی بات سنی لیکن پسند نہیں کی اور بعض کہنے لگے کہ نہیں بلکہ آپ نے اس کی بات سنی ہی نہیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنی باتیں پوری کر چکے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے یوں فرمایا وہ قیامت کے بارے میں پوچھنے والا کہاں گیا اس (دیہاتی) نے کہا (یا رسول اللہ!) میں موجود ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ جب امانت (ایمانداری دنیا سے) اٹھ جائے تو قیامت قائم ہونے کا انتظار کر۔ اس نے کہا ایمانداری اٹھنے کا کیا مطلب ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ جب (حکومت کے کاروبار) نالائق لوگوں کو سونپ دیئے جائیں تو قیامت کا انتظار کر۔ عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ ایک سفر میں جو ہم نے کیا تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہم سے پیچھے رہ گئے اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہم سے اس وقت ملے جب (عصر کی) نماز کا وقت آن پہنچا تھا ہم (جلدی جلدی) وضو کر رہے تھے۔ پس پاؤں کو خوب دھونے کے بدل ہم یوں ہی سا دھو رہے تھے۔ (یہ حال دیکھ کر) آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بلند آواز سے پکارا دیکھو ایڑیوں کی خرابی دوزخ سے ہونے والی ہے دو یا تین بار آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے (یوں ہی بلند آواز سے) فرمایا۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا درختوں میں ایک درخت ایسا ہے کہ اس کے پتے نہیں جھڑتے اور مسلمان کی مثال اسی درخت کی سی ہے۔ بتاؤ وہ کون سا درخت ہے؟ یہ سن کر لوگوں کا خیال جنگل کے درختوں کی طرف دوڑا۔ عبداللہؓ نے کہا میرے دل میں آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے۔ مگر میں اپنی (کم سنی کی) شرم سے نہ بولا۔ آخر صحابہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہی سے پوچھا کہ وہ کون سا درخت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا وہ کھجور کا درخت ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم کو قرآن کریم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے سوالات کرنے سے منع کر دیا گیا تھا اور ہم کو اسی لیے یہ بات پسند تھی کہ کوئی ہوشیار دیہاتی آئے اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے دینی امور پوچھے اور ہم سنیں۔ چنانچہ ایک دفعہ ایک دیہاتی آیا اور اس نے کہا کہ (اے محمدؐ!) ہمارے ہاں آپ کا مبلغ گیا تھا۔ جس نے ہم کو خبر دی کہ اللہ نے آپ کو اپنا رسول بنا کر بھیجا ہے، ایسا آپ کا خیال ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اس نے بالکل سچ کہا ہے۔ پھر اس نے پوچھا کہ آسمان کس نے پیدا کئے؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے۔ پھر اس نے پوچھا کہ زمین کس نے پیدا کی ہے اور پہاڑ کس نے؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے۔ پھر اس نے پوچھا کہ ان میں نفع دینے والی چیزیں کس نے پیدا کی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اللہ عزوجل نے۔ پھر اس نے کہا کہ پس اس ذات کی قسم دے کر آپ سے پوچھتا ہوں جس نے زمین و آسمان اور پہاڑوں کو پیدا کیا اور اس میں منافع پیدا کئے کہ کیا اللہ عزوجل نے آپ کو اپنا رسول بنا کر بھیجا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جواب دیا کہ ہاں بالکل سچ ہے۔ (اللہ نے مجھ کو رسول بنایا ہے) پھر اس نے کہا کہ آپ کے مبلغ نے بتلایا ہے کہ ہم پر پانچ وقت کی نمازیں اور مال سے زکوٰۃ ادا کرنا اسلامی فرائض ہیں، کیا یہ درست ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہاں اس نے بالکل سچ کہا ہے۔ پھر اس نے کہا آپ کو اس ذات کی قسم دے کر پوچھتا ہوں جس نے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو رسول بنایا ہے کیا اللہ پاک ہی نے آپ کو ان چیزوں کا حکم فرمایا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہاں بالکل درست ہے۔ پھر وہ بولا آپ کے قاصد کا خیال ہے کہ ہم میں سے جو طاقت رکھتا ہو اس پر بیت اللہ کا حج فرض ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہاں وہ سچا ہے۔ پھر وہ بولا میں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اس ذات کی قسم دے کر پوچھتا ہوں جس نے آپ کو رسول بنا کر بھیجا کہ کیا اللہ ہی نے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو یہ حکم فرمایا ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ ہاں۔ پھر وہ کہنے لگا کہ قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا میں ان باتوں پر کچھ زیادہ کروں گا نہ کم کروں گا۔ (بلکہ ان ہی کے مطابق اپنی زندگی گزاروں گا) آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اگر اس نے اپنی بات کو سچ کر دکھایا تو وہ ضرور ضرور جنت میں داخل ہو جائے گا۔

انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے (کسی بادشاہ کے نام دعوت اسلام دینے کے لیے) ایک خط لکھا یا لکھنے کا ارادہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہا گیا کہ وہ بغیر مہر کے خط نہیں پڑھتے (یعنی بے مہر کے خط کو مستند نہیں سمجھتے) تب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی۔ جس میں محمد رسول اللہ کندہ تھا۔ گویا میں (آج بھی) آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ہاتھ میں اس کی سفیدی دیکھ رہا ہوں۔ (شعبہ راوی حدیث کہتے ہیں کہ) میں نے قتادہ سے پوچھا کہ یہ کس نے کہا (کہ) اس پر محمد رسول اللہ کندہ تھا؟ انہوں نے جواب دیا، انسؓ نے ابوواقد اللیثی سے خبر دی کہ (ایک مرتبہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے اور لوگ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ارد گرد بیٹھے ہوئے تھے کہ تین آدمی وہاں آئے (ان میں سے) دو رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سامنے پہنچ گئے اور ایک واپس چلا گیا۔ (راوی کہتے ہیں کہ) پھر وہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سامنے کھڑے ہو گئے۔ اس کے بعد ان میں سے ایک نے (جب) مجلس میں (ایک جگہ کچھ) گنجائش دیکھی، تو وہاں بیٹھ گیا اور دوسرا اہل مجلس کے پیچھے بیٹھ گیا اور تیسرا جو تھا وہ لوٹ گیا۔ تو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم (اپنی گفتگو سے) فارغ ہوئے (تو صحابہؓ سے) فرمایا کہ کیا میں تمہیں تین آدمیوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟ تو (سنو) ان میں سے ایک نے اللہ سے پناہ چاہی اللہ نے اسے پناہ دی اور دوسرے کو شرم آئی تو اللہ بھی اس سے شرمایا (کہ اسے بھی بخش دیا) اور تیسرے شخص نے منہ موڑا، تو اللہ نے (بھی) اس سے منہ موڑ لیا۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ہمیں نصیحت فرمانے کے لیے کچھ دن مقرر کر دیئے تھے اس ڈر سے کہ کہیں ہم کبیدہ خاطر نہ ہو جائیں۔

انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا، آسانی کرو اور سختی نہ کرو اور خوش کرو اور نفرت نہ دلاؤ۔ عبداللہ (ابن مسعود) رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہر جمعرات کے دن لوگوں کو وعظ سنایا کرتے تھے۔ ایک آدمی نے ان سے کہا اے ابوعبدالرحمٰن! میں چاہتا ہوں کہ تم ہمیں ہر روز وعظ سنایا کرو۔ انہوں نے فرمایا، تو سن لو کہ مجھے اس امر سے کوئی چیز مانع ہے تو یہ کہ میں یہ بات پسند نہیں کرتا کہ کہیں تم تنگ نہ ہو جاؤ اور میں وعظ میں تمہاری فرصت کا وقت تلاش کیا کرتا ہوں جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس خیال سے کہ ہم کبیدہ خاطر نہ ہو جائیں، وعظ کے لیے ہمارے اوقات فرصت کا خیال رکھتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا فرمان عالی شان ہے کہ جس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرے اسے دین کی سمجھ عنایت فرما دیتا ہے اور میں تو محض تقسیم کرنے والا ہوں، دینے والا تو اللہ ہی ہے اور یہ امت ہمیشہ اللہ کے حکم پر قائم رہے گی اور جو شخص ان کی مخالفت کرے گا، انہیں نقصان نہیں پہنچا سکے گا، یہاں تک کہ اللہ کا حکم (قیامت) آجائے (اور یہ عالم فنا ہو جائے)۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حسد صرف دو باتوں میں جائز ہے۔ ایک تو اس شخص کے بارے میں جسے اللہ نے دولت دی ہو اور وہ اس دولت کو راہ حق میں خرچ کرنے پر بھی قدرت رکھتا ہو اور ایک اس شخص کے بارے میں جسے اللہ نے حکمت (کی دولت) سے نوازا ہو اور وہ اس کے ذریعہ سے فیصلہ کرتا ہو اور (لوگوں کو) اس حکمت کی تعلیم دیتا ہو۔

اللہ تعالیٰ ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین

نجی پاور کمپنیوں اور گردشی قرضے کا گورکھ دھندہ



بجلی کے ناقابل برداشت بلوں سے بلبلائے عوام اب جان چکے ہیں کہ ان پر نازل ہوئے عذاب کا اصل سبب نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والے ہیں۔ لوڈشیڈنگ سے نجات کیلئے ان کے ساتھ محترمہ بے نظیر بھٹو کی دوسری حکومت کے دوران رابطے ہوئے تھے۔ بالآخر چند منصوبوں پر معاہدے ہوگئے۔ وہ معاہدے کسی بھی صورت منصفانہ نہیں تھے۔ حکومت کو مگر ان پر آمادگی کا اظہار کرنا پڑا کیونکہ وہ اپنے تئیں فوری بنیادوں پر بجلی پیدا کرنے کا کوئی منصوبہ چلانے کے معاشی اعتبار سے قابل ہی نہیں تھی۔

منافع خور سرمایہ کاروں کو بجلی پیدا کرنے کو مائل کرنے کے لئے فیصلہ ہوا کہ ان کے لگائے کارخانوں کو ان کی (Capacity) کے مطابق قیمت ادا کی جائے۔ سادہ لفظوں میں یوں کہہ لیں کہ اگر وہ سو یونٹ روزانہ پیدا کرنے کی صلاحیت/قوت کے حامل ہیں تو حکومت چاہے ان سے پچاس یونٹ ہی خریدے تب بھی سرمایہ کار کو سو یونٹ کی قیمت ادا کی جائے گی۔ بات فقط یہاں تک محدود رہتی تو شاید ہم کسی حد تک محفوظ رہتے۔ وعدہ یہ بھی ہوا کہ نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والوں کو ان کے فراہم کردہ یونٹوں کی قیمت امریکی ڈالروں میں ادا ہوگی۔

نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والوں کی حوصلہ افزائی نے بے نظیر بھٹو کی دوسری حکومت کو شدید تنقید کی لپیٹ میں رکھا۔ غلام اسحاق خان نے اسے برطرف کرتے ہوئے کرپشن کے جو الزامات گنوائے ان میں یہ معاملہ بھی نمایاں رہا۔ بعدازاں نئے انتخابات کے تحت نواز شریف ہیوی مینڈیٹ کے ساتھ وزارت عظمیٰ کے منصب پر لوٹے تو ان کے چہیتے محتسب -سیف الرحمن- نے نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والوں کی زندگیاں اجیرن بنادیں۔ کئی نامور صنعت کار گھرانوں کے فرزند احتساب کے شکنجے سے گزارے گئے۔ ان میں سے کوئی ایک شخص بھی لیکن یہ بیان دینے کو آمادہ نہ ہوا کہ اس نے فلاں حکومتی شخصیت کو اپنے لگائے منصوبے پر رضامند کرنے کے لئے اتنی رقم بطور کمیشن ادا کی تھی۔ یہ بات سمجھنے میں نواز شریف جیسے کاروباری شخص کے مشیروں کو بہت دیر لگی کہ پیداواری صلاحیت -کھپت نہیں- کی امریکی ڈالروں میں ادائیگی قابل رشک ترغیب تھی۔ اس کے ہوتے ہوئے نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والوں کو حکومت کے ناز نخرے اٹھانے کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ حکومت بلکہ بذات خود بجلی کی کمی سے حواس باختہ ہوئی ان کے منت ترلے کرنے کو مجبوری تھی۔

بحث کی خاطر مگر تسلیم کر لیتے ہیں کہ بے نظیر حکومت کے دوران نجی شعبے کو بجلی پیدا کرنے کی جانب راغب کرنا ایک ناقص فیصلہ تھا۔ یہ تسلیم کر لینے کے بعد سوال مگر یہ بھی اٹھانا لازمی ہے کہ بے نظیر بھٹو کے اقتدار کے خاتمے کے بعد آئی حکومتوں نے نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کیوں جاری رکھی۔ اس سوال کا تسلی بخش جواب میں آج تک نہیں ڈھونڈ سکا۔ نجی شعبے میں بجلی کے کارخانے لگتے چلے گئے اور بالآخر وہ مقام آگیا کہ ہماری سرکار ان کے واجبات ادا کرنے کے قابل ہی نہ رہی۔ گردشی قرضے کا پہاڑ کھڑا ہونا شروع ہوگیا۔

گردشی قرضے کا یہ پہاڑ ہی 2013ء کے انتخابات میں پیپلز پارٹی کے ووٹ بینک کو غارت کرنے کا اصل سبب تھا۔ اس کی حکومت 2011ء سے 2013ء تک نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والوں کو بروقت ادائیگی کے قابل نہ رہی تو ملک بھر کے ہر بڑے شہر اور قصبے میں لوڈشیڈنگ کے طویل دورانیے زندگی کو اجیرن اور کاروبار کو ٹھپ کرنے لگے۔ اسی باعث 2013ء میں تیسری بار وزارت عظمیٰ کے منصب پر لوٹنے کے بعد نواز شریف نے لوڈشیڈنگ کا خاتمہ اپنی اولیں ترجیح ٹھہرایا۔ اسے ختم کرنے کو ڈٹ گئے۔

لوڈشیڈنگ سے نجات کی خاطر چین کے ساتھ سی پیک معاہدے کے بعد بجلی کی پیداوار کے منصوبوں کو سرگرم توجہ کا مرکز بنایا گیا۔ چینی سرمایہ کار بجلی پیدا کرنے کی جانب مائل ہوئے تو برق رفتاری سے بالآخر لوڈشیڈنگ سے نجات مل گئی۔ لوڈشیڈنگ سے نجات نے مگر ہمیں ایک اور عذاب کی جانب دھکیلنا شروع کر دیا۔ نام ہے اس کا گردشی قرضہ جس کی ادائیگی کے لئے تقریباً ہر مہینے ہمارے گھروں میں آئے بجلی کے بل گراں سے گرانقدر ہو رہے ہیں۔ عوام کے دلوں میں لہٰذا بتدریج یہ خواہش جاگزیں ہو رہی ہے کہ نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والوں کے ساتھ ہوئے منصوبوں کا ''حقیقی جائزہ'' لیا جائے۔ اس ضمن میں کسی نتیجے پر پہنچنے سے قبل بجلی پیدا کرنے والوں کو اس امر پر آمادہ کیا جائے کہ وہ حکومت کے ذمے واجب قرضے کو طویل المدت بنیاد پر ہوئے معاہدے کے تحت اقساط میں وصول کریں تاکہ صارفین بجلی کے بلوں کے حوالے سے تھوڑا ریلیف محسوس کریں۔

کاروباری دنیا میں بے بس ولاچار عوام کی خواہشات مگر سودمند ثابت نہیں ہوتیں۔ پاکستان جیسے ملک غیر ملکی سرمایہ کاری کے محتاج ہیں۔ نجی شعبے میں پیدا ہوئی بجلی کی اپنی مرضی کی قیمت امریکی ڈالروں میں وصول کرنے کے عادی سرمایہ کاروں پر ہاتھ ڈالا گیا تو غیر ملکی سرمایہ کار پاکستان کو نظرانداز کرنا شروع ہوجائیں گے۔

معاملہ اگر چند نجی سرمایہ کاروں تک محدود رہتا تو شاید ہم صبر کے گھونٹ پی لیتے۔ بدقسمتی سے بجلی کے بلوں کی صورت نازل ہوئے عذاب کی وجہ سے عوام کے دلوں میں ابلتا غصہ اب پاکستان کے ''دیرینہ ترین دوست -عوامی جمہوریہ چین- کے ساتھ دوستانہ تعلقات میں گہری دراڑ ڈالنے کا باعث بن سکتا ہے۔ ہمارے میڈیا میں بتدریج ایسے مضامین شائع ہو رہے ہیں جو یہ پیغام اجاگر کر رہے ہیں کہ بجلی کی قیمت کے حوالے سے پہاڑ کی صورت اختیار کرتے گردشی قرضے کا سب سے بڑا حصہ چین کو ادا کرنا ہے۔

میرے لئے یہ طے کرنا بہت مشکل ہے کہ پاک چین دوستی کو زک پہنچانے کیلئے کوئی ''سازش ہورہی ہے۔ یہ خواہش اگرچہ بہت تیزی سے عوام کے وسیع تر حلقوں میں اکسائی جارہی ہے کہ پاکستان کو چین سے نہایت سنجیدہ انداز میں رجوع کرنا چاہیے۔ چینی قیادت سے درخواست ہو کہ وہ خود کو پاکستان کا ''حقیقی دوست'' ثابت کرنے کیلئے چینی سرمایہ کاروں میں سے بجلی پیدا کرنے والوں کو واجب قرضہ سرکاری طور پر ادا کردے اور بعدازاں انہیں ادا کردہ رقم کو پاکستان سے آسان اقساط میں وصول کرتی رہے۔ جو خواہش فطری طور پر ابھری یا سازشی نیت سے پاکستانی عوام کے دلوں میں ابھاری جارہی ہے وہ نظر بظاہر سادہ اور قابل عمل نظر آتی ہے۔ اس پر عمل ہو یا نہیں پاک-چین دوستی کے دشمن اور نقاد ہمارے عوام کی اکثریت کے دلوں میں یہ تاثر جاگزیں کرنے میں خوفناک حد تک کامیاب ہو چکے ہیں کہ بجلی کے بلوں کی صورت ان پر نازل ہوئے عذاب کا اصل سبب کوئی غیر نہیں بلکہ ہمارا یار عوامی جمہوریہ چین ہے۔

نیا پلیٹ فارم

وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل

وزیراعظم کا یہ فیصلہ قابل تحسین ہے کہ 200 یونٹ سے کم بجلی استعمال کرنے والوں کیلئے نرخوں میں اضافہ تین ماہ کے لئے معطل کر دیا گیا ہے۔ ظاہر ہے تین ماہ کے بعد ان سب غریبوں کے چھپر چھٹیں گے، خزانے کے مٹکے گر کر ٹوٹ جائیں گے جس کے بعد یہ لوگ نہ صرف اضافہ شدہ نرخوں کی ادائیگی کے قابل ہو جائیں گے بلکہ تین ماہ کے لئے معطل کی گئی رقم کی یکمشت ادائیگی بھی فٹافٹ کر دیں گے۔ وزیراعظم کی بصیرت کے ہم تو قائل ہو گئے۔

اس راندہ درگاہ شہری آبادی کا مستقبل کیا ہوگا جو بیچاری 200 یونٹ سے زیادہ بجلی استعمال کئے بغیر رہ ہی نہیں سکتی۔ ان کے بچے سکولوں میں ہیں، خود ملازم ہیں، مٹھی بھر چاول کے برابر تنخواہ پاتے ہیں۔ ان کی مجبوری ہے کہ انہوں نے کپڑے دھونے بھی ہوتے ہیں اور انہیں استری بھی کرنا ہوتا ہے۔ ان دونوں کاموں پر خرچ ہونے والی بجلی اکیلی ہی اب اتنی مہنگی ہوگئی ہے کہ مٹھی بھر تنخواہ تو اس میں نکل جاتی ہے۔ وزیراعظم اپنی بصیرت کو استعمال میں لاتے ہوئے کوئی ٹائم ٹیبل دے دیں یعنی یہ بتا دیں کہ اتنے ماہ بعد ان کے گھر بھی چھت پھٹے گی اور خزانے کے مٹکے ٹوٹ کر خزانہ اُگل دیں گے جب تک یہ لوگ بنا استری کے یا پسند فرمائیں تو بنا کپڑوں ہی کے دفتر یا سکول چلے جایا کریں۔

لائبیریا کے وزیراعظم نے اپنی تنخواہ میں 40 فیصد کمی کر دی ہے۔ ان کا ملک غریب ہے۔ (پاکستان سے بھی زیادہ) اس لئے انہوں نے یہ قربانی دی ہے۔ پاکستانی حکمران بھی لائبیریا کے وزیراعظم کی تھوڑی سی پیروی کر لیں۔ مثلاً وزیراعظم اپنے اخراجات میں تین اعشاریہ دو فیصد کی کمی کر دیں، وزراء اور ارکان اسمبلی اپنی مراعات میں پانچ اعشاریہ ایک فیصد کی کمی کر دیں تو آئی ایم ایف کے قرضے کی ایک قسط تو ادا ہو ہی سکتی ہے۔ وزیراعظم اپنا پروٹوکول بھی کم کر دیں، زیادہ نہیں تھوڑا سا، یہی کوئی چار اعشاریہ دو فیصد تو آئی ایم ایف کی ایک اور قسط بھی ادا ہو سکتی ہے۔ اس وقت پاکستانی وزیراعظم کا پروٹوکول براعظم ایشیا اور افریقہ میں سب سے زیادہ ہے۔ یورپ کا ذکر اس لئے نہیں کیا کہ وہاں وزیراعظم کے پروٹوکول جیسی کوئی شے ہوتی ہی نہیں۔

پاکستان میں سب سے زیادہ پروٹوکول پختونخواہ کے وزیراعلیٰ گنڈا اسا پور (معاف کیجئے گا ''سا'' کا لفظ فالتو اور خود بخود آ گیا، اسے حذف کر ڈالیے یا نظر انداز کر دیجئیگا)۔ ماہرین معاشیات کا کہنا ہے کہ گنڈا اسا پور صاحب (معاف کیجئے گا، ایک بار پھر) اپنے اس پروٹوکول میں گیارہ اعشاریہ نو فیصد کی کمی کر دیں تو آدھے صوبے کی غربت کم ہو جائے گی۔

حکومت اور گریٹ خاں کے درمیان برف پگھلنا شروع ہوگئی ہے اور حکومت نے گریٹ خاں کے اس موقف کی تائید بلکہ عملی تائید کر دی ہے کہ آئی ایس آئی کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت ہونی چاہئے۔

گریٹ خان نے جب وہ وزیراعظم تھے تو ایک ٹی وی انٹرویو میں کہا تھا کہ آئی ایس آئی دنیا کی بہترین خفیہ ایجنسی ہے۔ اسے پتہ ہونا چاہئے کہ ملک کا وزیراعظم یا کوئی اور کیا کر رہا ہے۔ دنیا بھر کی ایجنسیاں بھی یہی کرتی ہیں۔ وہ میرا فون بھی ٹیپ کرتی ہے اور اسے ایسا کرنا چاہئے۔

گزشتہ روز حکومت نے گریٹ خان سے خیر سگالی کا اظہار کرتے ہوئے قانون سازی کر کے آئی ایس آئی کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دے دی۔ اطلاعات ہیں کہ پی ٹی آئی کے کیمپوں میں جشن کا سماں ہے اور وہ حکومت سے اسی طرح کے مزید اقدامات کا انتظار کر رہے ہیں تاکہ برف مزید پگھلے۔

پچھلے دنوں شاہد خاقان عباسی اور مفتاح اسماعیل نے نئی جماعت بنالی۔ پہلے وہ مسلم لیگ (ن) میں ہوا کرتے تھے، پھر مسلم لیگ (ن) کے ''ش'' گروپ نے پارٹی میں رہنا ان کیلئے ناممکن بنا دیا۔ بہت مہینوں کے انتظار کے بعد انہوں نے پارٹی بنالی۔ پارٹی کا نام ابھی یاد نہیں آرہا، امید ہے کل پرسوں تک یاد آجائے گا۔

پارٹی کو عوامی حمایت فی الوقت حاصل نہیں ہے لیکن عوامی حمایت بالعموم ایسی جماعتوں کو حاصل ہوتی نہیں، حاصل کروائی جاتی ہے۔ فی الوقت یہ جماعت نرسری میں لگا ہوا ایک ننھا سا پودا ہے، وقت آنے پر اسے تناور درخت بنانے میں وقت نہیں لگے گا۔

بعض مخبراتی صحافیوں کا کہنا ہے کہ ہر قسم کے حلقوں کی حلقہ بندیاں کرنے والے حلقے بوجوہ موجودہ ''ش'' حکومت سے مایوس نظر آرہے ہیں۔ ''ش'' حکومت کو یہی حلقے لے کر آئے تھے۔ کچھ تعجب کی بات بھی۔ بڑے چاؤ سے لائی جانے والی دلہن کبھی کبھار گھر کا سب سے نامطلوب فرد بھی بن جاتی ہے۔ مخبراتی صحافیوں کی اس مخبرانہ تجزیہ نگاری کو اچانک تقویت کل سابق گورنر سندھ عشرت العباد کے بیان سے ملی۔ اپنے بیان میں سابق گورنر نے فرمایا کہ ملک سنگین حالات سے دوچار ہے، ایسے وقت میں نئے پلیٹ فارم کی ضرورت ہے۔

نیا پلیٹ فارم عباسی اور مفتاح نے تیار کر دیا ہے۔ مضبوط گمان یہ ہے کہ عشرت العباد جلد اسی پلیٹ فارم کا انتخاب کریں گے اور اس کے بعد آہستہ آہستہ کچھ مزید حلقہ بند شخصیات کو ملک کے سنگین حالات کی بڑھتی ہوئی سنگینی کا سنگین احساس ہوتا چلا جائے گا اور پلیٹ فارم پر رونق لگنا شروع ہو جائے گی۔ ''ش'' حکومت سے حلقوں کی حلقہ بندی کرنے والے حلقوں کی مایوسی بڑھ کر سنگین شکل اختیار کر جائے گی تو یہ ساکن پلیٹ فارم حرکت میں لایا جائے گا اور یہ نعرہ ایک بار پھر گونج اُٹھے گا کہ ''روک سکو تو روک لو تبدیلی آئی رے''

فی الحال مایوسی اعتدال کی سرحدوں کے اندر ہے اسی لئے مسلم لیگ کے مبینہ سربراہ نواز شریف نے بھی عاشورے کے بعد حرکت میں آنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بظاہر وہ چاہتے ہیں کہ مایوسی اپنی حدود میں رہے، باہر نہ نکلے۔ ویسے تعجب نہیں ہوگا کہ کسی روز آپ یہ خبر بھی سن لیں کہ حالات کی سنگینی کے پیش نظر نواز شریف نے بھی اسی پلیٹ فارم کا انتخاب کر لیا ہے۔

حمودالرحمن کمیشن رپورٹ کا چرچا

بازگشت
جویریہ بنت ربانی
javeriabani@gmai.com

اب حمودالرحمن کمیشن کی رپورٹ شد و مد سے تذکرہ کیا جا رہا ہے کالم لکھے جا رہے ہیں انڈیا کے ریٹائرڈ جنرل کی کتاب کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ہم نے جنرل نیازی کو ڈرا دھمکا کر سرنڈر کرنے پر مجبور کیا اس پر تو صرف لاحول ولا پڑھا جا سکتا ہے اب یہاں پر سوال یہ پیدا ہوتا ہے 50 سال بعد حمودالرحمن کمیشن کی رپورٹ کیوں یاد آ رہی ہے دوسری جانب غیر ملکیوں کو خطوط لکھے جا رہے ہیں امریکی کانگرس کو پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی دعوت دی جا رہی ہے یہی لوگ 2018 میں پی ٹی آئی کی حکومت بننے کے بعد صم بکم ہو گئے تھے اس وقت دوسری سیاسی جماعتوں کو 2018 کے الیکشن پر شدید اعتراضات تھے لیکن سب منافقت کا لبادہ اوڑھ کر سوئے رہے۔ یہ بات تو طے ہے کہ شیخ مجیب الرحمٰن کوئی بن سکتا ہے اور نہ ہی مشرقی پاکستان جیسا المیہ ہو سکتا ہے۔

آج 71 والے حالات نہیں یہاں سب جاگ رہے ہیں کہ کس کے کیا ارادے ہیں۔ کس ریاست کے خواب دکھائے جا رہے ہیں۔ حمودالرحمن کمیشن رپورٹ تو انڈیا میں چھپی ہے اور یہاں پر کچھ چند حصے ہی عوام کے سامنے دیے گئے ہیں۔ اب یہاں پر توڑ مروڑ کر صاحب بصیرت کبھی انڈیا میں چھپی ہوئی کتابوں کے اقتباس لے کر ان کا حوالہ دیتے ہیں اور کبھی یہاں دو چار نکات پڑھ کر گڈمڈ کر کے لکھ دیتے ہیں لیکن یہ سب کوششیں اور سازشیں رائیگاں جائیں گی۔ فوج کے خلاف پیسہ پانی کی طرح بہایا جا رہا ہے۔ حصول آزادی کی تحریکوں سے جب برطانوی سامراج کی بنیادیں ہلنے لگیں تو ہندو اس خوش فہمی میں انگریزوں کے معاون بن گئے کہ ان کے جانے کے بعد پورے ہندوستان میں رام راج یعنی ہندو حکومت قائم ہوگی ہندوؤں کے ان عزائم کو آگے بڑھنے سے روکنے کے لیے مسلمان قائدین کو میدان عمل میں نکلنا پڑا اور نہ صرف ان کو بلکہ پوری قوم کو بیک وقت سامراجیوں اور ہندوؤں کے مقابلے میں بہت نازک مرحلوں سے گزرنا پڑا اور آخرکار ان کی کاوشیں اور قربانیاں حصول پاکستان پر منتج ہوئیں۔

پاکستان کا اساسی نظریہ اسلام ہے اسی نظریے پر مشرقی اور مغربی بازو میں بسنے والے مسلمانوں کا اتحاد تھا۔ کسی نظریے پر ایمان رکھنے نے ان کو ایک ملت بنایا تھا۔ دونوں حصوں کہ مسلمانوں کا نعرہ ایک ہی تھا پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ۔ سرزمین پاکستان کے مشرقی بازو میں اغیار نے سازشیں کر کے سادہ لوح عوام میں احساس محرومی کا واویلا کر کے بغاوت پر اکسایا۔ آخرکار 14 اگست کو مملکت پاکستان کی صورت میں دنیا کے نقشے پر ابھرنے والی عظیم مملکت کو 16 دسمبر 1971 کو مشرقی پاکستان سے بنگلہ دیش بنا دیا گیا اسکے تلخ حقائق کو سپرد قلم کرنا نہ صرف بہت مشکل ہے بلکہ زخموں پر نمک پاشی کے برابر ہے۔ جب شیخ مجیب نے ہر معاملے میں ہٹ دھرمی دکھائی تو صدر یحییٰ خان نے تین مارچ 1971 کو قومی اسمبلی کا اجلاس ڈھاکہ میں طلب کر لیا قیوم مسلم لیگ پیپلز پارٹی نے مطالبہ کیا کہ اسمبلی سے باہر کوئی فیصلہ کرنے کے بعد اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کریں گے جبکہ شیخ مجیب اسمبلی کے اندر اس لیے فیصلہ کرانا چاہتے تھے کیونکہ اکثریت حاصل ہونے کی وجہ سے ہر فیصلہ ان کی مرضی سے ہونا تھا۔ حالات کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے صدر یحییٰ خان نے اجلاس ملتوی کر کے پارلیمانی گروپوں کے سربراہوں کو ڈھاکہ میں مذاکرات کی دعوت دی جس کو شیخ مجیب نے ماننے سے انکار کر دیا اور عدم تعاون کی تحریک شروع کر دی بہاریوں اور مغربی پاکستانیوں کا قتل عام شروع کر دیا۔ 23 مارچ 1971 کو پاکستان کی جگہ بنگلہ دیش کا پرچم لہرا دیا۔ علیحدگی کی تحریک دیکھتے ہی دیکھتے بغاوت کی صورت اختیار کر گئی جس کو بھارت کی مکمل پشت پناہی حاصل تھی۔ یحییٰ خان اس خوش فہمی میں تھے کہ شیخ مجیب کو وزیراعظم بنانے سے وہ چھ نکات میں کچھ لچک پیدا کریں گے اور ان کی صدارت کی حمایت کریں گے لیکن اس دوران عوامی لیگ متواتر باغیانہ سرگرمیوں میں سرگرم عمل رہی۔ اعلیٰ سرکاری افسران اور تاجر پیشہ لوگوں کو ساتھ ملا لیا جنہوں نے بھاری رقوم عوامی لیگ کی خواہش پر خرچ کی۔ چیف سیکرٹری گورنر کی بجائے مجیب الرحمن کا حکم ماننے لگ گئے۔ ایسٹ بنگال رجمنٹ ایسٹ بنگال ریفلز۔ فوج اور پولیس نے مل کر اہم مقامات پر کنٹرول حاصل کر کے ہندوستان کی امداد طلب کرنے کا منصوبہ بنایا مگر صدر یحییٰ کو اس منصوبے کا علم ہو گیا اور جنرل ٹکا خان کو سازش پر قابو پانے کے لیے گورنر بنا کر بھیجا۔ جنرل ٹکا خان نے فوجی کاروائی سے جب مکمل کنٹرول حاصل کر لیا تو مغربی پاکستان کے خلاف مزید رد عمل پیدا ہو گیا اور مرکزی حکومت عوامی حمایت سے محروم ہوتی چلی گئی۔ اس منصوبے کے تحت بھارت نے 50 ہزار گوریلوں پر مشتمل مکتی باہنی قائم کر کے ظلم و ستم کی انتہا کر دی ادھر بین الاقوامی طور پر عوامی لیگ خود کو مظلوم ظاہر کرنے میں کامیاب ہو گئی مگر پاکستانی حکمران ان کے مظالم سے دنیا کو آگاہ نہ کر سکے بھارت 1965 کی جنگ میں شکست کا بدلہ لینے کے لیے تیاری کر رہا تھا اس کے لیے یہ بہترین موقع تھا کہ پاکستان کو دو لخت کر کے بدلہ لے لے اور یہ بدلہ اس نے لے بھی لیا۔

16 دسمبر 1971 کو بھارتی فوجیوں نے ڈھاکہ پر قبضہ کر لیا اور 17 دسمبر 1971 کو صدر یحییٰ نے حکم پر پاکستانی افواج نے بھارتی افواج کے سامنے ہتھیار ڈال دیے۔ آٹھ جنوری کو رات کو ایک خصوصی طیارے کے ذریعے شیخ مجید رحمان کو غیر مشروط طور پر رہا کر کے لندن بھیج دیا گیا جہاں پہنچ کر انہوں نے آزاد جمہوریہ بنگلہ دیش کا اعلان کیا۔ اس کے بعد نئی دہلی میں اپنے محسنوں کا شکریہ ادا کر کے بنگلہ دیش پہنچے اور صدارتی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی گو کہ دسمبر 71 میں ہوئی لیکن اس کے جراثیم بہت پہلے سے موجود تھے۔

پاکستان میں حقیقی شجرکاری کی ضرورت!

ارضیات کے ماہرین گزشتہ نصف صدی سے خبردار کرتے چلے آرہے ہیں کہ فضاء میں بڑھتی ہوئی آلودگی زمین کی حدت میں اضافہ کا سبب بن رہی ہے۔ اس کے تدارک کیلئے تجاویز بھی دی گئیں لیکن صنعتی ترقی کے خبط میں مبتلا سرمایہ دار ممالک نے موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے ظاہر کیے گئے خطرات کو ہوا میں اڑاتے ہوتے نہ صرف صنعتی ترقی کے نام پر صنعتی پیداوار کو باہمی مقابلے کی شکل دے کر اس میں مزید اضافے کا سلسلہ جاری رکھا بلکہ زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کرنے کے چکر میں ٹیکنالوجی میں بتدریج جدت لاکر فضائی آلودگی کے عمل کو تیز کر دیا گیا۔ تاہم ارضیات کے ماہرین نے دنیا کو خبردار کرنے اور آنے والی خوفناک موسمیاتی تبدیلیوں کی بابت آگاہی کا سلسلہ جاری رکھا۔ 2010ء میں پاکستان شدید بارشوں اور سیلاب کی گھمبیر صورت حال سے دوچار ہوا تو پاکستان میں نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے آنے والے اقوام متحدہ کے خصوصی وفد میں شامل بدلتے موسموں پر نظر رکھنے والے ماہرین کے نمائندوں نے بتایا کہ پاکستان ان دس ممالک کی فہرست میں شامل ہے جو مستقبل میں موسمیاتی تبدیلیوں کی زد میں ہونگے۔ انہوں نے بتایا تھا کہ غیر معمولی بے موسمی بارشوں کے علاوہ گرمیوں میں درجہ حرارت بڑھنے سے انسانی آبادیوں کے ساتھ ساتھ نباتات اور لائیو اسٹاک پر بھی اس کے منفی اثرات پڑ سکتے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے ملک میں عوام الناس اور حکومتوں کی سطح پر مسئلے کی سنگینی کو سمجھنے کے باوجود اس کے حل کی طرف توجہ دینے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔

رواں برس موسم گرما میں درجہ حرارت میں اضافے نے عوام الناس کا جو حال کیا ہے کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ رہی سہی کسر بجلی کی قیمت میں اضافے نے پوری کر دی ہے جس کے بعد عوام الناس کا جینا حرام ہو چکا ہے۔

ماہرین موسمیات کا کہنا ہے کہ وہ ماضی میں جن خدشات کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ پاکستان میں موسمیاتی تبدیلیوں، درجہ حرارت میں اضافہ کی صورت اس کا آغاز ہو چکا ہے۔ 2022ء کے زخم ابھی تازہ ہیں جب تباہ کن بارشوں نے پہلے بلوچستان کو اپنی لپیٹ میں لے کر بے پناہ تباہی مچائی۔ بعدازاں غیر معمولی بارشوں نے جنوبی پنجاب اور خیبر پختونخواہ کو اپنی لپیٹ میں لے کر بڑے پیمانے پر سیلاب کو جنم دیا جس نے پنجاب اور وسطی سندھ کے لاکھوں ایکڑ رقبے کو اپنی لپیٹ میں لے کر وہاں آباد ہزاروں خاندانوں کو بے گھر اور کھڑی فصلوں کو برباد کر دیا۔ موسمیاتی ماہرین ان بارشوں کی وجہ صوبہ کے پی کے میں بڑے پیمانے پر درختوں کی کٹائی کو قرار دے رہے ہیں جو پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے بڑھتے ہوئے واقعات کا سبب بھی ہے۔ ان ماہرین کا کہنا ہے کہ صوبہ سندھ سے جنگلات کا خاتمہ، صوبہ بلوچستان میں درخت اگانے کا شعور نہ ہونا اور صوبہ پنجاب خاص طور پر جنوبی پنجاب کے علاقوں میں جنگلات میں بتدریج کمی ان علاقوں میں بسنے والے انسانوں، جانوروں اور زراعت کے لیے درجہ حرارت میں مزید اضافہ نہایت خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔

اگر ہم برصغیر میں شجرکاری کے حوالے سے تاریخ پر نظر ڈالیں تو مغل سلاطین کا دور ہو یا اس کے بعد سکھوں اور تاج برطانیہ کا راج۔ اس پورے عرصہ کی تاریخ میں باغات و پارک اور ہر طرف بڑے تناور درختوں کی بہتات کے قصے پڑھنے کو ملتے رہے جس کے آثار آج بھی بعض شہروں میں نمایاں ہیں۔ یہ بھی تاریخی حقیقت ہے کہ بدھ مت اور برہمن حکومتوں میں بہت سے مقامی درختوں کی بھگوان کی طرح پوجا کی جاتی رہی ہے۔ ہمارے خطے میں گرمی ماضی کے اس دور میں بھی اپنے پورے جوبن کے ساتھ جلوہ گر ہوا کرتی تھی جس کا توڑ ''ارجن برگد، پلکن، نیم، شیشم اور پیپل،، جیسے دیوقامت درختوں کی چھاؤں سے کیا جاتا تھا۔ انگریز اپنے دور حکومت میں اگر چاہتے تو برطانیہ سے غیر سایہ دار درخت لاکر یہاں ان کی شجرکاری کر سکتے تھے لیکن انہوں نے بھی یہاں کے موسموں کو دیکھتے ہوئے مقامی درختوں کو فوقیت دی۔

پاکستان کے اندر جہاں بھی پرانی چھاؤنیاں ہیں وہاں آج ہر طرف مقامی درختوں کے جھنڈ دیکھے جاسکتے ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد پاک فوج نے ان چھاؤنیوں کا نظام سنبھالا تو انہوں نے بھی شجرکاری کے حوالے سے مقامی درختوں کو ہی اہمیت دی۔ پرانے درختوں کی حفاظت کی گئی اور ان میں ہر گزرتے موسم کے ساتھ اضافہ کا سلسلہ بھی جاری رکھا گیا بلکہ آج بھی کنٹونمنٹس کے دائرہ اختیار میں درختوں کو نمبر لگا کر دفتر میں ان کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے اور درخت کاٹنا جرم تصور ہوتا ہے۔ یہ قوانین ملک کے تمام اضلاع اور میونسپل ادارہ میں بھی موجود ہیں لیکن درختوں کی اہمیت باقی نہ رہنے کی وجہ سے اس پر عملدرآمد کا تصور ہی ختم ہو چکا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دریاؤں، نہروں، ندی نالوں اور اضلاع وصوبوں کو ملانے والی بڑی شاہراہوں پر لگے لاکھوں کروڑوں درخت کاٹ لیے گئے اور کسی نے اس کی پرواہ بھی نہیں کی۔

اب صورتحال یہ ہے کہ گرمی کا موسم زور پکڑتے ہی سوشل میڈیا پر درختوں کی اہمیت اور شجرکاری کی پرزور مہم کا آغاز ہو جاتا ہے۔ کمشنر، ڈپٹی کمشنر، وزرا اور مختلف محکموں کے سربراہان سے نمائشی پودے لگوا کر اخبارات میں اس کی خوب تشہیر کے ذریعے اس کو شجرکاری مہم کا نام دے دیا جاتا ہے جس کا مقصد شجرکاری کو تحریک کی شکل دینا نہیں

جے توں عقل لطیف، کالے لکھ نہ لیکھ



معزز قارئین! پاک پنجاب کے ''پاکپتن شریف'' میں چشتیہ سلسلہ کے ولی اور پنجابی زبان کے پہلے شاعر حضرت بابا فرید الدّین مسعود المعروف بابا فرید شکر گنج کے 782 ویں سالانہ عرس کی پندرہ روزہ تقریبات جاری ہیں، سجادہ نشین دیوان مودود مسعود چشتی فاروقی صدیوں پرانی رسومات ادا کر رہے ہیں، گزشتہ روز بھی انہوں نے عرس مبارک کی نویں روز کی رسومات ادا کیں اور روایتی تبرکات شکر، مکھانے، چینی تقسیم کی، عرس کی تقریبات میں زائرین، عقیدت مندوں، مریدین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ عرس کی بڑی رسم بہشتی دروازہ کی قفل کشائی پانچ محرم الحرام کو ہوتی ہے جبکہ عرس کی تقریبات 10 محرم الحرام تک جاری رہیں گی۔

بابا فرید شکر گنج کی زندگی کا خاص پہلو یہ ہے کہ ''آپ ہندوستان میں خاندانِ غلاماں کے بادشاہ، سلطان غیاث الدّین بلبن (1266-1286) کے داماد تھے۔ لیکن آپ نے اپنے سسر بادشاہ سے کسی قسم کی مراعات حاصل نہیں کی تھیں۔ بابا فرید شکر گنج نے اپنے کلام میں مسلمانوں اور عام انسانوں کی راہنمائی کے لئے بہت کچھ کہا اور لکھا۔ سکھوں کے دوسرے گرو، گرو انگد دیو جی نے بابا فرید شکر گنج کا کلام سکھوں کی مقدس کتاب ''گرنتھ صاحب'' میں شامل کر لیا تھا۔ پاکستان کے سماجی اور سیاسی حالات پر بابا فرید شکر گنج نے بہت پہلے بہت کچھ کہا تھا۔

''مادرِ ملت سے ملاقات!''

مَیں کئی بار لکھ چکا ہوں کہ ''2 جنوری 1965ء کے صدارتی انتخاب سے کچھ دِنوں پہلے ضلع سرگودھا میں مادرِ ملت کی انتخابی مہم کے انچارج اور تحریک پاکستان کے نامور (گولڈ میڈلسٹ) کارکن قاضی مرید احمد نے میری اور میرے صحافی دوست تاج الدّین حقیقت کی لاہور میں مادرِ ملت سے ملاقات کرائی تھی اور اسی دِن، اسی وقت لاہور کے مرزا شجاع الدّین بیگ امرتسری (ریٹائر چیئرمین پیمرا مرزا محمد سلیم بیگ کے والد صاحب) اور پاکپتن شریف کے چودھری محمد اکرم طور (گولڈ میڈلسٹ کارکن تحریکِ پاکستان) سے بھی مادرِ ملت کی ملاقات ہوئی تھی۔ تحریک پاکستان کے دَوران مرزا شجاع الدّین بیگ امرتسری کا آدھے سے زیادہ خاندان سِکھوں سے لڑتا ہوا شہید ہوا اور چودھری محمد اکرم طور نے قیام پاکستان کے بعد مہاجرین کی آبادکاری میں اہم کردار ادا کیا تھا، پھر ان کے صاحبزادگان پروفیسر مرزا محمد سلیم بیگ اور سعید آسی سے میری دوستی گہری ہوتی گئی۔

''پاکپتن شریف میں!''

1966ء میں چودھری محمد اکرم طور نے مجھے پاکپتن شریف مدعو کیا اور وہ مجھے بابا فرید شکر گنج کے مزار مبارک پر بھی لے گئے۔ طور صاحب کو بابا جی کے بہت سے دوہے ازبر تھے اور وہ بڑی محبت سے ان کی تفسیر کیا کرتے تھے۔ اِسی طرح 1968ء میں مرزا شجاع الدّین بیگ امرتسری مجھے بابا بلھے شاہ کے مزار پر قصور لے گئے، ان دِنوں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی ذوالفقار علی بھٹو (مرحوم) کا اور ان کی پارٹی کے قائدین اور کارکنان کا نعرہ ''روٹی، کپڑا اور مکان'' تھا۔ بیگ صاحب اپنے ''دائرہ دوستاں'' میں کہا کرتے تھے کہ ''بھٹو صاحب نے یہ نعرہ بابا بلھے شاہ کے اِس شعر سے حاصل کیا کہ

''منگ اوئے بندیا، اللہ کولوں،
گُلّی، جُلّی، کُلّی!''

یعنی۔ ''اے بندے! تو اللہ سے روٹی، کپڑا اور رہائش کے لئے مکان مانگ''۔

''بابا فرید شکر گنج کے دوہے!''

معزز قارئین! فی الحال مَیں ''روٹی'' کے مسئلے پر بابا فرید شکر گنج کے صِرف 2 دوہے پیش کر رہا ہوں۔ ایک دوہے میں آپ نے فرمایا کہ.....

فریدا! روٹی میری کاٹھ دِی، لاون میری بھکھ!
جنہاں کھادی چوپڑی، گھنے سہن گے دکھ!

یعنی۔ ''اے فرید! میری روٹی لکڑی کی ہے اور میری بھوک ہی میرا سالن ہے اور چپڑی روٹی (پراٹھے) کھانے والے (امرائ، خاص طور پر بدعنوان لوگ (آخرت میں) بہت دکھ برداشت کریں گے''۔ دوسرے دوہے میں بابا جی نے اپنے حوالے سے غریب غرباء کو مشورہ دِیا کہ....

فریدا! رکھی، سکھی کھا کے، ٹھنڈا پانی پی!
دیکھ پرائی چوپڑی، نہ ترسائیں جی!

یعنی۔ ''اے فرید! روکھی سوکھی روٹی کھا کے اور ٹھنڈا پانی پی کر (زندگی بسر کر) لیکن دوسرے لوگ جب چپڑی روٹی کھا رہے ہوں تو انہیں دیکھ کر اپنا جی نہ ترسا''۔ معزز قارئین! بابا فرید شکر گنج کا دَور اچھا دَور تھا، جب عام لوگوں کو کھانے کے لئے (روکھی سوکھی) روٹی مل جاتی تھی اور پینے کے لئے کنویں یا چشمے کا ٹھنڈا اور صاف پانی؟ لیکن آج پاکستان میں غریبوں کے لئے اِس طرح کی نعمتیں کہاں؟

''شکر پڑیاں میں چِلّہ گاہ!''

حضرت بابا شکر گنج نے اپنی حیات میں برصغیر پاک و ہند کے کئی صوبوں، اضلاع، شہروں اور دیہات کے (مقامات/مکانات) پر ''چِلّہ کشی'' کی تھی۔ اسلام آباد کے مرکز میں واقع پہاڑیوں (پڑیوں) پر بھی ''چِلّہ کشی'' کیا کرتے تھے تو اس کا نام بابا جی کے نام پر ''شکر پڑیاں'' پڑ گیا تھا۔ معزز قارئین! مجھے اپنے دوستوں چودھری محمد اکرم طور اور مرزا شجاع الدّین بیگ امرتسری کے ساتھ کئی بار حضرت بابا شکر گنج کی زیارت کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

''کالے لکھ نہ لیکھ!''

لوکی فرگوسن میجر لیگ میں وکٹ لینے پر شاداں

ویرونیکا اور سیبل کے بعد ٹوئنکل سہیل نے بھی چار گولڈ میڈلز اپنے نام کر لیے

جوہانسبرگ (این این آئی) پاکستان کی تین بہنوں نے پاورلفٹنگ میں نئی تاریخ رقم کر دی، ایک ہی ایونٹ میں ایک ساتھ تینوں بہنوں نے مختلف ویٹ کیٹگریز میں چار، چار گولڈ میڈلز جیتے لیے ویرونیکا سہیل اور سیبل سہیل کے بعد ٹوئنکل سہیل نے بھی چار گولڈ میڈلز اپنے نام کیے۔ ساؤتھ افریقہ میں جاری ایونٹ میں ٹوئنکل سہیل 84 کے جی کلاس میں ایکشن میں تھیں مکمل فٹ نہ ہونے کے باوجود ٹوئنکل سہیل نے بھی اپنی کلاس میں کلین سویپ کیا اور چاروں گولڈ میڈلز اپنے نام کیے۔ انہوں نے اسکواٹ، بینچ پریس، ڈیڈ لفٹ اور اوور آل ٹوٹل میں گولڈ میڈلز اپنے نام کیے، اس سے پہلے ان کی بہنوں ویرونیکا سہیل اور سیبل سہیل نے بھی اپنی اپنی ویٹ کیٹیگری میں چار چار گولڈ میڈلز جیتے، یہ پہلا موقع ہے کہ پاورلفٹنگ کے کسی بین الاقوامی ایونٹ میں تین بہنوں نے ایک ساتھ گولڈ میڈلز جیتے، تینوں بہنیں اب 13 جولائی کو ایکوپڈ ایونٹ میں ایکشن میں ہوں گی۔ صوبائی وزیر کھیل پنجاب فیصل کھوکھر نے سہیل سسٹرز کو مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ تین بہنوں نے تاریخ رقم کر کے ملک وقوم کا نام روشن کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر اسپورٹس بورڈ پنجاب نے تینوں بہنوں کو ایونٹ کے لیے ایئر ٹکٹس کے لئے 20 لاکھ روپے اور یونیفارم فراہم کیے تھے۔

زمبابوے اور بھارت کے درمیان چوتھا ٹی ٹونٹی کرکٹ میچ (آج) کھیلا جائے گا

ہرارے (این این آئی) زمبابوے اور بھارت کی مردوں کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان پانچ ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچوں کی سیریز کا چوتھا میچ (آج) ہفتہ کو ہرارے سپورٹس کلب، ہرارے میں کھیلا جائے گا، بھارتی ٹیم کو میزبان زمبابوے کے خلاف پانچ میچوں کی سیریز میں 1-2 کی برتری حاصل ہے۔ زمبابوے کی ٹیم نے پہلے ٹی ٹونٹی میچ میں بھارت کو 13 رنز سے شکست دی تھی جس کے جواب میں بھارتی ٹیم نے دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں جاندار کم بیک کرتے ہوئے میزبان زمبابوے کی ٹیم کو 100 رنز سے شکست دے کر مقابلہ 1-1 سے برابر کر دیا، تیسرے ٹی ٹونٹی میچ میں بھارتی ٹیم نے زمبابوے کو 23 رنز سے شکست دے کر 1-2 کی برتری حاصل کر لی۔ بھارتی کرکٹ ٹیم نے اپنے دورہ زمبابوے کے دوران میزبان ٹیم کے خلاف پانچ ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز کھیلنا ہے جس کے تین میچز کھیلے جا چکے ہیں۔ زمبابوے اور بھارت کی ٹیموں کے درمیان 5 ٹی ٹونٹی کرکٹ میچوں کی سیریز کے تمام میچز ہرارے سپورٹس کلب، ہرارے میں کھیلے جائیں گے۔ بھارتی ٹیم کو شبمن گل لیڈ کریں گے جبکہ زمبابوے کی ٹیم کی قیادت سکندر رضا کریں گے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا چوتھا میچ (آج) ہفتے کو کھیلا جائے گا۔

بابر کپتانی کیلئے بہتر انتخاب نہیں، رضوان کو یہ ذمہ داری دی جائے، سرفراز نواز

میں نے ذکا اشرف اور محسن نقوی کو وہاب ریاض کی غیر ذمہ دارانہ صلاحیتوں سے متعلق خطوط لکھے، گفتگو

کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق فاسٹ بولر سرفراز نواز نے ٹیسٹ ٹیم کی کپتانی کیلئے شان مسعود کو کپتان برقرار رکھنے اور وائٹ بال فارمیٹ کیلئے محمد رضوان کو کپتان بنانے کی حمایت کردی ہے۔ مقامی میڈیا سے گفتگو کے دوران سرفراز نواز نے قومی سلیکشن کمیٹی پر کڑی تنقید کرتے ہوئے پوری سلیکشن کمیٹی کو نا اہل کرنے کا مطالبہ کیا۔ سرفراز نواز نے کہا کہ ورلڈ کپ سے قبل پریس کانفرنس کے دوران سارے ممبرز نے تسلیم کیا تھا کہ قومی ٹیم کا انتخاب اتفاق رائے سے کیا گیا لہٰذا کمیٹی کا ہر رکن سلیکشن کا ذمہ دار ہے، سلیکشن کمیٹی نے اجتماعی طور پر نا اہلی کا مظاہرہ کیا لہٰذا سب کو برطرف کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ذکا اشرف اور محسن نقوی کو وہاب ریاض کی غیر ذمہ دارانہ صلاحیتوں سے متعلق خطوط لکھے جس کا ریکارڈ بھی میرے پاس موجود ہے لیکن میری تجویز پر کسی نے عمل نہیں کیا، اچھی طرح جانتا تھا کہ وہاب کسی بھی طرح سلیکٹر، ایڈوائزر اور مینیجر کی ذمہ داری اٹھانے کے قابل نہیں۔ سرفراز نواز نے زور دیتے ہوئے کہا کہ صرف وہاب اور عبدالرزاق جیسے افراد کی برطرفی کافی نہیں، اگر ہم سسٹم کو ٹھیک کرنا چاہتے ہیں تو بڑی سرجری کی ضرورت ہے، قومی ٹیم کیلئے 3 رکنی سلیکشن کمیٹی ہونی چاہیے، صرف وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو نکالنا کافی نہیں، اسد شفیق جو کہ خاموش تماشائی ہیں اور محمد یوسف بھی سلیکشن کمیٹی کے اہل نہیں۔ سرفراز نواز نے ڈومیسٹک اور فرنچائز کرکٹ میں محمد رضوان کی کامیاب پرفارمنس کا حوالہ دیتے ہوئے انہیں وائٹ بال فارمیٹس کے لیے کپتانی دینے کی حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ رضوان نے ماضی میں کے پی کے کو تمام ڈومیسٹک ایونٹس جیتنے میں بہترین کردار ادا کیا جب کہ بطور ملتان سلطانز کپتان ان کی کارکردگی کئی سالوں سے سب کے سامنے ہے، وہ کپتانی کے لیے ایک بہترین انتخاب ہے، بابر اعظم میں اعتماد کم ہے وہ کپتانی کیلئے بہتر انتخاب نہیں۔

موقع بہت بڑا، گوتم گمبھیر پر منحصر ہے کہ کیسے فائدہ اٹھاتا ہے، شاہد آفریدی کا گمبھیر کے ہیڈ کوچ بننے پر ردعمل

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے گوتم گمبھیر کو بھارتی کرکٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ بنائے جانے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سمجھتا ہوں کہ یہ نیا موقع بہت بڑا ہے، اب گوتم گمبھیر پر منحصر ہے کہ وہ اس سے کیسے فائدہ اٹھاتا ہے۔ ایک غیر ملکی اسپورٹس چینل سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد آفریدی نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نیا موقع بہت بڑا ہے، اب گوتم گمبھیر پر منحصر ہے کہ وہ اس سے کیسے فائدہ اٹھاتا ہے۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ کبھی ان کے انٹرویوز وغیرہ سننے کو ملتے ہیں، وہ مثبت اور سیدھی بات کرتے ہیں۔

بھارتی باکسر کو شکست دینے والے سندھ پولیس کے جوان شہیر آفریدی کراچی پہنچ گئے

کراچی (این این آئی) تھائی لینڈ میں پروفیشنل باکسنگ میں بھارتی باکسر کو شکست دینے والے سندھ پولیس کے جوان شہیر آفریدی کراچی پہنچ گئے۔ کراچی ایئرپورٹ پر ڈی آئی جی ایسٹ غلام اظفر مہیسر، ایس ایس پی علی رضا، ایس ایس پی ملیر کاشف عباسی اور سندھ پولیس کے جوانوں نے شہیر آفریدی کا استقبال کیا اور ایئرپورٹ پاکستان زندہ باد اور سندھ پولیس زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔ سندھ پولیس کے جوان نے بھارتی باکسر رونت سولنکی کو تھائی لینڈ میں مقابلے میں شکست دی تھی۔ شہیر آفریدی نے بھارتی حریف کو تیسرے راؤنڈ میں ہی ناک آؤٹ کیا تھا۔ اس حالیہ کامیابی کیلئے ساتھ شہیر آفریدی پروفیشنل مڈل ویٹ کیٹیگری کے ایشین چیمپین بن گئے ہیں۔

دورہ انگلینڈ کے دوران فاسٹ بولر کا بیٹنگ کوچ محمد یوسف سے تلخ جملوں کو تبادلہ ہوا، اندرونی کہانی سامنے آگئی

لاہور (میاں شہروز) قومی ٹیم کے فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کے کوچ سے نامناسب رویے کی اندرونی کہانی منظر عام پر آ گئی۔ دورہ انگلینڈ کے دوران فاسٹ بولر کی بیٹنگ کوچ محمد یوسف سے تلخ جملوں کو تبادلہ کیا تھا جس کی شکایت کوچ نے چیئرمین پی سی بی کو حالیہ رپورٹس میں کی تاہم اس بحث کے بعد شاہین نے سینئر ٹیم مینیجر وہاب ریاض سے سرزنش کے بعد سابق لیجنڈری کرکٹر سے معذرت کر لی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹیم مینجمنٹ کے متعدد ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ بحث ''ہیٹ آف دی مومنٹ'' کا نتیجہ تھی تاہم اسے فوری طور پر حل کر دیا گیا تھا، جس کے باعث رپورٹ نہیں کیا گیا۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ اس واقعے کو بتاتے ہوئے ذرائع نے کہا کہ جب آفریدی ہیڈنگلے میں نیٹ میں باؤلنگ کر رہے تھے تو محمد یوسف نے پاس جا کر نوبالز کی نشاندہی کی جس پر شاہین ناراض ہو گئے اور بحث شروع ہوئی، شاہین نے یوسف سے کہا کہ وہ انہیں کرنے دیں جیسا وہ کر رہے ہیں انہیں اپنے کوچنگ کے کام پر دھیان دینا چاہیے۔ بعد ازاں سینئر مینیجر وہاب ریاض نے شاہین آفریدی کو ان کے رویے پر سرزنش کی تھی، شاہین نے اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے سابق بیٹنگ لیجنڈ سے معذرت بھی کی تھی۔ ذرائع نے جب پوچھا کہ پی سی بی کو اس کی اطلاع کیوں نہیں دی گئی تو انہوں نے بتایا کہ ''یہ ہیٹ آف دی مومنٹ کا نتیجہ تھا اور معمول کے معاملے سے زیادہ کچھ نہیں تھا، لہٰذا اس باب کو وہیں اور پھر بند کر دیا گیا تھا۔ بدھ کے روز کوچز اور ٹیم مینجمنٹ نے چیئرمین پی سی بی سے شاہین کے رویے کی شکایت کی، ذرائع نے کہا کہ دیکھیں، جب آپ مہینوں کے دورے پر ہوتے ہیں، تو یہ معمولی گرما گرم بحثیں ہوتی ہیں! جہاں تک میں جانتا ہوں اس میں کوئی بڑی بات نہیں تھی جس کیلئے کسی کے خلاف سخت کارروائی کی ضرورت ہو۔

صاحبزادہ فرحان پاکستان شاہینز کے کپتان مقرر

اسلام آباد (چوہدری عمران شوکت) پاکستان کرکٹ بورڈ نے صاحبزادہ فرحان کو پاکستان شاہینز کا کپتان مقرر کر دیا، وہ دورہ آسٹریلیا میں بنگلہ دیش اے کے خلاف ریڈ بال سیریز میں پاکستان کی قیادت کریں گے۔ پاکستان شاہینز کے دورہ آسٹریلیا کے لیے روانگی میں تبدیلی کر دی گئی ہے، اب شاہینز ہفتے کی علی الصبح پونے تین بجے آسٹریلیا کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ ٹیم براستہ دبئی برسبین پہنچے گی، جہاں سے وہ ڈارون روانہ ہوگی، دورہ آسٹریلیا میں بنگلہ دیش اے کے خلاف 2 چار روزہ میچوں کی سیریز کھیلی جائے گی۔ چار روزہ میچوں کی سیریز کے لیے شاہینز کے کپتان صاحبزادہ فرحان ہوں گے۔

نسیم شاہ کے چھوٹے بھائی حنین شاہ انجری باعث دورہ آسٹریلیا سے باہر

اسلام آباد (این این آئی) قومی ٹیم کے فاسٹ بولر نسیم شاہ کے چھوٹے بھائی حنین شاہ انجری باعث دورہ آسٹریلیا سے باہر ہو گئے۔ پاکستانی ٹیم میں ڈیبیو کرنے سے قبل انجری کے شکار حنین شاہ کو دورہ آسٹریلیا کیلئے ٹیم سے ڈراپ کر دیا گیا ہے جبکہ انکی جگہ قاسم اکرم کو اسکواڈ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ پاکستان شاہینز کی ٹیم کو دورہ آسٹریلیا کے دوران بنگلا دیش اے کے خلاف 2 چار روزہ میچز کھیلنے ہیں۔ شاہینز ہفتے کی صبح 2 بجکر 45 منٹ پر آسٹریلیا کے لیے روانہ ہوگی اور دبئی سے براستہ برسبین روانہ ہوگی۔ صاحبزادہ فرحان بنگلہ دیش اے کے خلاف آسٹریلیا میں دو چار روزہ میچوں کی سیریز کے دوران شاہینز کی کپتانی کریں گے۔ ٹیسٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی بھی ٹیم کے ہمراہ جائیں گے، اگست کے شروع میں بنگلہ دیش اے کے خلاف دوسرے چار روزہ میچز کے بعد قومی ٹیم کے ٹریننگ کیمپ کی نگرانی کریں گے۔

پیرس اولمپکس 2024 کے آغاز سے قبل ہی 86 لاکھ سے زائد ٹکٹس فروخت ہو گئے

پیرس (این این آئی) پیرس اولمپکس 2024 کے آغاز سے قبل ہی 86 لاکھ سے زائد ٹکٹس فروخت ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اولمپکس 2024 کے منتظم ٹونی ایسٹاگوئٹ نے بتایا کہ پیرس اولمپکس کے آغاز سے قبل ہی مداحوں کی جانب سے دلچسپی دیکھنے کو مل رہی ہے جس کے 86 لاکھ سے زائد ٹکٹس ایونٹ کے آغاز سے پہلے فروخت ہو چکے ہیں۔ منتظمین نے توقع ظاہر کی ہے کہ 26 جولائی سے 11 اگست تک ہونے والے ایونٹ میں ٹکٹوں کی فروخت کی تعداد 10 ملین (یعنی 1 کروڑ سے زائد) ہو جائے گی جبکہ 28 اگست سے 8 ستمبر تک ہونے والے پیرا اولمپکس کیلئے 3.4 ملین اضافی افراد کی آمد بھی متوقع ہے۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ سال 1996 کے اٹلانٹا گیمز میں 83 لاکھ ٹکٹس بیچے گئے تھے تاہم ایونٹ کے آغاز سے قبل ریکارڈ توڑنا قابلِ فخر ہے تاہم کوشش ہے نیا ریکارڈ بنائیں۔

میجر لیگ کرکٹ میں ہینرچ کلیسن نصف سنچری کرنے پر بلا ہوا میں لہرا رہے ہیں

شاہین آفریدی کے ہاں ننھے مہمان کی آمد جلد متوقع



کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بالر شاہین آفریدی کے ہاں ننھے مہمان کی آمد جلد متوقع ہے، سابق کپتان شاہد آفریدی جلد نانا بن جائیں گے۔ قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ممکنہ طور پر بچے کی ولادت کے باعث بنگلادیش کے خلاف ہونے والے ٹیسٹ میچ میں فاسٹ بالر شرکت نہ کر سکیں۔ ان کے مطابق شاہین آفریدی کے ہاں چند ہفتے بعد بچے کی ولادت متوقع ہے اس لیے روایتی انداز میں اگر وہ بچے کی پیدائش تک اپنی اہلیہ کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو ہم انہیں آرام دے سکتے ہیں۔ ہیڈ کوچ نے بتایا کہ ٹیسٹ ٹیم کی کپتانی شان مسعود کریں گے جب کہ بابر اعظم سے لاہور میں ملاقات ہوئی ہے۔ واضح رہے کہ بنگلا دیش کرکٹ ٹیم اگست کے تیسرے ہفتے میں پاکستان آئے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ 21 سے 25 اگست کے دوران راولپنڈی میں جبکہ دوسرا ٹیسٹ 30 اگست سے 3 ستمبر کے دوران کراچی میں کھیلا جائے گا۔ ٹیسٹ میچز ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہیں، دورے میں بنگلا دیش کی ٹیم 2 ٹیسٹ میچز کھیلے گی۔

فاسٹ باؤلر جیمز اینڈرسن کو گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

SHOWBIZ
قوت

مجھے شادی کرنی نہیں چاہیے تھی اگر کر لی تھی تو نبھانی چاہیے تھی، اداکارہ حبا علی خان

لاہور (شوبز ڈیسک) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ حبا علی خان کا کہنا ہے کہ میں یہ سوچتی تھی کہ مجھے شادی کرنی نہیں چاہیے تھی اور اگر کر لی تھی تو پھر نبھانی چاہیے تھی۔ اداکارہ حبا علی خان نے نجی فیشن میگزین کو انٹرویو دیا اور اس دوران نجی زندگی اور شوبز کیریئر سمیت دیگر موضوعات پر اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ میری فیملی میں سب برے حالات میں شادی چلا رہے تھے، میرے دماغ میں فکسڈ تھا کہ شادی چلانی ہے یا پھر بچے کی پیدائش کے بعد تو طلاق نہیں لینی چاہیے تھی۔ حبا علی خان نے کہا کہ میں یہ سوچ رہی تھی کہ چار چیزیں اس بندے کی اچھی ہے دو برداشت کر لیتے ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ بچے کی کسٹڈی کے وقت مجھے بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، والد بچے کی کسٹڈی اس لیے بھی لینا چاہتے ہیں کہ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ بہتر پرورش کر سکتے ہیں۔ حبا علی خان نے کہا کہ دس بارہ سال کی عمر تک بھی بچے کو والدہ کی ضرورت ہوتی ہے لیکن باپ سے بھی بچے الگ نہیں ہونے چاہئیں۔ ایک سوال کے جواب میں اداکارہ نے بتایا کہ شوہر سے طلاق لیتے وقت کوئی لڑائی جھگڑا نہیں ہوا بلکہ ڈنر پر ساتھ گئے تھے وہاں علیحدگی کا فیصلہ کیا۔ حبا علی خان نے کہا کہ شوہر بھی برے آدمی نہیں تھے کیونکہ وہ میرے بچے کے باپ ہیں لیکن ہم ایک دوسرے کو سمجھ نہیں پا رہے تھے، میں روز ایک بات پر لڑ نہیں سکتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ عورت کو یہ بھی پچھتاوا ہوتا ہے کہ اس نے دنیا کی ہر چیز بچے کے پاس رکھی ہوئی لیکن باپ نہیں ہے۔

اداکارہ وماڈل ہانیہ عامر کی دو ہمشکل لڑکیوں کے بعد اب اُن کا ہمشکل لڑکا بھی منظرِ عام پر آ گیا

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی فلم و ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ و ماڈل ہانیہ عامر کی دو ہمشکل لڑکیوں کے بعد اب اُن کا ہمشکل لڑکا بھی منظرِ عام پر آ گیا ہے۔ سوشل میڈیا کے مختلف پیجز پر بھارتی لڑکے کی مختصر ویڈیو وائرل ہو رہی ہے، ویڈیو میں نظر آنے والے لڑکے کو اُن کی گوری رنگت اور چہرے کے ڈمپل کی وجہ سے ہانیہ عامر کا ہمشکل قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ ویڈیو نا صرف بھارت بلکہ پاکستان کے سوشل میڈیا پیجز پر بھی تیزی سے وائرل ہو رہی ہے، جہاں صارفین کی جانب سے دلچسپ تبصروں کا سلسلہ جاری ہے۔ ویڈیو میں لڑکے کو بالی ووڈ گانے پر لپ سنک کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے جبکہ اس دوران لڑکے کی مسکراہٹ اور ڈمپل کی وجہ سے انہیں ہانیہ عامر کا ہمشکل کہا جا رہا ہے۔ بھارتی لڑکے کی ویڈیو پر تبصرے کرتے ہوئے کچھ صارفین نے انہیں پاکستانی اداکار عمران اشرف جبکہ کچھ صارفین نے بھارتی گلوکار رہنی سنگھ کا بھی ہمشکل قرار دے دیا۔ واضح رہے کہ اس لڑکے سے قبل ہانیہ عامر کی ہمشکل سوشل میڈیا انفلوئنسرز کی ویڈیوز بھی وائرل ہوئی تھیں، اکتوبر 2023 میں آسٹریلوی سوشل میڈیا اسٹار سعدیہ یوسفی کو ہانیہ عامر کی ہمشکل قرار دیا گیا تھا۔ اس سے قبل جون 2023 میں ترکیہ کی سوشل میڈیا اسٹار اور بلاگر علینہ اوزترک کی تصاویر بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھیں جس کے بعد انہیں ہانیہ عامر کی ہمشکل کہا گیا تھا۔

جنید ممبئی میں سفر کیلئے کار نہیں لینا چاہتا بلکہ وہ پبلک ٹرانسپورٹ کو ترجیح دیتا ہے، عامر خان

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی وڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان کے بیٹے جنید پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرتے ہیں اور کار نہیں استعمال کرتے، اس پر عامر خان کا بیان سامنے آیا ہے۔ ایک تازہ انٹرویو میں عامر خان نے بتایا کہ جنید ممبئی میں سفر کیلئے کار نہیں لینا چاہتا بلکہ وہ پبلک ٹرانسپورٹ کو ترجیح دیتا ہے۔ جنید خان کا کہنا تھا کہ ممبئی میں رکشے پر گھومنا آسان ہوتا ہے اور پارکنگ کی فکر بھی نہیں ہوتی۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں اپنی فیملی کی مکمل سپورٹ حاصل ہے اور کوئی دباؤ نہیں ہے اور وہ اپنا مقام حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ یاد رہے کہ جنید خان نے اپنا بالی وڈ ڈیبیو فلم 'مہاراج' سے کیا ہے جس کو نیٹ فلکس پر ریلیز کیا گیا ہے۔

جیکولین فرنینڈس کی سالگرہ پر 100 آئی فون تقسیم کرنے کا اعلان

ممبئی (شوبز ڈیسک) کروڑوں کی منی لانڈرنگ میں گرفتار سکیش چندر شیکھر نے جیکولین فرنینڈس کی سالگرہ پر 100 آئی فون تقسیم کرنے کا اعلان کر دیا۔ بھارتی اداکارہ کی سالگرہ 11 اگست کو ہے اور سکیش چندر شیکھر کا جیل سے اداکارہ کو لکھا گیا خط سامنے آیا ہے۔ سکیش نے اداکارہ سے ایک بار پھر محبت کا اعتراف کرتے ہوئے جیکولین کے گانے یمی یمی کو سپورٹ کرنے والے ان کے 100 مداحوں کو آئی فون 15 پرو دینے کا اعلان کیا ہے۔ ملزم نے کے خط میں یہ بھی لکھا کہ وہ تمام بے بنیاد الزامات سے باہر نکلنے کے منتظر ہیں اور وہ اداکارہ کے دکھوں کا مداوا کریں گے۔ جیکولین فرنینڈس نے سکیش چندر شیکھر کے پیغامات روکنے کے لیے درخواست دائر کی ہوئی ہے تاہم اس کے باوجود خطوط کا سلسلہ جاری ہے۔

مکیش امبانی کے بیٹے کی شادی کیلئے جو کارڈ بنایا گیا ہے اس کی قیمت 7 لاکھ روپے ہے

ممبئی (شوبز ڈیسک) انڈیا کے بزنس ٹائیکون مکیش امبانی کے چھوٹے بیٹے کی شادی کی تقریبات کا سلسلہ جاری ہے جس پر کروڑوں روپے خرچ ہو چکے ہیں جبکہ یہ سلسلہ مزید جاری رہے گا۔ بھارتی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ شادی کیلئے جو کارڈ بنایا گیا ہے اس کی قیمت 7 لاکھ روپے ہے اور امبانی خاندان کیلئے یہ سب سے مہنگا کارڈ بن گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق دعوت نامے کے ساتھ مہمانوں کو 10 سے 12 ہزار کی ایک چادر اور سونا سمیت قیمتی تحائف بھی دیے گئے ہیں۔ مکیش امبانی کے بڑے بیٹے آکاش امبانی کی شادی کے کارڈ کی قیمت ڈیڑھ لاکھ روپے تھی جب کہ بیٹی ایشا امبانی کے کارڈ کی قیمت 3 لاکھ بھارتی روپے تھی۔ یاد رہے کہ اننت امبانی کی شادی رواں ماہ کو ہوگی لیکن اس سے قبل امبانی خاندان کی جانب سے مختلف تقریبات کا اہتمام نہ صرف بھارت بلکہ اٹلی میں کیا گیا۔

ایوارڈ شوز کو بیکار کہنے پر عمران ہاشمی کی کنگنا رناوت پر تنقید

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکار عمران ہاشمی نے ایوارڈ شوز کو بیکار کہنے پر کنگنا رناوت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ عمران ہاشمی کا کہنا تھا کہ وہ کسی بھی ایوارڈ شو کی بے توقیری کرنا نہیں چاہیں گے لیکن وہ لوگ جو انہیں اپنے گھروں کے کمروں میں سجا کر رکھنا چاہتے ہیں انکی مرضی وہ اس میں شامل ہوں۔ واضح رہے کہ کنگنا رناوت ایوارڈ شوز میں شرکت کے حوالے سے تنقید کرتی رہتی ہیں۔ انکا کہنا ہے کہ وہ شوز میں شرکت نہیں کرتیں کیونکہ یہ سب ٹی آر پیز ہیں جہاں ایک اداکار پرفارم کرتا ہے اس کے بعد اسے ایک ایوارڈ ملتا ہے۔ دوسری جانب عمران ہاشمی بھی ایوارڈ تقریبات میں شرکت سے گریز کرتے ہیں اور اس بارے میں سوبھانکر مشرا کے ساتھ پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے انکا کہنا تھا کہ انھوں نے کنگنا کے ریمارکس پر اسی وقت روشنی ڈالی تھی۔ عمران ہاشمی سے کہا گیا کہ ایوارڈ شوز پر اپنی آرا کا اظہار کریں اور کیا وہ سمجھتے ہیں کہ یہ بے مقصد ہیں جیسا کہ کنگنا کہتی ہیں۔ اس پر عمران ہاشمی کا کہنا تھا کیونکہ اسکے بعد انھیں ملنا بند ہو گیا؟ مجھے یاد نہیں کہ مجھے کونسا ایوارڈ ملا لیکن مجھے یہ پتہ چل گیا کہ اسکے پیچھے ہوتا کیا ہے، اگر آپ انکے لیے پرفارم کر رہے ہیں وہ ایک بات ہے، یہ دراصل ایک بارٹر ڈیل ہے یعنی لین دین پر مبنی ہے۔ ابھی میں یہ نہیں کہوں گا کہ اسکی ویلیو ہے یا نہیں، نہ میں ایوارڈز پر تنقید کروں گا، جن لوگوں کو اپنے گھروں کے کمرے سجانے ہیں وہ کریں! وہ جا کر پرفارم کریں۔ واضح رہے کہ عمران اور کنگنا نے کئی فلموں میں اکٹھے کام کیا ہے جن میں گینگسٹر، راز، دی مائسٹری کنٹینیوز اور ونس اپون اے ٹائم ان ممبئی شامل ہیں۔ جبکہ عمران آئندہ شو ٹائم میں نظر آئیں گے۔

اداکار زید خان اور اداکارہ امرتا راؤ 20 سال بعد دوبارہ ایک ساتھ آ گئے

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی اداکار زید خان اور اداکارہ امرتا راؤ 20 سال بعد دوبارہ ایک ساتھ آ گئے جس نے مداحوں میں کھلبلی مچا دی۔ 2004 کی سپر ہٹ فلم ''میں ہوں نا'' میں نظر آنے والے زید اور امرتا کی 20 سال بعد ایک ساتھ کام کرتے ایک ویڈیو وائرل ہو گئی۔ مداحوں نے اس ویڈیو پر تبصرے کرنا شروع کر دیے اور بے چینی اس حد تک بڑھ گئی کہ کئی مداح یہ پوچھ بیٹھے کہ کیا میں ہوں نا 2 بننے جا رہی ہے۔ سوشل میڈیا پر شیئر اس ویڈیو میں زید خان اور امرتا راؤ کو اسی طرح کے حلیے میں دیکھا جا سکتا ہے جیسا کہ دونوں اداکاروں نے اپنی 21 برس پرانی فلم میں اپنایا تھا۔ ایک پاپارازی فوٹوگرافر اکاؤنٹ سے شیئر اس ویڈیو میں دونوں اداکاروں کو ایک ساتھ سیٹ پر دیکھا گیا ہے جبکہ وہ کسی پروجیکٹ کی شوٹنگ میں مصروف ہیں۔ علم میں رہے کہ دونوں کس پروجیکٹ کی شوٹنگ کر رہے ہیں اس حوالے سے کوئی تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔

یشما گل نے بابر اعظم کو پسندیدہ کرکٹر قرار دے دیا

لاہور: (ویب ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ یشما گل نے بابر اعظم کو پسندیدہ کرکٹر قرار دے دیا۔ حال ہی میں اداکارہ یشما گل نے ایک انٹرویو کے دوران جہاں مختلف موضوعات پر گفتگو کی وہیں انہوں نے اپنی پسندیدہ کرکٹ شخصیت کا نام بھی بتا دیا۔ انٹرویو کے دوران ایک سوال کے جواب میں یشما گل نے کہا کہ بابر اعظم میرے پسندیدہ کرکٹر ہیں کیونکہ وہ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں، بابر دنیا کے نمبر ون بیٹسمین ہیں جو کہ پاکستان کے لیے قابل فخر بات ہے۔ میزبان نے سوال کیا کہ کیا آپ کی کسی کرکٹر سے دوستی ہے؟ جس پر یشما کا کہنا تھا کہ میری کبھی بھی کسی کرکٹر سے کوئی ملاقات یا بات نہیں ہوئی تو پھر دوستی کیسے ہو سکتی ہے۔

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

آئی ٹی کمپنیوں کو بیرون ملک حصص حاصل کرنے، مارکیٹنگ، نمائندہ دفاتر قائم کرنیکی اجازت کا خیر مقدم

اس اقدام سے آئی ٹی کی برآمدات میں اضافے کو ترغیب ملے گی' پاکستانی ٹیک انٹر پرینیور، نعمان سعید

لاہور(میاں شہروز)معروف پاکستانی ٹیک انٹر پرینیور، سرمایہ کار اور انفارمیشن ٹیکنالوجی اسٹارٹ اپس کے سرپرست نعمان سعید نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے برآمدی آئی ٹی کمپنیوں کو بیرون ملک اداروں میں حصص حاصل کرنے اور بیرون ملک مارکیٹنگ، رابطہ اور نمائندہ دفاتر قائم کرنے کی اجازت دینے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام سے آئی ٹی برآمدات میں اضافے کو ترغیب ملے گی ۔اپنے دفتر میں ملاقات کیلئے آنے والے آئی ٹی کمپنیوں کے نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فیصلے کے مطابق بینکوں کو بیرون ملک مارکیٹنگ، رابطہ اور نمائندہ دفاتر کے قیام یا حصول اوران کے سالانہ بجٹ کے آپریشنل اخراجات کی ترسیل کے لئے بیرون ملک ایکویٹی سرمایہ کاری کی اجازت بھی دی گئی ہے،اس کے علاوہ آئی ٹی شعبے میں کام کرنے والی کمپنیاں آف شور اپنے کاروبار کو وسعت دے کر برآمدات بڑھانے میں سہولت فراہم کرنے کے لئے مجاز ڈیلرز کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ ماتحت اداروں کے قیام اور حصول کے لئے بیرون ملک ایکویٹی سرمایہ کاری کی اجازت دیں اور کسی ادارے میں ماتحت اداروں میں اضافی سرمایہ کاری کریں۔انہوں نے کہا کہ فارن ایکسچینج مینوئل کے باب 20 کے پیرا 13 (2) اے کی شقوں پر نظر ثانی سے ایکسپورٹ پر مبنی کمپنیوں، خاص طور پر آئی ٹی سیکٹر میں کام کرنے والی کمپنیوں کو بیرون ملک اپنے قدم جمانے اور ملکی برآمدات میں اضافے میں مزید سہولت ملے گی ۔انہوں نے کہا کہ اہم ترامیم سے آئی ٹی سیکٹر میں کام کرنے والی برآمدی کمپنیوں کے لئے ایک نئی ای آئی اے کیٹیگری اور ایکسپورٹرز اسپیشل فارن کرنسی اکاؤنٹس سے ای آئی اے کے لئے فنڈز استعمال کرنے والے برآمد کنندگان کیلئے بینک کی پیشگی نامزدگی کی شرط کو ختم کر دیا گیا ہے۔

حساس اداروں کو فون ٹیپ کی اجازت دینے کے خلاف درخواست پر لارجر بنچ بنانے کی سفارش

لاہور(این این آئی)لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے وفاقی حکومت کی جانب سے حساس اداروں کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دینے کے خلاف درخواست پر لارجر بنچ تشکیل دینے کی سفارش کر دی۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے سابق رکن اسمبلی غلام سرور کی درخواست پر سماعت کی۔جسٹس فاروق حیدر نے درخواست لارجر بنچ کی تشکیل کیلئے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کو بھجوا دی۔لاہور ہائیکورٹ نے اپنے نوٹ میں لکھا کہ درخواست میں اہم قانونی نکات اٹھائے گئے ہیں، ایسے میں کیس کی سماعت کیلئے لارجر بنچ بنایا جائے۔وفاقی حکومت کا حساس ادارے کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دینے کا اختیار لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا، درخواست میں وزیراعظم، وفاقی حکومت اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا۔درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے ایک نوٹیفکیشن میں حساس ادارے کو لوگوں کے فون ٹیپ کرنے کی اجازت دی ہے، پی ٹی اے ایکٹ کے جس سیکشن کے تحت نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے اس کے ابھی تک رولز نہیں بنے، آئین پاکستان شہریوں کو پرائیویسی، آزادی اظہار رائے فراہم کرتا ہے۔مزید کہا گیا کہ انڈین سپریم کورٹ کے مطابق بھی لوگوں کے فون ٹیپ کرنا آئین کی خلاف ورزی ہے۔درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت حساس ادارے کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دینے کا نوٹیفکیشن غیر قانونی قرار دے، درخواست کے حتمی فیصلے تک مذکورہ نوٹیفکیشن کی کارروائی کو معطل کیا جائے۔

نان فائلرز وزارت توانائی کے بھی نشانے پر، بجلی بلوں میں ایڈوانس انکم ٹیکس عائد

اسلام آباد: (کامرس ڈیسک) وزارت توانائی ایف بی آر کے نقش قدم پر چلنے لگی، وزارت توانائی نے نان فائلرز کو نشانے پر رکھ لیا، نان فائلر صارفین پر بجلی کے بلوں میں ایڈوانس انکم ٹیکس بھی عائد ہوگا۔نیپرا نے بجلی کی قیمتوں میں 7 روپے 12 پیسے اضافے کی منظوری دی اور قیمتوں کا اطلاق بھی ہوگیا لیکن بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ٹیکسز کی بھی بھر مار ہوئی ہے۔ایف بی آر کے نقش قدم پر چلتے ہوئے وزارت توانائی کی جانب سے بھی نان فائلر صارفین پر بجلی کے بلوں میں ایڈوانس انکم ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔حکام وزارت توانائی کے مطابق نان فائلر کے 25 ہزار کے بجلی کے بلوں میں 5 سے 7 فیصد ایڈوانس انکم ٹیکس عائد ہوگا، حکام نے یہ بھی بتایا ہے کہ کمرشل بجلی صارفین کے بلوں پر 10 سے 12 فیصد انکم ٹیکس بھی عائد ہوگا۔

ایف بی آر نے دکانداروں کیلئے ٹیکس کی ادائیگی کے انتہائی آسان نظام کا مسودہ تیار کرلیا

42 شہروں میں دکانوں/ آؤٹ لیٹس کے محل وقوع کی بنیاد پر مارکیٹ/ علاقہ وار ٹیکس کی فلیٹ شرح ہو گی

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے تاجروں، دکانداروں اور خوردہ فروشوں کے لیے ٹیکس کی ادائیگی کے انتہائی آسان نظام کا مسودہ تیار کیا ہے جس میں 42 شہروں میں دکانوں/ آؤٹ لیٹس کے محل وقوع کی بنیاد پر مارکیٹ/ علاقہ وار ٹیکس کی فلیٹ شرح (سالانہ/ ماہانہ) ہو گی ۔اسکوائر فٹ کی بنیاد پر ٹیکس کی ادائیگی کا تصور ختم کر دیا گیا ہے اور ایف بی آر نے رقبہ کی بنیاد پر ٹیکس کی فلیٹ ریٹ کی تجویز دی ہے۔ ایف بی آر غیر منقولہ جائیدادوں کی تشخیص کے جدولوں کی بنیاد پر دکانوں کے علاقوں کا تعین نہیں کرے گا بلکہ چھوٹے تاجروں کے لیے ایک سادہ فلیٹ ریٹ سسٹم بنائے گا۔ بازاروں کو تین قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے یعنی اعلی درجے کی دکانیں جو کہ پرائم/ پوش مقامات پر واقع ہیں، درمیانے درجے کی دکانیں اور چھوٹی دکانیں جو کم پرائم علاقوں میں واقع ہیں۔ پوش علاقے کی دکانوں پر زیادہ ٹیکس، درمیانے درجے کی دکانوں پر نسبتاً کم ٹیکس اور چھوٹی دکانوں پر بہت کم ٹیکس تجویز کیا گیا ہے۔ ایف بی آر نے ٹیکس ادائیگی اسکیم کو حتمی شکل دینے کے لیے مشاورتی عمل کے تحت فہرستوں کا مسودہ تیار کر کے تاجروں کے نمائندوں کے ساتھ شیئر کیا ہے اور اس پر مشاورت کا بھی آغاز کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے مزید کہا کہ توقع ہے کہ ایف بی آر آئندہ ہفتے تک حتمی نوٹیفکیشن جاری کر دے گا۔

فلور ملز ایسوسی ایشن کی آج بھی ہڑتال، آٹے کی قلت کا خدشہ

لاہور (کامرس ڈیسک) فلور ملز ایسوسی ایشن کی ودہولڈنگ ٹیکس کے خلاف ملک گیر ہڑتال آج بھی جاری ہے جس کے باعث ملک بھر میں آٹے کی قلت کا خدشہ پیدا ہوگیا۔آٹے کی ملوں اور چکیوں پر تالے پڑ گئے، ملک میں آٹے کا بحران سر اٹھانے لگا، خیبر پختونخوا میں 300 سے زائد فلور ملز بند ہیں۔فیصل آباد میں بھی فلور ملز کی ہڑتال دوسرے جاری ہے، گندم کی پسائی اور آٹے کی مارکیٹ میں سپلائی کا سلسلہ دوسرے روز بھی مکمل طور پر بند ہے، مارکیٹ میں سپلائی بند ہونے سے آٹے کی قلت پیدا ہونے لگی، آٹے کی قلت پیدا ہونے سے قیمتوں میں اضافے کا بھی اندیشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔چیئرمین فلور ملز ایسوسی ایشن شفیق انجم نے کہا ہے کہ نئے ٹیکسز اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ فوری واپس لیا جائے، مطالبات منظور نہ ہوئے تو احتجاج کا سلسلہ طویل کیا جائے گا۔

مارکیٹوں وبازاروں میں اشیائے ضروریہ کی انسپکشن کیلئے

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اپنی ذمہ داریوں سے غافل نہ ہوں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر)ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے واضح کیا ہے کہ مارکیٹوں وبازاروں میں اشیائے ضروریہ کی انسپکشن اور مقررہ نرخوں کے مطابق فروخت کو یقینی بنانے کے لئے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اپنی ذمہ داریوں سے غافل نہ ہوں، عوام کو ریلیف فراہم نہ کرنے والے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سے جواب طلب ہوگا اور ناقص کارکردگی پر محکمانہ کاروائی اور اختیارات بھی واپس لے لئے جائیں گے۔انہوں نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے بعض پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی طرف سے گرانفروشوں کو نکیل نہ ڈالنے پر شدید ناراضی کا اظہار کیا اور وارننگ دی کہ پروفارمنس کا گراف بہتر نہ کرنے والوں کی ضلع میں کوئی گنجائش نہیں۔انہوں نے پھل وسبزیوں، کریانہ کی اشیاء، چکن اور روٹی کی مقررہ قیمتوں پر فروخت یقینی بنانے کی تاکید کی اور کہا کہ صارفین کو ریلیف کی فراہمی ترجیح ہے۔ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی انفرادی کارکردگی کا جائزہ بھی لیا۔

سیّدنا امام حسین کی لازوال قربانیاں تا قیامت یاد رکھی جائینگی، شیخ ریاض

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) نواسہ رسول امام عالی مقام سیّدنا حسین نے باطل، جابر اور ظالم کے سامنے سر جھکانے کی بجائے سر کٹانے کی جو لازوال مثال قائم کی وہ قیامت تک کے لیے تاریخ میں امر ہوگئی ان خیالات کا اظہار شیخ محمد ریاض صدر انجمن تاجران ضلع اوکاڑا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ سیّدہ فاطمۃ الزہرہ کے لعل نے اپنے لہو سے حق و باطل کے درمیان سچائی کی جو فیصلہ کن لکیر کھینچی اس نے یہ ثابت کر دیا کہ تاریخ میں وہی لوگ زندہ رہتے ہیں جو ظالم، باطل، آمر اور جابر قوتوں کے سامنے سر جھکانے کی بجائے نقارہ حق بلند کرنے اور سر کٹانے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ 14 سو سال گزارنے کے بعد بھی واقعہ کربلا اپنی تمام تر جزیات کے ساتھ لوگوں کے قلب و ذہن میں تر و تازہ ہے اور امام عالی مقام اور ان کے جانثاروں کی عزاداری کا سلسلہ جاری ہے۔ وقت کی نزاکت اور حالات کی سنگینی کا تقاضہ یہ ہے کہ رہبران دین وملت کربلا میں شہادت امام حسین کے پیغام کو سمجھیں اور اس سے سبق حاصل کریں۔

پی ٹی آئی کو مخصوص نشستیں واپس ملنا خوش آئند، افتخار احمد بٹر

اس سے عوام کا مورال بلند ہوا ہے جب انصاف ہونا شروع ہو جائے تو تبدیلی آجاتی ہے



نارنگ منڈی (میاں معظم سے)پی ٹی آئی کو مخصوص نشستیں واپس ملنا خوش آئند ہے سپریم کورٹ نے انصاف پر مبنی فیصلہ دیا ہے اس سے عوام کا مورال بلند ہوا ہے جب انصاف ہونا شروع ہو جائے تو تبدیلی آجاتی ہے امید ہے دیگر کالعدم فیصلوں پر بھی نظر ثانی کی جائے گی اور انصاف کا بول بالا ہوگا پی ٹی آئی کے رہنماؤں اور کارکنوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں جو سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر حالات کے سامنے ڈٹے رہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما وسابق معاون خصوصی وزیر اعلی پنجاب چوہدری افتخار احمد بٹر نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ان شاء اللہ عمران خان بھی جلد رہائی پائیں گے قوم ان کی منتظر ہے سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے سے عوام کا عدالتوں پر اعتماد بحال ہوا ہے امید ہے اسی طرح فیصلے حق اور سچ پر مبنی کیے جائیں گے جو کہ حالات کی بہتری کیلئے ناگزیر ہے جس قوم سے انصاف اٹھ جائے وہ قوم برباد ہو جاتی ہے۔

امام حسینؓ کی قربانی حق پر ڈٹ جانے کا درس دیتی ہے، عامر ذوالفقار

محرم الحرام مسلمانوں میں ایمان کی تازگی وتجدید کا درس دیتا ہے، سیاسی وسماجی شخصیت

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری عامر ذوالفقار گھمن نے کہا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی قربانی حق پر ڈٹ جانے کا درس دیتی ہے محرم الحرام مسلمانوں میں ایمان کی تازگی وتجدید کا درس دیتا ہے باطل اور یزیدی قوتوں کے سامنے سر جھکانا نہیں بلکہ اسلام کی سربلندی کیلئے جان دینے سے بھی دریغ نہ کرنے کا نام ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری عامر ذوالفقار احمد گھمن نے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کا مزید کہنا تھا آج دنیا کے کونے کونے میں اسلام کی روشنی کربلا کے میدان میں نواسہ رسول ﷺ کی قربانی کی بدولت ہے محرم الحرام کے مہینہ ہمیں ایثار و قربانی صبر و استقامت اخوت ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کو فروغ دینے کا درس دیتا ہے محرم الحرام کے دوران امن وامان قائم رکھنا پوری قوم کی ذمہ داری ہے امن کو فروغ دینا ہمارا مذہبی اور اخلاقی فریضہ بھی ہے علماء کرام اپنے خطبات اور تقاریر میں رواداری برداشت کا درس دیکر امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

ظفروال نالہ ڈیک کے پل سے قتل کا ملزم گرفتار

ظفروال (تحصیل رپورٹر) تفصیلات کے مطابق DSP سرکل ظفروال ناصر پنوں اپنی ٹیم کے ہمراہ حسب معمول سیلاب کا جائزہ لینے کے لیے نالہ ڈیک پر موجود تھے کہ اسی دوران اطلاع ملی کے نالہ ڈیک کے کنارے موضع پنڈی دیونیاں میں ایک شخص نے لڑکی کو گولی مار کر قتل کر دیا ہے DSP سرکل ظفروال اپنی ٹیم کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اسی دوران ایک شخص فائرنگ کرتا ہوا ڈیک کی طرف بھاگ گیا جس کا تعاقب DSP سرکل ظفروال ناصر پنوں اوران کی ٹیم محمد علی ASI ریڈر DSP ظفروال اور دیگر ملازمین کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا۔

حکومت نے بجلی صارفین کے بنیادی ٹیرف پر ماہانہ 200 سے ایک ہزار روپے تک فکس چارجز عائد کردیئے

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) بجلی صارفین کے بنیادی ٹیرف پر ماہانہ فکس چارجز عائد کرنے کی منظوری بجلی صارفین کے بنیادی ٹیرف پر ماہانہ فکس چارجز عائد کرنے کی منظوری باوثوق ذرائع سے حاصل کی گئی رپورٹ کے مطابق حکومت نے بجلی صارفین کے بنیادی ٹیرف پر ماہانہ 200 سے ایک ہزار روپے تک فکس چارجز عائد کر دیئے، نیپرا نے باقاعدہ طور پر منظوری دے دی۔ نیپرا کی جانب سے بجلی صارفین پر فکس چارجز عائد کرنے کی منظوری دی گئی ہے جس کے بعد صارفین کے بنیادی ٹیرف میں ماہانہ 200 سے ایک ہزار روپے فکس چارجز شامل کیے جائیں گے، صارفین ماہانہ یونٹس کی کھپت کے لحاظ سے فکس چارجز ادا کریں گے، کمرشل صارفین پر مقررہ چارجز میں 300 فیصد اور صنعتی استعمال پر 355 فیصد تک کا اضافہ ہو گا۔ 301 سے 400 یونٹ تک استعمال پر گھریلو صارفین یکم جولائی سے 200 روپے فکس چارجز ادا کریں گے، 401 سے 500 یونٹ استعمال کرنے والوں کو 400 روپے دینا ہوں گے، اسی طرح 501 سے 600 یونٹ تک استعمال کرنے والے 600، 601 سے 700 یونٹ استعمال کرنے والے 800 اور 700 سے زائد یونٹ استعمال کرنے والے گھریلو صارفین کو ماہانہ 1 ہزار روپے فکس چارجز ادا کرنا ہوں گے۔ٹائم آف یوز میٹر استعمال کرنے والے گھریلو صارفین بھی ماہانہ 1000 روپے مقررہ چارجز ادا کریں گے، 5 کلو واٹ سے کم لوڈ والے کمرشل صارفین کو ماہانہ 1000 روپے دینا ہوں گے، 5 کلوواٹ یا اس سے زیادہ لوڈ والے بجلی کے کمرشل صارفین 2000 روپے ادا کریں گے۔

پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

قصور(بیورو رپورٹ) ڈی پی او قصور کی خصوصی ہدایت پر پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، پولیس تھانہ کوٹ رادھا کشن نے بیرون ملک منشیات اسمگلنگ کرنے والے تین ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے ڈرون اور منشیات برآمد کرلیں، ڈی پی او قصور کی شاباش۔ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خان کی خصوصی ہدایت پر پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، پولیس نے منشیات کی اسمگلنگ کرنے والے ملزمان کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

زیر تعمیر عمارتوں کو تسلسل کے ساتھ چیک کریں، ڈی جی ایف ڈی اے

بیسمنٹ کی تعمیر کی صورت میں موسم برسات کے پیش نظر کھدائی کو روک دیا جائے

فیصل آباد(مسعود احمد بھٹ)ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے فیلڈ سٹاف کو ہدایت کی کہ وہ ایف ڈی اے کے زیر کنٹرول رہائشی کالونیوں اور کمرشل مارکیٹس میں زیر تعمیر عمارتوں کو تسلسل کے ساتھ چیک کریں اور کسی عمارت میں بیسمنٹ کی تعمیر کی صورت میں موسم برسات کے پیش نظر کھدائی کو روک دیا جائے تاکہ خدانخواستہ کسی حادثے کا احتمال نہ رہے۔ انہوں نے رواں مون سون سیزن میں شدید بارشوں کی پیشگوئی پر ایف ڈی اے کے متعلقہ سٹاف کو تمام تر احتیاطی اور حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ ایف ڈی اے کے دائرہ اختیار کے علاقے میں ہائی الرٹ رہیں۔ انہوں نے بلڈنگ بائی لاز پر سختی سے عملدرآمد کرانے کی ہدایت کی اور کہا کہ کوئی عمارت نقشہ جات کی منظوری کے بغیر تعمیر نہیں ہونی چاہیے اور منظور شدہ بلڈنگ پلان کے تحت زیر تعمیر عمارتوں کی مانیٹرنگ کی جائے تاکہ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی نہ ہونے پائے، قانون شکنی کی صورت میں تعمیراتی کام روک کر عمارت کو سیل کر دیا جائے تاکہ تکنیکی وفنی خامیوں کے باعث کسی ممکنہ حادثاتی خطرہ سے بچا جا سکے۔ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے متعلقہ افسران سے کہا کہ وہ ماتحت سٹاف کو فعال و متحرک رکھیں اور زیر تعمیر عمارتوں کو چیک کرنے میں کوتاہی نہ کی جائے۔ انہوں نے ایف ڈی اے کمپلیکس اور تمام ذیلی دفاتر میں موسم برسات سے متعلقہ احتیاطی اقدامات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

میڈیکل کالج ٹیچنگ ہسپتال شعبہ ہسٹو پتھالوجی کے ڈاکٹر کا تبادلہ ہونے کی وجہ سے ڈیپارٹمنٹ کو بند کر دیا گیا

گوجرانوالا (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) میڈیکل کالج ٹیچنگ ہسپتال شعبہ ہسٹو پتھالوجی کے ڈاکٹر کا تبادلہ ہونے کی وجہ سے ڈیپارٹمنٹ کو بند کر دیا گیا مریض ذلیل و خوار ہونے لگے کروڑوں روپے مالیت کی ہسٹو پتھالوجی مشین فعال نہ ہونے کی وجہ سے غریب مریضوں پرائیویٹ لیبارٹری کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور، میڈیکل کالج ٹیچنگ ہسپتال میں داخل مریضوں کی جانب سے انتظامیہ کو بارہا مرتبہ آگاہ کرنے کے باوجود بھی ہسٹو پتھالوجی مشین فعال نہ ہو سکی انتظامیہ کی جانب سے اس شعبے میں پتھالوجسٹ ڈاکٹر نہ ہونے کی وجہ سے بند تو پہلے ہی کر دیا گیا تھا، سرکاری مشین بند ہونے کی وجہ سے پرائیویٹ لیبارٹریوں نے من مانے ریٹ وصول کرنا شروع کر دیے ہے FNAC کا سرکاری ریٹ 200 روپے جبکہ اسی ٹیسٹ کا پرائیویٹ میں 2500 روپے کا ٹیسٹ کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ ایک اور ٹیسٹ بھی Biopsy کا سرکاری ریٹ 600 روپے اور پرائیوٹ سے 5000 پانچ ہزار سے پندرہ 15000 ہزار روپے میں کیے جانے لگے، میڈیکل کالج کے ٹیسٹ مشین ہسٹو پتھالوجی کا ڈیپارٹ ایک ماہ سے بند اور فعال نہ ہونے سے مریضوں کو مزید شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ٹیکسوں کی ماری بیچاری غریب عوام نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز صوبائی وزیر صحت سیکرٹری صحت کمشنر اور ڈپٹی کمشنر گجرانوالہ سے پرزور اپیل کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ خدارا میڈیکل کالج ٹیچنگ اسپتال میں کروڑ روپے لاگت سے خریدی گئی بند مشین کو جلد از جلد فعال کیا جائے تاکہ مریضوں کو مزید دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے ذلیل ہونے سے بچ جائیں اور طبی سہولیات میسر ہو سکے۔

سپریم کورٹ کا فیصلہ انصاف کا بول بالا ہے، شہباز احمد

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سپریم کورٹ کا فیصلہ انصاف کا بول بالا ہے فیصلے سے عوام کا اعتماد بحال ہوا ہے لیڈران اور پی ٹی آئی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں مخصوص نشستوں کی واپسی سے پارٹی مزید مضبوط ہوگی ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز احمد کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان نے عوام کیلئے جدوجہد کی امید ہے وہ جلد ہمارے درمیان ہوں گے اور قوم کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے عوام اپنے دلیر لیڈر کے ساتھ ہے عمران خان کو کبھی تنہا نہیں کریں گے پاکستان کی عوام کی بڑی تعداد تبدیلی اور پی ٹی آئی کے ساتھ ہے۔

پریس کلب شیخوپورہ کے صدر رانا محمد عثمان کی قیادت میں تفریحی دورہ

کشمیر پوائنٹ کی سیر کی اور سیاحت کے فروغ کیلئے حکومت کی طرف سے اٹھائے اقدامات کو سراہا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب شیخوپورہ کے صدر رانا محمد عثمان کی قیادت میں تفریحی دورہ کے دوران پریس کلب کے عہدیداران و ارکان نے کشمیر پوائنٹ کی سیر کی اور سیاحت کے فروغ کیلئے حکومت کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہا شرکاء وفد نے تاریخی دورہ کا اہتمام کرنے پر صدر پریس کلب رانا محمد عثمان ودیگر عہدیداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا جبکہ رانا محمد عثمان نے شرکاء وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بطور صدر پریس کلب شیخوپورہ ہمیشہ جملہ اراکین کو تفریحی سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور عملی اقدامات اٹھائے ہیں جس میں تمام عہدیداروں کا مکمل تعاون شامل حال رہا ہے اور تمام ارکان نے بھی میرے فیصلوں کی توثیق کرتے ہوئے میری کاوشوں کو سراہ کر بھرپور حوصلہ افزائی کی ہے جو میرے لئے کسی اعزاز سے کم نہیں، انہوں نے کہا کہ مری کا تین روزہ تفریحی دورہ ہماری باہمی قرابت کو مضبوط کرنے اور ذہنی آسودہ کا بہترین ذریعہ ہے میری ترجیح ہوگی کہ آئندہ بھی تمام ارکان کے ہمراہ تفریحی و معلوماتی دوروں کا اہتمام یقینی بناؤں۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

قصور میں دو مختلف مبینہ پولیس مقابلوں میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

حملہ آور چھ ساتھی ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب

قصور (بیورو رپورٹ) قصور میں دو مختلف مبینہ پولیس مقابلوں میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار۔حملہ آور چھ ساتھی ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب۔ قصور تھانہ اے ڈویژن کے علاقہ میں عبداللہ نامی شہری نے 15 پر پولیس کو اطلاع دی کہ تین ڈاکو نقدی 41 ہزار 500 روپے چھین کر فرار ہو گئے ہیں جس پر تھانہ اے ڈویژن پولیس نے فوری ریسپونڈ کرتے ہوئے خواجہ صاحب قبرستان کے قریب ملزمان کا تعاقب کیا ملزمان نے پولیس پارٹی کو قریب آتا دیکھ کر مختلف اطراف سے سیدھی فائرنگ شروع کر دی ملزمان کی اپنی فائرنگ سے ایک ڈاکو زخمی ہو گیا جسے زخمی حالت میں پولیس نے گرفتار کر لیا گیا، اور ملزم کے قبضہ سے چھینی گئی رقم اور پسٹل برآمد کر لیا زخمی ڈاکو کی شناخت پچو بادشاہ ولد عبد الرشید سکنہ حاجی گگا کے نام سے ہوئی زخمی ڈاکو نے شہر قصور اور گردونواح میں 16 وارداتوں کا انکشاف کیا ہے ملزمان کے ساتھی ڈاکوؤں کو شناخت کر لیا گیا ہے۔ دریں اثناء تھانہ راجہ جنگ پولیس زیر حراست ڈاکو بابر عرف بابری کو مقدمہ 663 / 24 بجرم 392 میں ریکوری کر کے واپس آ رہی تھی ڈاکو کے 04 ساتھی پولیس حراست سے چھڑانے کی نیت سے پل پٹڑی نہر کے قریب حملہ آور ہو گئے حملہ آور ملزمان کی فائرنگ سے زیر حراست ڈاکو زخمی ہو گیا جبکہ ملزمان رات کی تاریکی فائدہ اٹھاتے ہوئے بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔

قصور، پیٹرولیم مصنوعات کی فلنگ اسٹیشنز پر مبینہ کرپشن

ایک لٹر پیٹرول کی قیمت کے بدلے کم مقدار میں پیٹرول دیا جا رہا

قصور (بیورو رپورٹ)قصور سٹی اور ملحقہ علاقوں میں پیٹرولیم مصنوعات کی فلنگ اسٹیشنز پر کرپشن کی جارہی ہے ایک لٹر پیٹرول کی قیمت کے بدلے کم مقدار میں پیٹرول دیا جا رہا ہے۔قصور سٹی اور ملحقہ علاقوں میں پیٹرول پمپس کے پیمانوں کے لحاظ سے پیٹرول کم مقدار میں گراہکوں کو دیا جا رہا ہے تمام پیٹرول پمپس پر ایک لٹر کے پیمانے میں نو سو یا آٹھ سو ملی لیٹر فل کیا جا رہا ہے جس سے عوام پریشان ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ ہم مہنگائی سے پہلے ہی پریشان ہے اس پر کرپشن نے برا حال کر رکھا ہے پیٹرول پمپس پر قیمت ایک لٹر کی وصول کی جاتی ہے اور فل ایک ہزار ملی لٹر کی جگہ سات یا آٹھ سو ملی لٹر کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے ہمارے بجٹ میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے سٹوڈینٹس جو کہ موٹر سائیکلوں پر سکول جاتے ہیں وہ آئے روز پیٹرول سے پریشان رہتے ہیں کم فلنگ کی وجہ سے وہ اپنے والدین سے مزید پیسے ڈیمانڈ کرتے ہیں جس سے والدین بہت پریشان ہیں اس کے علاوہ تمام شہری بھی اس وجہ سے حکومت سے کافی ناراض دکھائی دیتے ہیں قصور شہر کی سیاسی، سماجی اور مذہبی تنظیموں نے پنجاب حکومت سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ قصور بھر سے تمام پیٹرول پمپس کے پیمانے ٹھیک طریقے سے چیک کیے جائیں اور جو پیٹرول پمپس اس کرپشن میں مبتلا ہیں ان کو بھاری جرمانے کیے جائیں اور یہ سب جنگی بنیادوں پر حل کیا جائے تاکہ قصور کے شہری بھی زندگی سکون سے گزار سکیں

77 سال سے ناجائز قابضین سے گوردوارہ بابے دی بیری کا

تالاب واگزار کرا دیا ہے، اے ڈی سی محمد اقبال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) سکھ کمیونٹی کی زمین پر 77 سال سے قبضہ مافیا نے غیر قانونی قبضہ کر رکھا تھا۔تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین کی ہدایت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑا کی زیر نگرانی قبضہ مافیا کے گرینڈ آپریشن کیا گیا اور ظفروال روڈ پر گردوارہ بابے دی بیری کے 8 کنال 18 مرلے رقبہ پر قدیمی تالاب جس پر قبضہ مافیا نے راستہ بند کر کے بھینسوں کا باڑہ بنا لیا گیا تھا اور آدھی درجن سے زائد دکانوں کے علاوہ اور ایک سیاسی جماعت نے دفتر بنا رکھا تھا کو ہیوی مشینری کی مدد سے گرا دیا گیا۔آپریشن میں میونسپل آفیسر ریگولیشن رانا ثقلین، عملہ انسداد تجاوزات کے علاوہ مقامی پولیس کے حکام اور محکمہ ریونیو کے متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال نے اس موقع پر میڈیا کو بتایا کہ محکمہ ریونیو کے ریکارڈ کے مطابق یہ زمین سکھ کمیونٹی کی ملکیت ہے جس پر 77 سال سے قبضہ مافیا نے غیر قانونی قبضہ کر رکھا تھا۔تالاب کی زمین واگزار کروا کر محکمہ اوقاف کے سپرد کی جائے گی۔اگر محکمہ اوقاف کے اہلکار قبضہ میں ملوث پائے گئے تو ان کے خلاف بھی کارروائی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ تالاب کی زمین پر کچھ مکانات بھی تعمیر ہیں جو ریونیو ریکارڈ کے مطابق تالاب کی زمین پر تعمیر کئے گئے ہیں ان گھروں کے مکینوں سے ملکیتی ثبوت یا محکمانہ کرایہ نامہ طلب کیے گئے ہیں ثبوت ملکیتی فراہم نہ کرنے پر مکانات کو بھی مسمار کیا جائے گا اور اسی سلسلہ میں بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔ یاد رہے! پانچ سو سال پرانا گردوارہ بابے دی بیری کے تالاب پر 1947 کے بعد قبضہ مافیہ نے قبضہ کر رکھا تھا اور تالاب مہاراجہ رنجیت سنگھ نے تعمیر کروایا تھا۔

محکمہ ماحولیات کی ٹیم نے آلودگی کا سبب بننے والی کیمیکل فیکٹری سیل کر دی

قصور (بیورو رپورٹ) محکمہ ماحولیات کی ٹیم نے اسسٹنٹ کمشنر پتوکی کے ہمراہ آلودگی کا سبب بننے والی کیمیکل فیکٹری سیل کر دی۔ڈپٹی کمشنر قصور ارشد بھٹی کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر پتوکی حاجی امجد محمود نے محکمہ ماحولیات ٹیم کے ہمراہ جمبر کے علاقے روہی نالہ پر واقع نجی فیکٹری پر چھاپہ مارا محکمہ ماحولیات ٹیم اور اسسٹنٹ کمشنر پتوکی نے آلودگی کا سبب بننے والی فیکٹری کو فوری طور پر سیل کر دیا۔

زمین کے تنازعہ پر جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص قتل

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) زمین کے تنازعہ پر جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص قتل تفصیلات کے مطابق چنیوٹ کے نواحی علاقہ چک نمبر 244 ج ب میں گزشتہ روز زمین کے تنازعہ پر دو گروپوں میں جھگڑا ہو گیا اسلحے سے مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے حبیب ولد عمر حیات کو موت کے گھاٹ اتار دیا وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی تھانہ لنگرانہ پولیس موقع پر پہنچ گئی لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا تھانہ لنگرانہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

ڈبر بھٹیاں کے قریب دو نامعلوم

مسلح ڈاکوؤں نے محنت کش سے

نقدی لوٹ لی اور فرار ہو گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی)ڈبر بھٹیاں کے قریب دو نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے محنت کش سے نقدی لوٹ لی اور فرار ہو گئے۔ یاسر بشیر ولد بشیر احمد جو کہ محنت مزدوری کرتا ہے وہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر سکھیکی آ رہا تھا کہ ڈبر بھٹیاں کے قریب اسے دو نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے روک کر اسلحہ کے زور پر 36 ہزار روپے نقدی لوٹ لی اور فرار ہو گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا تا حال پولیس ملزمان کا سراغ نہ لگا سکی ہے۔

اوکاڑہ پولیس نے منشیات فروش گرفتار کرلیا، 02 کلو 400 گرام چرس برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے منشیات فروش گرفتار کر لیا، 02 کلو 400 گرام چرس برآمد۔پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ حجرہ شاہ مقیم پولیس کے ایس ایچ او فرخ شہزاد کی سربراہی میں کامیاب کارروائی بدنام زمانہ منشیات فروش محمد احمد کو گرفتار کر لیا گیا ملزم کے قبضہ سے 2 کلو 400 گرام چرس برآمد، مقدمہ درج ملزم تھانہ حجرہ شاہ مقیم اور گردونواح میں منشیات کا مکروہ دھندہ کر کے نوجوان نسل کو تباہ کر رہا تھا ڈی پی او اوکاڑہ طارق عزیز سندھو کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری ہیں۔

علامہ اقبال ایکسپریس میں لگائی گئی اے سی کوچ فلاپ

مسافر اے سی کوچ کے ٹکٹ پر بغیر اے سی سفر کرنے پر مجبور

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لاہور سے براستہ نارنگ نارووال سیالکوٹ جانے والی علامہ اقبال ایکسپریس میں لگائی گئی اے سی کوچ فلاپ مسافر اے سی کوچ کے ٹکٹ پر بغیر اے سی گرمی میں سفر کرنے پر مجبور ریلوے حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ بتایا گیا ہے کہ لاہور سے براستہ نارنگ نارووال سیالکوٹ جانے والی علامہ اقبال ایکسپریس میں چند روز قبل اے سی کوچ لگائی گئی تھی تو مسافروں اور سیکشن سے منسلک رہائشیوں نے سراہتے ہوئے ایک اور اے سی کوچ لگانے کا مطالبہ کیا تھا لیکن گزرتے دنوں کے ساتھ اے سی کوچ کو فلاپ کر دیا گیا ہے کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں رکھا گیا غیر متعلقہ افراد جو اے سی کوچ کا کرایہ بھی ادا نہیں کرتے وہ اے سی کوچ میں بیٹھے نظر آتے ہیں اور اکثر اے سی بھی نہیں چلائے جاتے جس سے اے سی کوچ کا ٹکٹ خریدنے والے مسافروں کو گرمی اور حبس میں سفر کرنا پڑتا ہے انہوں نے سی ای او ریلوے عامر بلوچ سے سخت نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

نارنگ منڈی اور گردونواح میں خود ساختہ مہنگائی کا طوفان

مرغی کا گوشت 600 روپے کلو فروخت انتظامیہ خاموش، شہری پریشان

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ منڈی اور گردونواح میں خود ساختہ مہنگائی کا طوفان مرغی کا گوشت 600 روپے کلو فروخت انتظامیہ ٹھنڈوں کمروں میں بیٹھ کر خاموش تماشائی چھوٹا اور بڑا گوشت بھی سرکاری نرخ نامے کے مطابق فروخت نہیں کیا جار ہا سرعام دیدہ دلیری سے سرکاری نرخ نامے کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں مقامی مارکیٹ کمیٹی کا اہلکار صبح سویرے زبردستی 30 روپے لے کر ریٹ لسٹ تھما کر چلا جاتا ہے لیکن اس پر عمل مبینہ ملی بھگت سے ممکن نہیں بنایا جار ہا ہر دوکاندار کا اپنا ریٹ ہے چھوٹا گوشت 2000 روپے فی کلو بڑا گوشت 1000 سے 1200 روپے فی کلو اور مرغی کا گوشت 600 روپے سے 700 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے شہریوں کا کہنا تھا انتظامیہ صرف فوٹو سیشن میں کارروائی ڈال دیتے ہیں مگر حقیقت میں عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے حکومتی نمائندوں سمیت بیوروکریسی نے عوام کو بے یار ومددگار چھوڑ دیا ہے فریاد بھی کریں تو کس سے کریں۔

گوجرانوالہ: بدنام زمانہ منشیات فروش حسنین گرفتار

ملزم کو گھر میں ریڈ کے بعد گرفتار کیا گیا مقدمہ درج

گوجرانولہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) بدنام زمانہ منشیات فروش حسنین کے گھر ریڈ کر کے ایک کس مسمی زاہد ولد شبیر قوم بھلر سکنہ شیخ رجادہ گرفتار کر کے مقدمہ درج نمبر 2078 / 24 بجرم 65.20.9b/13 تھانہ صدر گوجرانوالہ درج کروایا اس کے بعد دوبارہ پولیس نے حسنین کے گھر ریڈ کر کے ایک عدد موٹر سائیکل 125 چوری شدہ متعلقہ مقدمہ نمبر 2082 / 24 بجرم 381-A تھانہ صدر گوجرانوالہ برآمد کر کے حوالے مدعی مقدمہ کیا اور ملزمان کو جیل بھجوایا اس کے بعد پھر حسنین کے گھر ریڈ کر کے ایک منشیات فروش افضال پکڑ کر مقدمہ نمبر 2170 / 24 بجرم 9C درج کروایا تمام ایف آئی آر لف ہیں اور مزید منشیات فروش حسنین اور اس کے بھائی نواز کی تلاش جاری ہے جس وجہ سے پراپیگنڈا کیا جا رہا ہے ان میں ایک خواجہ سرا بھی پکڑا گیا تھا اس کو اہل علاقہ کے کہنے پر پولیس نے چھوڑ دیا تھا اس کا کوئی قصور نہیں تھا بس منشیات فروشوں کو بچانے کے لئے چند افراد پولیس کے خلاف پوسٹیں کر کے پولیس کو بلیک میل کرنا چاہتے ہیں لیکن پولیس اپنی ڈیوٹی کرتی ہے اور کرتی رہے گی کسی باثر کو نشہ جیسی لعنت کا گھناؤنا کھیل نہیں کھیلنے دیں گے ہم آئی جی پنجاب اور سی پی او ایاز سلیم کی ہدایت کے مطابق کام کر رہے ہیں۔

سپریم کورٹ کے حوالے سے سیاسی عدم استحکام مزید بڑھے گا، امجد نذیر

اپوزیشن جماعتیں اس فیصلے کو سیاسی رنگ دے کر اپنے مفادات کیلئے استعمال کریں گی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سابق ضلعی صدر ومرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے مخصوص نشستوں کے حوالے سے سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلہ سے ملک میں سیاسی عدم استحکام مزید بڑھے گا جس کے معاشی استحکام پر بھی منفی اثرات مرتب ہوں گے اپوزیشن جماعتیں اس فیصلے کو سیاسی رنگ دے کر اپنے مفادات کیلئے استعمال کریں گی اور ایوانوں کے اندر بھی پراپیگنڈہ کو بڑھاوا ملے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی انجمن تاجران کے میڈیا کوآرڈینیٹر عامر خان کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، امجد نذیر بٹ نے کہا کہ الیکشن کمیشن آئینی ادارہ ہے جس کے فیصلوں کا حکومت سے کوئی تعلق نہیں اپوزیشن جماعتیں الیکشن کمیشن کے فیصلہ کو سپریم کورٹ سے کالعدم قرار دیے جانے پر حکومت کی شکست سے تعبیر کر رہی ہیں جو جاہلیت کی نشانی ہے، حکومت عوامی فلاح و بہبود اور ملکی ترقی وخوشحالی کیلئے سرگرم عمل ہے اور درپیش بحرانوں کے خاتمہ پر تمام تر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔

۔۔۔۔۔۔صوبائی وزیر خوراک بلال یٰسین نے شیخوپورہ کا دورہ کیا۔۔۔۔۔۔

محرم الحرام کے ماتمی جلوسوں کے روٹس کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ، ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقدہ اجلاس کی صدارت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر خوراک بلال یٰسین نے شیخوپورہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے محرم الحرام کے ماتمی جلوسوں کے روٹس کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کی، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ ڈاکٹر وقار علی خان، ڈی پی او بلال ظفر شیخ، اے ڈی سیز، آل اے سیز سمیت دیگر متعلقہ ضلعی افسران اجلاس میں شریک ہوئے، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر وقار علی خان نے اس موقع پر محرم الحرام کے انتظامات بارے صوبائی وزیر کو تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے مجالس و جلوسوں کے راستوں پر صفائی ستھرائی، سیکورٹی، لائٹنگ سمیت دیگر انتظامات بارے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا صوبائی وزیر خوراک پنجاب بلال یٰسین نے ضلعی انتظامیہ شیخوپورہ کی جانب سے محرم الحرام کے حوالے سے کئے گئے تمام انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا صوبائی وزیر خوراک پنجاب بلال یٰسین نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت نے امن عامہ کیلئے مجالس اور جلوسوں کی سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے ہیں، کنٹرول رومز میں جلوسوں اور مجالس کی ہمہ وقت مانیٹرنگ جاری ہے صوبائی وزیر خوراک پنجاب نے کہا کہ یوم عاشورہ کے موقع پر تمام مجالس اور جلوسوں کو فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائیگی، جلوسوں اور مجالس کے راستوں پر فول پروف سیکورٹی، صفائی ستھرائی، لائٹنگ سمیت دیگر انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت محرم الحرام میں امن و امان کو قائم رکھنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، ان شاءاللہ محرم الحرام میں اتفاق اور اتحاد سے امن کی فضا برقرار رکھی جائیگی بعد ازاں صوبائی وزیر بلال یٰسین نے متحدہ امن کے صدر سید رضا حسین بابر رضوی، جنرل سیکرٹری حاجی طاہر جاوید نقشبندی و دیگر عہدیداروں کے ہمراہ محرم الحرام کی مجالس اور جلوسوں کو مانیٹر کرنے کے لیے قائم کیے گئے ضلعی کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا اس موقع پر صوبائی وزیر کو ضلعی کنٹرول روم اور سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ کے طریقہ کار بارے بھی بریفنگ دی گئی صوبائی وزیر بلال یٰسین نے بذریعہ سی سی ٹی وی کیمرہ جات جلوس کے روٹس پر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لینے کیساتھ ساتھ ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ ڈاکٹر وقار علی خان، ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی میاں جمیل اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ملک منشاء جاوید کے ہمراہ محرم روٹ کا دورہ بھی کیا۔

ظفروال: غزالی پبلک سکول کا رزلٹ

شاندار، طلبا ہمارا فخر، وسیم چوہدری

ظفروال (تحصیل رپورٹر) تفصیلات کے مطابق:- گوجرانولہ بورڈ میٹرک رزلٹ 2024 میں غزالی پبلک سکول ظفروال کے طلباء وطالبات نے مثالی کامیابی حاصل کی ہے۔محمد سلیمان علی نے گوجرانولہ بورڈ میں 1183 نمبر حاصل کر کے بورڈ میں چوتھی اور ضلع نارووال میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔محب علی 1154، ارحم جاوید 1152، رانا عبداللہ 1151، حفظہ شہزادی 1149، ایمان فاطمہ 1144، زوہابی بی 1142، محمد اسد اقبال 1142، مینال عدنان 1135، فرقان اعجاز 1134، حافظ رانا زہیب 1129، رافع بشیر 1125، شازیہ اقبال 1123، شیراز حسین 1121، محمد حسنات 1113 اور محمد انس زاہد نے 1110 حاصل کر کے علاقے میں واضح اور نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ اس طرح سکول کا رزلٹ بوائز میں 52.96 فیصد اور گرلز کا رزلٹ 100 فیصد رہا۔ اس موقع پر مینجنگ ڈائریکٹر غزالی پبلک سکول ظفروال وسیم چوہدری نے کہا ہے کہ قوم کے بچوں اور بچیوں نے میٹرک کے نتائج میں جس طرح پر نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں وہ نہ صرف ملک و ملت کے لئے سرمایہ افتخار اور سربلندی کی حیثیت رکھتی ہیں بلکہ نہایت اطمینان بخش بھی ہیں۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی متوسط گھرانوں کے ذہین طلبہ وطالبات نے میٹرک بورڈ کے امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کر کے سب کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا ہے۔

مصطفی آباد: سنیئر صحافی ناصر سندھو کے والد کی وفات پر تعزیتی اجلاس

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) سنیئر صحافی ناصر سندھو کے والد کی وفات پر تعزیتی اجلاس، پریس کلب مصطفی آباد کا تعزیتی اجلاس صدر محمد عمران سلفی کی زیر صدارت منعقد ہوا، مرحوم کے لئے مغفرت کی خصوصی دعا، تفصیلات کے مطابق پریس کلب مصطفی آباد/للیانی (رجسٹرڈ) کا تعزیتی اجلاس صدر پریس کلب محمد عمران سلفی کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں سنیئر صحافی ناصر سندھو کے والد حاجی محمد اسلم سندھو کی وفات پر جنرل سیکرٹری سہیل قمر سندھو، سرپرست اعلی ڈاکٹر اصغر علی شہزاد، چیئرمین عمر حیات میو، چیئرمین سپریم کونسل ملک محمد اقبال، سنیئر نائب صدر مہر علی مہران، رانا توقیر احمد، زرار علی خاں، ارشد علی شامی، شاہد عمر، محمد طاہر میو، محمد جمیل سندھو، مہر مراد علی ایڈووکیٹ، مہر عبدالقیوم، چوہدری اشتیاق، محمد اکمل کھوکھر، سیٹھ محمد حسین، جمشید رشید میو، محمد جمیل رحمانی، ارشد علی جوئیہ، حافظ محمد طاہر اقبال، حاجی عبدالقادر، آصف امین، عمر شاہین، مہر صداقت علی، عادل نعمان مہر، ظہیر حسین ودیگر صحافیوں کی بڑی تعداد نے گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لئے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا کی۔

جہلم، نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد مساجد میں کھلی کچہریوں کا اہتمام

مساجد میں منعقدہ کھلی کچہری میں لوگوں نے اپنے تمام مسائل بتائے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا کے ویژن پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم ناصر محمود باجوہ، ایس پی انویسٹیگیشن جہلم محمد حبیب راجہ اور ایس ڈی پی اوز کی نماز جمعہ کے بعد مساجد میں کھلی کچہری کا انعقاد، مساجد کھلی کچہری میں لوگوں نے اپنے تمام مسائل بتائے جن پر فوری کارروائی کے احکامات صادر کرتے ہوئے موقع پر ہی انکے حل کے احکامات جاری کیے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم نے کہا کہ پبلک سروس ڈیلوری کے معیار کو بہترین بنانا جہلم پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، اس موقع پر جہلم پولیس کی طرف سے ضلع جہلم کی عوام کو کسی بھی غیر قانونی سرگرمی سے دور رہنے اور سماج دشمن عناصر کی بیخ کنی کے لیے ایسے افراد منشیات فروشوں، قحبہ خانوں اور کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث افراد کی نشاندہی کریں اور جہلم پولیس کا ساتھ دیں، پبلک آؤٹ ریچ کمپین میں ڈی پی او جہلم اور ایس پی انویسٹیگیشن جہلم نے مزید کہا کہ آئی جی پنجاب کے احکامات پر فوری انصاف عوام کی دہلیز پر فراہم کیا جا رہا ہے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

عمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیصلے سے انصاف کا علم بلند ہوا، طاقتور اور جابر کے ارادوں کو عدالت نے مات دی، سپریم کورٹ کا فیصلہ تاریخ میں یاد رکھا جائے گا، جب تک ہماری تمام سیٹیں واپس نہیں ملتیں جدوجہد جاری رہے گی۔ سپریم کورٹ کی جانب سے فیصلہ سنائے جانے کے بعد اسلام آباد میں سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے تحریک انصاف کے رہنما شبلی فراز نے کہا کہ عدالتوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، فیصلے سے انصاف کا علم بلند ہوا۔ شبلی فراز نے کہا کہ سیاسی تاریخ میں آج کا دن انتہائی اہمیت کا حامل ہے، فارم 47 کے ذریعے لوگ منتخب کروائے گئے، جب تک ہماری تمام سیٹیں واپس نہیں ملتیں جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ مخصوص نشستیں تو مل گئیں، فارم 47 کے ذریعے چھینی گئی سیٹیں بھی دی جائیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ 25 کروڑ عوام اور جمہوری قوتوں کے لیے خوشی کا دن ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ تاریخ میں یاد رکھا جائے گا، سپریم کورٹ کے 11 ججز نے پی ٹی آئی کے حق میں فیصلہ دیا۔

بقیہ بقیہ جات 2

آئی کو گیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کا اکثریتی فیصلہ آیا ہے، ریلیف سنی اتحاد کونسل مانگنے آئی لیکن مل پی ٹی آئی کو گیا، یہ نشستیں سنی اتحاد کونسل کو جانی چاہیے تھیں۔ سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں سے متعلق فیصلے سے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے، ہمارے پاس اب بھی 209 ارکان ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف تو فریق ہی نہیں تھی، کیس میں پی ٹی آئی تو فریق ہی نہیں تھی، پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے میں پی ٹی آئی کا کلیم نہیں تھا، سنی اتحاد کے آئین میں تھا کہ غیر مسلموں کو ورکر تصور نہیں کرتے۔ وزیر قانون نے کہا کہ سنی اتحاد کونسل نیا پنے ہی آئین کی خلاف ورزی کی، کیس میں بھی پی ٹی آئی کے 80 ارکان نہیں آئے۔

بقیہ بقیہ جات 3

انتخابات میں حصہ لیا تھا۔ انتخابات میں کامیابی کے بعد انہوں نے سنی اتحاد کونسل میں شمولیت اختیار کرلی تھی۔ چار مارچ کو الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں الاٹ کرنے کی درخواستیں مسترد کردی تھیں۔ چھ مئی کو سپریم کورٹ نے 14 مارچ کے پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کے ساتھ ساتھ یکم مارچ کا الیکشن کمیشن آف پاکستان کے سنی اتحاد کونسل کو خواتین اور اقلیتوں کے لیے مخصوص نشستوں سے محروم کرنے کے فیصلے کو معطل کرتے ہوئے معاملہ لارجر بینچ کو ارسال کر دیا تھا۔ تاہم اس سے قبل تین مئی کو پاکستان تحریک انصاف کو مخصوص نشستیں نہ ملنے کا مقدمہ سپریم کورٹ میں سماعت کے لیے مقرر ہو گیا تھا۔ چار مارچ کو الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں الاٹ کرنے کی درخواستیں مسترد کردی تھیں۔ سپریم کورٹ نے اس معاملے پر سنی اتحاد کونسل کی جانب سے دائر کی گئی اپیل پر 31 مئی کو دستیاب ججز کا فل کورٹ بینچ تشکیل دیا جس نے اس کیس کی نو سماعتیں کی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 4

کے اعزاز میں دیئے جانے والے ظہرانے میں شرکت کرنا تھی۔

بقیہ بقیہ جات 5

میں سپرد خاک کیا گیا۔ شہداء کی نماز جنازہ اور تدفین میں سینئر حاضر سروس فوجی و پولیس افسران، فوجی جوانوں، شہداء کے لواحقین اور عمائدین علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ 10 جولائی کو پشاور کے علاقے حسن خیل میں فورسز کے ساتھ فائرنگ کے شدید تبادلے میں دہشت گرد کمانڈر عبدالرحیم سمیت 3 دہشت گرد ہلاک جبکہ 4 جوان شہید ہوگئے تھے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ شہداء کی قربانیاں دہشت گردی کے خاتمے کے عزم کو مزید تقویت دیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 6

جسٹس پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے بتایا کہ سنی اتحاد کونسل کی درخواست پر فیصلہ 8 کی اکثریت کا فیصلہ ہے اور فیصلہ جسٹس منصور علی شاہ نے تحریر کیا ہے۔ سپریم کورٹ کے کمرہ نمبر ایک میں الیکشن کمیشن کے وکیل سکندر بشیر، اٹارنی جنرل منصور اعوان اور پی ٹی آئی رہنماؤں کی موجودگی میں فیصلہ سنایا گیا۔ جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس اطہر من اللہ، جسٹس شاہد وحید، جسٹس منیب اختر، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس عائشہ ملک، جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس عرفان سعادت نے اکثریتی فیصلہ سنایا۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس نعیم افغان، جسٹس امین الدین خان نے بھی درخواستوں کی مخالفت کی جبکہ جسٹس یحییٰ آفریدی کا اختلافی نوٹ تحریر کیا۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ جسٹس منصور علی شاہ سے کہوں گا کہ وہ فیصلہ سنائیں جس پر جسٹس منصور علی شاہ نے فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ پشاور ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیا گیا ہے، الیکشن کمیشن کا فیصلہ آئین کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی نشان کا نہ ملنا کسی سیاسی جماعت کو انتخابات سے نہیں روکتا، پاکستان تحریک انصاف ایک سیاسی جماعت تھی اور ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

بریسٹ کینسر کی تشخیص کیلئے لیڈی ہیلتھ ورکر کی ٹریننگ کا اصولی فیصلہ کیا گیا، پنجاب میں فی میل سٹاف کے لئے میموگراف کے ٹیسٹ کی سہولت لازم کرنے پر بھی غور ہوا جبکہ نواز شریف کینسر ہسپتال میں بریسٹ کینسر بلاک بنانے کی تجویز کا بھی جائزہ لیا گیا۔ دوران بریفنگ بتایا گیا کہ میموگراف مشین کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے پی آئی ٹی بی کو ایپ بنانے کا ٹاسک دیا جائے گا، پاکستان کے پہلے سرکاری نواز شریف کینسر ہسپتال کے بریسٹ کینسر بلاک میں تمام سٹاف خواتین پر مشتمل ہوگا، کینسر کے مریضوں کا مستند ڈیٹا میسر ہونے سے علاج کی سہولتیں فراہم کرنے میں آسانی ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 8

ہوئے ملالہ یوسفزئی کا کہنا تھا کہ اب تک غزہ میں 80 فیصد تعلیمی ادارے تباہ کر دیئے گئے ہیں، غزہ کے بچے بنیادی سہولیات سے محروم اور انتہائی مشکل زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں، غزہ کے بچے، بچیاں بھی بہتر زندگی اور تعلیم کا حق رکھتے ہیں۔ ملالہ یوسفزئی کا افغانستان میں خواتین کی موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہنا تھا کہ اب مزید انتظار نہیں کیا جا سکتا، افغان لڑکیوں کے حقوق کیلئے عالمی رہنماؤں کو آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ افغان لڑکیوں کو آج بھی بنیادی تعلیم سے محروم رکھا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ 8 فروری کو قوم نے اپنا فیصلہ دیا تھا، جس کی خیبر پختونخوا میں ایک سیٹ تھی اسے آدھا درجن سیٹیں دے دیں، یہ الیکشن کمیشن کی ذاتی پراپرٹی نہیں تھی بلکہ عوام کا مینڈیٹ تھا، الیکشن کمیشن کس طرح یہ سیٹیں دے سکتا ہے؟۔ بابر اعوان نے کہا کہ فوری نئے انتخابات کی ضرورت ہے، عمران خان آئیں گے تو استحکام آئے گا، افسران عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں، افسر شاہی کبھی ترقی کا باعث نہیں بن سکتی۔

بقیہ بقیہ جات 10

میں پی ٹی آئی کو اس کا حق واپس مل گیا ہے، عدالتی فیصلے سے واضح ہوگیا کہ الیکشن کمیشن نے کسی کی ایماء پر پی ٹی آئی کے حق پر ڈاکہ ڈالا تھا۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ ساری قوم کو مبارکباد پیش کرتی ہوں، اگر پاکستان کو گھمبیر مسائل کی دلدل سے باہر نکالنا ہے تو آئین وقانون کے مطابق چلنا ہوگا۔ پی ٹی آئی نئے عزم اور جذبے کے ساتھ عوامی حقوق کے لئے جاری جدوجہد کو آگے بڑھائے گی اور ان شاءاللہ فتح حق اور سچ کی ہوگی، پی ٹی آئی کے اراکین ایوانوں کے اندر اور باہر عوام کے حقوق کی آواز بلند کریں گے۔ آنے والے دنوں میں نئی جدوجہد شروع ہونے جارہی ہے جس سے اتحادی حکومت کی بنیادیں لرز جائیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 11

جنگلات کا سرکاری رقبہ جات کو غیر قانونی قابضین سے واگزار کرانے کیلئے آپریشن جاری ہے۔ مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ ضلع سیالکوٹ کے موضع ٹھکر کے میں بااثر افراد کے زیر قبضہ تقریباً 34 ایکڑ رقبہ واگزار کروا لیا، محکمہ جنگلات نے عدالتی کارروائی میں اپنے کیس کا دفاع کیا اور کیس کا فیصلہ اپنے حق میں کرایا۔ انہوں نے کہا کہ واگزار کرائے گئے رقبہ پر محکمہ جنگلات نے فوری طور پر 40656 پودوں کی شجرکاری مکمل کر لی ہے، یہ رقبہ مستقبل میں سموگ میں کمی کا باعث اور خوبصورت و مفید جنگل کی شکل اختیار کرے گا۔ مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ محکمہ جنگلات نے موقع پر اپنی چیک پوسٹ و دفتر بھی قائم کرلیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

مخصوص نشستوں سے متعلق فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے سے وہ ریلیف دیا گیا جو مانگا نہیں، دیا گیا، ایسے فیصلے ملک کے حق میں نیک شگون نہیں ہوتے۔ ایک بیان میں لیگی رہنما رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ آئینی ترمیم کی طرف اس وقت جایا جاسکتا ہے جب پارلیمنٹ میں اتفاق رائے ہوگا، اس فیصلے سے وفاق اور تینوں صوبوں پر فرق نہیں پڑے گا، وفاق اور تینوں صوبوں میں نمبرز پورے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ریلیف اور فیصلے ملک پر بہت بھاری پڑے ہیں، تفصیلی فیصلہ آئے گا تو اس کو پڑھ کر بات ہوگی، ایسے فیصلوں میں پنڈورا باکس کھلتا ہے تو وہ مناسب بات نہیں ہوتا کیا ہے آنے والا وقت بتائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 13

خلاف دوران عدت نکاح کیس میں سزا کے خلاف مرکزی اپیلوں پر سماعت ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل مجوکا نے کی۔ خاور مانیکا کے وکیل زاہد آصف نے اپنے دلائل کا آغاز کرتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی توہین پر نوٹس ہو جاتا ہے تو ماتحت عدالتوں کے ججز کی توہین پر نوٹس کیوں نہیں ہوتا؟ دوران سماعت وکیل خاور مانیکا نے سابق امریکی صدر بل کلنٹن کا ذکر بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی جانب سے قوم سے معافی مانگی جاتی تو شکایت کنندہ خاور مانیکا بھی معاف کرسکتے ہیں، اس عدالت نے دیکھنا کہ شکایت تاخیر سے جان بوجھ کر درج کرائی گئی یا نہیں؟ قانون میں کوئی قدغن نہیں کہ شکایت کتنے عرصے بعد درج کرائی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 14

ہے کہ آج جمہوریت کی فتح اور آئین وقانون کی بالادستی قائم ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ فیصلے سے ثابت ہوگیا کہ الیکشن کمیشن آئینی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہا۔

بقیہ بقیہ جات 15

کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو منسٹر کونسلر، ایمبیسی آف پیپلز ریپبلک آف چائنا ژو وینگ تیان سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات کا مقصد پاکستانی زرعی گریجویٹس کو چین بھیجنے کے طریقہ کار کو حتمی شکل دینا تھا، مذکورہ اسکالرشپ کا اعلان وزیراعظم پاکستان کے حالیہ دورہ چین کے دوران کیا گیا تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسکالرشپ کا بنیادی مقصد خوراک اور زرعی شعبوں میں پاکستانی گریجویٹس کی صلاحیت اور مہارت کو بڑھانا ہے، طالب علموں کو جدید زرعی طریقوں اور تکنیکی مہارتوں سے آراستہ کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 16

موت دینے کی درخواست کی سماعت اب 9 اگست کو ہوگی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یاسین ملک کو بھارتی حکام نے 2019ء میں سری نگر میں ان کے گھر سے گرفتار کیا تھا۔ یاسین ملک مئی 2022ء سے تہاڑ جیل میں عمر قید کی سزا کاٹ رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ 8 فروری کو قوم نے اپنا فیصلہ دیا تھا، جس کی خیبر پختونخوا میں ایک سیٹ تھی اسے آدھا درجن سیٹیں دے دیں ہیں، یہ الیکشن کمیشن کی ذاتی پراپرٹی نہیں تھی بلکہ عوام کا مینڈیٹ تھا، الیکشن کمیشن کس طرح یہ سیٹیں دے سکتا ہے؟ بابر اعوان کا کہنا تھا کہ فوری نئے انتخابات کی ضرورت ہے، عمران خان آئیں گے تو استحکام آئے گا، افسران عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں، افسر شاہی کبھی ترقی کا باعث نہیں بن سکتی۔

بقیہ بقیہ جات 18

کمیشن نے بھی نہیں کہا کہ پی ٹی آئی سیاسی پارٹی نہیں ہے، یہ ایک سیاسی پارٹی ہے اور اس کا نام بھی سیاسی پارٹیوں کی لسٹ میں شامل ہے، پی ٹی آئی کا نام الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ پر موجود ہے، الیکشن کمیشن نے کسی فیصلے کی غلط تشریح نہیں کی۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی الیکشن کو درست قرار نہیں دیا، اس فیصلے کے خلاف پی ٹی آئی مختلف فورمز پر گئی، آج کے فیصلے میں 39 ایم این ایز کو پی ٹی آئی کا ایم این اے قرار دیا گیا، ان 39 اراکین اسمبلی نے پی ٹی آئی سے وابستگی ظاہر کی تھی۔ الیکشن کمیشن ذرائع نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے کو ''اپ ہولڈ'' کیا گیا، پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی الیکشن درست نہیں تھے، جس کا Logical Consequence یہ تھا کہ ان سے الیکشنز ایکٹ کی دفعہ 215 کے تحت بلے کا نشان واپس لیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 19

النہاری الہاشمی کو قونصلیٹ میں سالانہ میٹنگ کیلئے مدعو کرلیا قونصل جنرل نے یو اے ای کی قومی ایئرلائن کے نائب صدر اور کراچی ایئرپورٹ پر تعینات بدر الواہدی سے قونصلیٹ میں ملاقات کی، ملاقات میں قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیثی نے کہا کہ ایمریٹس ایئرلائن پاکستانی مسافروں کو ہر ممکن سہولیات دے۔ جون جولائی میں پاکستانی مسافر بیرون ملک سفر کرتے ہیں ان کو ہر ممکن سہولیات مہیا کی جائیں۔ بخیت عتیق الرومیثی نے کہا کہ یہ میٹنگ سالانہ بنیاد پر ہوتی ہے اور اس میں مسافروں کو دی جانے والی سہولیات اور پیش آنے والی مشکلات پر گفتگو کی جاتی ہے۔ قونصل جنرل کی جانب سے نائب صدر ایمریٹس ایئرلائن محمد النہاری الہاشمی کو ان کی خدمات کے صلے میں شیلڈ سے بھی نوازا

بقیہ بقیہ جات 20

سے مشاورت کرنے کے بغیر بنائے جانے والے بجٹ نے سب کی چیخیں نکال دی ہیں۔ حکمران صرف آئی ایم ایف کو خوش کرنے کے لیے یہ سارے اقدامات کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے مرکزی صدر انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے جاری اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں افراتفری پھیلانے کے لیے سازشیں کی جارہی ہیں۔ فلور مل کی ہڑتال کی وجہ سے ملک میں آٹے کے بحران سے غریب دو وقت کی روٹی کو بھی ترس جائے گا۔ مہنگائی اور بے روزگاری نے ویسے ہی غریب کا دیوالیہ نکال دیا ہے۔ ایسا محسوس ہو رہا ہے حکومت چاہتی ہے کے انڈسٹریاں بھی بند ہو جائیں۔ آٹے کی سپلائی بند ہونے کی وجہ سے منافع خور آٹا بلیک میں فروخت کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 21

کئی گھنٹوں تک مسلسل جاری رہنے والی بارش سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے جبکہ بجلی کا ترسیلی نظام بھی بری طرح متاثر رہا، ڈی جی پی ڈی ایم اے نے صوبے کے ڈپٹی کمشنرز اور متعلقہ محکموں کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہدایات جاری کردیں جبکہ صوبائی کنٹرول روم سمیت تمام اضلاع کے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سینٹرز کو بھی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں علی الصبح تیز ہواؤں کے ساتھ کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارش ہوئی اور یہ سلسلہ کئی گھنٹوں تک جاری رہا۔ بارش سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے، نشیبی علاقوں اور مختلف شاہراہوں پر پانی کھڑا ہونے سے معمولات زندگی بری طرح متاثر رہے۔ کئی علاقوں میں بارش کا پانی گھروں میں داخل ہوگیا۔ بارش کی وجہ سے سرکاری و نجی ملازمین کو دفاتر اور اپنے کاروبار پر پہنچنے میں شدید مشکلات کا سامنا رہا۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں شملہ پہاڑی، لکشمی چوک، گوالمنڈی، قرطبہ چوک، ڈیوس روڈ، مال روڈ، اچھرہ، قینچی، چونگی امر سدھو، گجومتہ، اسلامپورہ، بند روڈ، انارکلی، شالامار باغ، ماڈل ٹاؤن، گلبرگ، گارڈن ٹاؤن سمیت دیگر مقامات پر بادل برسے۔

بقیہ بقیہ جات 22

اسمبلی کے باہر اپنے ارکان اسمبلی کا اجلاس بلالیا، اجلاس کی صدارت تحریک انصاف کے رکن اسمبلی اعجاز شفیع کریں گے۔ اجلاس سے اپوزیشن لیڈر ملک احمد خان بھچر خطاب کریں گے جبکہ فارم 45 کے مطابق جیت کے دعویدار پی ٹی آئی کے ٹکٹ ہولڈرز بھی شریک ہوں گے۔ اجلاس میں عوامی اسمبلی کے اجلاس میں سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد آنے والے لائحہ عمل پر بات چیت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 23

مزید بارشوں کی پیش گوئی کی ہے۔ 50 تا 100 ملی میٹر سے زائد بارش کی صورت میں مختلف شہری علاقوں میں سیلابی صورتحال اور ندی نالوں میں طغیانی جبکہ پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے واقعات متوقع ہیں۔ این ڈی ایم اے نے متعلقہ صوبائی اداروں کو ہدایات جاری کی ہیں وہ سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے ممکنہ اثرات کو کم کرنے کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ ایمرجنسی رسپانس ٹیموں کو الرٹ کرنے کے ساتھ ساتھ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال پر فوری رسپانس کو یقینی بنانے کے لیے وسائل کی دستیابی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی ہے۔ عوام سے التماس ہے سیلابی صورتحال سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اپنائیں علاوہ ازیں مسافر اور سیاح حضرات لینڈ سلائیڈنگ کے خطرے کے پیش نظر پہاڑی علاقوں کے سفر سے گریز کریں۔ آسمانی بجلی سے اپنی حفاظت یقینی بنانے کے لیے خراب موسم میں باہر نکلنے سے گریز کریں اور بجلی کے کھمبوں اور تاروں سے دور رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

کے سکیورٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مجلس کے شرکاء سے ملاقات کی اور انتظامات کے بارے دریافت کیا۔ شرکاء نے انتظامات کو سراہا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا اور آئی جی اسلام آباد پولیس علی ناصر رضوی کو سکیورٹی انتظامات کے بارے ضروری ہدایات دیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں محرم الحرام کے دوران قیام امن کیلئے پولیس اور انتظامیہ الرٹ ہے، خود دورہ کرکے محرم الحرام سکیورٹی پلان کا جائزہ لیا۔ مجالس اور جلوسوں کے شرکاء کی حفاظت کے لئے فول پروف اقدامات کئے گئے ہیں۔ کنٹرول روم فعال ہے اور کیمروں کے ذریعے نگرانی کی جارہی ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا، آئی جی اسلام آباد پولیس علی ناصر رضوی، ڈی آئی جی علی رضا اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 25

میں سنایا گیا۔ اسی طرح سابق وزیر اعظم نواز شریف کو پاناما کیس میں خیالی تنخواہ پر نااہل کرنے کا فیصلہ بھی 28 جولائی 2017 جمعہ کے روز ہی سنایا گیا۔ غیر ملکی جائیدادیں بنانے کے الزام میں بانی پی ٹی آئی کو کلین چٹ اور جہانگیر خان کو نااہل قرار دینے کا فیصلہ بھی 15 دسمبر 2017 کو جمعہ کے روز ہی سنایا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 26

افسران) کے شرکاء کی گریجویشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام 38 افسران کو بشمول 2 خواتین کو ان کے کورس مکمل کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ موجودہ ایس ایم سی گروپ میں وفاقی حکومت کے مختلف کیڈرز اور گروپس کے افسران شامل ہیں، جبکہ این آئی ایم کراچی کی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے میں یقین دلاتا ہوں کہ حکومت سندھ اس ادارے کو اپنا ادارہ سمجھے گی، اور این آئی ایم ادارے سے اپنے روابط کو مزید مضبوط اور تعاون جاری رکھیں گے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت، شرکا کی پیشہ ورانہ ضروریات کی تکمیل پر تمام ضروری تعاون فراہم کرے گی، یقین ہے کہ اس ادارے نے گریڈ 20 عہدوں پر ترقی کیلئے تمام افسران کو علم کی بنیاد کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کیا ہے، اس کے علاوہ اس ادارے نے تمام افسران کو متعدد مہارتوں، پالیسی مسائل اور خدمات کی فراہمی کے چیلنجوں سے نمٹنے کے قابل بنایا ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ یہ کورس آپ کی کارکردگی اور آپ کے کیریئر کی ترقی کے لیے اہم ہے، جبکہ تمام افسران نے پیشہ ورانہ کامیابی کیلئے درکار علم، مہارت حاصل کرنے کیلئے بڑی کوششیں صرف کی ہوں گی، بہت جلد آپ تمام وفاقی وصوبائی حکومتوں کے اہم اور فیصلہ ساز عہدے پر براجمان ہونے والے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 27

پر 77 نشستیں متنازع قرار پائیں جس میں سے قومی اسمبلی کی 22 اور صوبائی اسمبلیوں کی 55 نشستیں ہیں، خواتین کی کل 60 سیٹوں میں سے 20، 3 اقلیتی نشستیں، پنجاب اسمبلی سے 27 اور خیبر پختونخوا اسمبلی سے 13 اور تین اقلیتی نشستیں، سندھ اسمبلی سے 2 نشستیں ملنے کی راہ ہموار ہوگئی۔ قومی اسمبلی میں اس سے قبل خواتین کی کل 60 مخصوص نشستوں میں سے الیکشن کمیشن نے 40 نشستیں مختلف سیاسی جماعتوں میں بانٹی تھیں، ان میں سے پنجاب سے 32 میں سے 20، خیبر پختونخوا میں 10، سندھ کی تمام 14 نشستیں اور بلوچستان کی چار نشستیں شامل تھیں، اسی طرح قومی اسمبلی میں اقلیتوں کی مخصوص 10 میں سات نشستیں الاٹ کردی گئیں تھیں جبکہ تین باقی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

مسعود کو گرفتار کیا جن کا تعلق وزیرستان سے ہے۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی آصف اعجاز شیخ کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان سوشل میڈیا نیٹ ورک کے ذریعے افغانستان میں ٹی ٹی پی قیادت سے رابطے میں تھے، ملزمان تحریک طالبان پاکستان کے لئے فنڈز جمع کرتے تھے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان حال ہی میں فنڈنگ آپریشن کیلئے کراچی واپس آئے تھے، گرفتار ملزمان سے فنڈنگ کی رقم بھی برآمد کرلی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 29

اتحاد کونسل کی مخصوص نشستوں سے متعلق کیس کے فیصلے پر ردعمل دے دیا۔ اپنے ایک طنزیہ بیان میں لیگی رہنما عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ مبارک ہو، ذاتی پسند، بچپن کی محبت اور کرش جیت گیا، آئین وقانون اور ادارے سب کا کیا ہے؟ اپنے لاڈلے کے لئے سب جوتے کی نوک پر ہی اچھے لگتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ لاڈلے کی جے ہو، سارا ملک ان دہشتگردوں کی ڈکٹیشن اور فساد کے حوالے کردو، اتفاقاً کیس سنی اتحاد کونسل کا تھا، ریلیف تحریک ''فساد'' کو، ہیرے جناب ہیرے۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ اور الیکشن کمیشن کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے مخصوص نشستیں پاکستان تحریک انصاف کو دینے کا حکم دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

اسمبلی نے کہا کہ پاکستان کے ہنگری کے ساتھ دیرینہ دوستانہ تعلقات ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان، ہنگری سمیت تمام دوست ممالک کے ساتھ باہمی تعلقات کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سفارتکاری کے ذریعے دونوں ممالک کے عوام کو مزید قریب لایا جاسکتا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پارلیمانی وفود کے تبادلے اور پاک۔ ہنگری پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کے ذریعے باہمی تعاون کو فروغ ملے گا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے تعلیم کے میدان میں ہنگری کے تعاون کو سراہا۔ سفیر نے اسپیکر کے ہنگری کے لیے خیر سگالی اور تعلقات کو مزید وسعت دینے کی خواہش پر اظہار تشکر کیا۔ ہنگری کے سفیر نے بھی پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات اور تعاون کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ سفیر نے ہنگری کے اسپیکر کی طرف سے سپیکر قومی اسمبلی کو پارلیمانی وفد کے ہمراہ دورے کا دعوت نامہ بھی دیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی سپریم کورٹ کورٹ سے اپیل کرتی ہے کہ اس فیصلے کے بعد سینٹ اور صدارتی انتخابات دوبارہ کروائے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

ہوتے ہیں۔ خواتین کی مجموعی طور پر 66 مخصوص جبکہ اقلیتی 8 نشستیں ہیں۔ تحریک انصاف کے پنجاب اسمبلی میں 108 ارکان ہیں اور عدالتی فیصلے کے بعد پی ٹی آئی کو پنجاب اسمبلی میں خواتین کی 24 اور 3 اقلیتی نشستیں مل سکتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 33

حساب دینا ہوگا۔ بجلی کے بلوں میں ظالمانہ ٹیکسز اور اوور بلنگ نظام کے خلاف 26 جولائی کو لاہور کے عوام اسی جوش و جذبہ سے دھرنے میں شریک ہوں گے، عوام کو بے دردی سے لوٹنے والے حکمرانوں کو نہیں چھوڑیں گے۔ امیر لاہور نے مزید کہا کہ شہر لاہور میں واپڈا، واسا، ایل ڈبلیو ایم سی عوام سے بھاری بل وصول کرنے کے باوجود عوام کو سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہیں۔ عوام شکایات کیلئے متعلقہ دفاتر میں چکر لگاتے ہیں جن کی کوئی شنوائی نہیں ہورہی ہے عوام سراپا احتجاج بنے ہوئے ہیں۔ مون سون بارشوں کے الرٹ کے باوجود شہری انتظامیہ کا نکاسی آب کا نظام بری طرح ایکسپوز ہو چکا ہے۔ شہر کے نشیبی علاقے ندی نالوں کا منظر پیش کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 26 جولائی کو اسلام آباد میں ہونے والے دھرنے کے حوالے سے مختلف تنظیموں کے وفود سے ملاقات کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 34

ہے اور اس حوالے سے ایک فریم ورک بھی تیار کرلیا گیا ہے۔ بورڈ آف سٹڈیز نے اس نصاب کو تعلیمی سیشن 25-2024 سے پنجاب کے تمام ڈینٹل کالجوں میں لاگو کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ اس نئے ماڈیولر نصاب کے فریم ورک اور ٹائم لائن کی تیاری کیلئے اس سال جنوری میں ایک سٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جس کی سربراہ یو ایچ ایس اورل بیالوجی ڈیپارٹمنٹ کی سربراہ پروفیسر سارہ غفور تھیں۔ کمیٹی میں ڈینٹل کالجوں کے پرنسپلز اور میڈیکل ایجوکیشن کے ماہرین شامل تھے۔ کمیٹی کے تیار کردہ فریم ورک کے مطابق نئے نصاب میں عمودی، افقی اور پیچ دار انٹیگریشن ہے۔ اس میں پروفیشنلزم، اخلاقیات، ریسرچ، لیڈرشپ سکلز کے ماڈیولز ہیں۔ اس کے علاوہ کلینیکل، فاؤنڈیشن اور روٹیشن کے ماڈیولز بھی ہیں۔ پروگرام میں موجودہ کلینیکل کوٹہ کو لاگ بک اور پورٹ فولیو سے تبدیل کیا گیا ہے۔ مزید برآں بیسک لائف سپورٹ کی تربیت کو نصاب کا لازمی حصہ بنایا گیا ہے۔ وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر احسن وحید راٹھور کا کہنا تھا کہ اس فیصلے سے بیرون ملک پاکستان کی ڈگری کی توقیر میں اضافہ ہوگا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ نئے نصاب کو منظوری کیلئے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کو بھیجا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 35

نے کمیٹی کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ گرمیوں میں بجلی کی طلب 30 ہزار میگاواٹ تک بھی چلی جاتی ہے، سردیوں میں طلب 8 ہزار میگاواٹ تک بھی گر جاتی ہے۔ اس پر چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ پاور بلیک آؤٹ کی وضاحت کریں۔ سیکرٹری پاور راشد محمود نے کہا کہ جب کسی خرابی کے باعث پورا پاور سسٹم بند ہو جائے تو بلیک آؤٹ کہلاتا ہے۔ چیئرمین کمیٹی نے دوبارہ سوال اٹھایا کہ یہ بتایا جائے کہ ساہیوال میں درآمدی کوئلے کو لگانے کی کیا ضرورت تھی۔ جواب میں وفاقی وزیر پاور اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ جب ساہیوال کول پاور لگایا گیا اس وقت تھر سے کوئلہ دستیاب نہ تھا، جب ساہیوال کول پاور لگا اس وقت کپیسٹی پیمنٹ زیادہ نہ تھی، روپے کی بے قدری سے کپیسٹی پیمنٹس بڑھیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

قاسمی، سید سمیع اللہ حسینی، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا حفیظ الرحمن کشمیری، میاں محمد طیب ایڈووکیٹ سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ پوری دنیا میں مسلمان ممالک میں نفرت پھیلانے کا کردار ادا کررہا ہے۔ مسلم ممالک فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کے لیے بہت کم آواز اٹھا رہے ہیں، امت مسلمہ کو بیدار ہو کر ظالموں کے خلاف بھرپور ایکشن کا اعلان کرنا ہوگا۔ اقوام عالم، انسانی حقوق کی تنظیمیں بالخصوص او آئی سی جاندار کردار ادا کریں تاکہ فلسطینی عوام کو بھی ان کے بنیادی حقوق میسر آ سکیں اور وہ آزادی کی سانس لے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کی جانب سے جاری دہشتگردی کسی طور پر قابل قبول نہیں، اسرائیلی فوج نہتے فلسطینی عوام پر بم برسا رہی ہے جس پر اقوام عالم کی خاموشی لمحہ فکریہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

وائر چوری کر رہے تھے۔ ملزمان کے خلاف تھانہ ریلویز پولیس ورکشاپس ڈویژن مغلپورہ میں مقدمات کا اندراج کرا لیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

کر کے سماعت کی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کی جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے سی ڈی اے کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کر لیا۔ درخواست گزار کے وکیل سردار لطیف کھوسہ نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ موجودہ حکومت سی ڈی اے کو پی ٹی آئی کیخلاف بطور آلہ استعمال کر رہی ہے۔ 28 جون کو سی ڈی اے کی جانب سے پی ٹی آئی کے مرکزی سیکرٹریٹ کو نوٹس کیا گیا۔ بعدازاں عدالت نے سی ڈی اے کو نوٹس کے ذریعے جواب طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 39

آ گیا ہے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ میرے خیال میں آئین کو دوبارہ لکھا گیا ہے، آئین اور قانون سے بالاتر کوئی نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

پاکستان کے شہر کراچی میں ہنگامی لینڈنگ کی گئی۔ واضح رہے کہ اسرائیل کے پاکستان کے ساتھ سفارتی تعلقات نہیں ہیں۔ وزارت نے کہا کہ اس نے اسرائیلی شہریوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ لوگوں کے ساتھ رابطے کیے۔ وزارت نے بتایا کہ تھوڑی دیر بعد پرواز نے اسرائیلیوں کے ساتھ اپنا سفر دوبارہ شروع کر دیا تھا۔ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (پی سی اے اے) کے ترجمان سیف اللہ خان نے کہا کہ وہ فلائی دبئی کی پرواز میں اسرائیلی شہریوں کی موجودگی کے بارے میں لاعلم ہیں۔ فلائی دبئی کی فلائٹ FZ-569، جو دبئی سے کولمبو، سری لنکا جارہی تھی، جہاز میں سوار ایک مسافر کی حالت بگڑنے پر بدھ کی رات 11 بجے کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کرنا پڑی۔ سیف اللہ نے بتایا تھا فلائی دبئی کی فلائٹ 569 کے بارے میں ابھی رپورٹ آئی تھی کہ یہ دبئی سے کولمبو جارہی تھی اور خاتون کی حالت خراب ہوگئی اور یہ بدھ کو رات 11 بجے کراچی میں اتری لیکن خاتون کا انتقال ہوگیا تھا، اس کی میت ملیر میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بھیجی گئی اور طیارہ صبح 3 بجے جمعرات کو روانہ ہوا۔ یہ نہیں بتایا گیا کہ کتنے مسافر سوار تھے اور ان کی قومیتیں کیا تھیں۔ سیف اللہ خان نے واضح کیا کہ فلائی دبئی کی پرواز میں مرنے والی مسافر سری لنکا کا شہری تھی۔ بعدازاں اس کی لاش کو ایک علیحدہ پرواز سے سری لنکا پہنچایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 41

جبکہ ڈیوٹی کے دوران یونیفارم کا استعمال کیا جائے، کوئی اہلکار گھر سے دفتر آتے یا واپس جاتے ہوئے یونیفارم یا جوتے نہ پہنے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ دہشت گردانہ حملوں کے پیش نظر الرٹ جاری کیا گیا، کراچی میں گورنمنٹ آفیشلز کو نشانہ بنانے کا امکان ہے۔ تھریٹ الرٹ اینٹی انکروچمنٹ ایس ایچ اوز کو جاری کیا گیا ہے، ناخوشگوار صورتحال سے بچنے کے لیے حفاظتی اقدامات کیے جائیں۔ دوسری جانب محرم الحرام میں سیکیورٹی کے پیش نظر رینجرز اور پولیس نے کراچی کے مختلف علاقوں اور اندرون سندھ میں مشترکہ فلیگ مارچ کیا۔ محرم الحرام کے سلسلے میں سندھ سمیت کراچی میں سخت سیکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔ رینجرز اور پولیس نے کراچی کے مختلف علاقوں اور اندرون سندھ میں مشترکہ فلیگ مارچ کیا، ترجمان نے بتایا کہ فلیگ مارچ کراچی سپر ہائی وے، نارتھ ناظم آباد، سرجانی ٹاؤن میں کیا گیا۔ اورنگی ٹاؤن، شاہ لطیف ٹاؤن، شاہراہ فیصل، کورنگی، بلدیہ ٹاؤن، صدر ٹاؤن اور جمشید ٹاؤن ودیگر علاقوں میں بھی فلیگ مارچ کیا۔ حیدرآباد، جامشورو، دادو، میرپور خاص، ٹنڈو محمد خان، سانگھڑ، سنجرو، کنڈیارو، بدین، ٹھٹھہ اور سندھ کے دیگر علاقوں میں بھی فلیگ مارچ کیا گیا۔ فلیگ مارچ کے دوران اہم امام بارگاہوں اور جلوس کی گزرگاہوں کا معائنہ بھی کیا گیا تاہم شہر کے داخلی اور خارجی راستوں میں اضافی نفری تعینات کردی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

پر الخدمت ڈیزاسٹر مینجمنٹ ٹیموں اور رضا کاروں کی پری مون سون ٹریننگ کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ سوات، کراچی، سکھر، راولاکوٹ، کوئٹہ، گوادر، تونسہ شریف، راجن پور میں ڈیزاسٹر ٹیموں اور رضا کاروں کی ٹریننگ مکمل ہوچکی ہے جبکہ حیدرآباد، بلوچستان، جنوبی پنجاب، گلگت بلتستان میں اگلے چند دنوں میں شیڈول کے مطابق پری مون سون ٹریننگ ہوگی۔ مرکزی اور علاقائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ ٹیموں کے، کوآرڈینیشن کمیٹی اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے اعجاز اللہ خان نے کہا کہ نشیبی علاقوں میں سیلاب اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ جیسے خطرات کے پیش نظر ہر سطح کی ٹیم اور رضا کار ہر لمحہ الرٹ رہیں اور خدانخواستہ کسی آفت یا حادثے کی صورت کو نیک رسپانس کے تحت متاثرین کو ریسکیو کرکے محفوظ مقامات تک پہنچایا جائے۔ ریسکیو آلات، خیمے، مچھر دانیاں، ترپال علاقائی گوداموں میں روانہ کردیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنی جان خطرات میں ڈال کر متاثرین کو ریسکیو کرتے والے رضا کار الخدمت کا اثاثہ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں اریگیشن سیکٹر کی تین سکیمیں اور روڈز سیکٹر کی 20 سکیمیں شامل ہیں۔ صوبائی ورکنگ پارٹی نے چینلائزیشن آف ڈیگ ڈائورشن چینل کے لیے 2520 ملین کی منظوری، نکی ڈگ ڈرین کی ری ماڈلنگ کیلئے 1360 ملین اور کاموکی میں فلڈ پروٹیکشن کے لیے 2719 ملین کے فنڈز کی منظوری دی گئی۔ جبکہ پنجاب کے مختلف اضلاع بشمول اوکاڑہ، پاکپتن، ملتان، لودھراں، خانیوال، وہاڑی، ڈیرہ غازی خان، راجن پور، مظفر گڑھ، لیہ، بہاولنگر، رحیم یار خان کے اضلاع میں روڈز کی بہتری و بحالی کے سلسلہ میں 20 ترقیاتی سکیموں کیلئے 39 ارب کی منظوری شامل ہے۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری پی اینڈ ڈی بورڈ ڈاکٹر آصف طفیل سمیت چیف اکانومسٹ ناصر اقبال ملک، متعلقہ سیکرٹریز، متعلقہ محکمہ جات کے اعلی افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 44

اسمبلی میں 297 اراکین جنرل نشستوں پر منتخب ہوتے ہیں، خواتین کی مجموعی طور پر 66 مخصوص جبکہ اقلیتی 8 نشستیں ہیں۔ تحریک انصاف کے پنجاب اسمبلی میں 108 ارکان ہیں اور عدالتی فیصلے کے بعد پی ٹی آئی کو پنجاب اسمبلی میں خواتین کی 24 اور 3 اقلیتی نشستیں ملنے کا امکان ہے۔ پنجاب اسمبلی میں اس وقت مسلم لیگ (ن) کی 205، سنی اتحاد کونسل کی 104، آئی پی پی 6، مسلم لیگ (ض) تحریک لبیک اور مجلس وحدت المسلمین کی ایک ایک، مسلم لیگ (ق) کی 10 اور پیپلز پارٹی کی 14 نشستیں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

جبکہ ہم آل فلیم گروپ آف دوبئی کی ایک ذیلی کمپنی کے طور پر کام کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الغازی ٹریکٹرز کمپنی پنجاب حکومت کی گرین ٹریکٹر اسکیم میں سرمایہ کاری کرنے کی خواہاں ہے۔ کمپنی آئندہ ماہ 85 ہارس پاور کا ایک نئے ماڈل کا ٹریکٹر لانچ کرنے جارہی ہے۔ ہم ٹرانسفارمنگ پروگرام کے تحت محکمہ زراعت پنجاب کے ساتھ پروڈکٹ مارکیٹنگ، ٹیکنالوجی، نالج اور انفرا اسٹرکچر شیئرنگ میں مل کر کام کرنا چاہتے ہیں۔ صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حالیہ بجٹ میں زراعت کے شعبے کی ترقی کے لیے 164 ارب روپے کی بھاری رقم مختص کی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی تمام تر توجہ زرعی شعبہ میں ہائی میکانائزیشن پر مرکوز ہے جس کے لیے الغازی کمپنی اہم رول ادا کر سکتی ہے۔ صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے چھوٹے، درمیانے اور بڑے کسانوں کے لئے 30 ارب کی مالیت سے گرین ٹریکٹر اسکیم شروع کی ہے۔ اس اسکیم کے تحت 12 ہزار ٹریکٹرز 70 فیصد سبسڈی پر کسانوں کو فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت صوبہ میں کارپوریٹ فارمنگ کے فروغ کے ساتھ ساتھ کسانوں کو ٹرانسپلانٹرز اور ہارویسٹرز کی فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے۔ ہم الغازی کمپنی کے اشتراک سے کسانوں کو اعلیٰ کوالٹی کے ٹریکٹرز اور مشینری کی فراہمی کو یقینی بنانا چاہتے ہیں اور آپکے ادارہ کے تجربات سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں۔ صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ پنجاب میں 5 زرعی مالز کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے جس میں کسانوں کو سرکاری ریٹ پر اعلیٰ کوالٹی کا سیڈ، پاسٹی سائیڈ، فرٹیلائزر، مشینری دستیاب ہو گی۔ انہوں نے الغازی ٹریکٹرز کمپنی کو ان مالز پر اپنی ورکشاپس اور شوروم قائم کرنے کی پیشکش کی۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب کاشتکاروں کی فلاح کے لیے تمام ممکن وسائل اور ذرائع بروئے کار لا رہی ہے۔ حکومت پنجاب کا موجودہ ترقیاتی بجٹ اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ فارم میکنائزیشن محکمہ زراعت پنجاب کی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ ایگریکلچر سیکٹر میں فارم مشینری کی بہت زیادہ ڈیمانڈ ہے۔ لوکل تیار کردہ مشینری کو زیادہ اہمیت دی جائے گی اور اس کی کوالٹی پر کسی قسم کا سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس میں الغازی ٹریکٹرز کے ہیڈ کارپوریٹ سیلز محمد محسن، چیف فنانشل آفیسر جاوید اقبال، ہیڈ مارکیٹنگ نجم ثاقب کے علاوہ اسپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب شہنشاہ فیصل، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر انجم علی اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 46

امن کمیٹی علامہ سید عاشق حسین شاہ، صوبائی خطیب اوقاف پنجاب مفتی فتح محمد راشدی، صدر مرکزی جمعیت اہلحدیث لاہور نعیم بادشاہ، سید غلام حسین شاہ جلالی سمیت تمام مکاتب فکر کے علما کرام و دینی شخصیات نے شرکت کی۔ تمام مکاتب فکر کے علما نے محرم الحرام میں امن و امان کے قیام، بین المسالک ہم آہنگی و رواداری کے فروغ پر زور دیا۔ سی سی پی او لاہور نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بین المسالک ہم آہنگی و یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام فرقوں کے مذہبی رہنماؤں کو ایک چھت تلے اکٹھا کرنے سے بین مسالک ہم آہنگی کو فروغ ملے گا۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ علما کرام سے مسلسل رابطے میں ہیں، محرم الحرام کے حوالے سے بہترین اور فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے محکمہ داخلہ کے جاری ایس او پیز پر من وعن عملدرآمد یقینی بنائے جانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فرقہ ورانہ ہم آہنگی، اتحاد اور امن عامہ کیلئے علما کرام کا کردار نہایت اہم ہے۔ علما کرام قومی یکجہتی، امن اور بھائی چارے کے فروغ میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا عبدالخبیر آزاد نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وحدت امت کانفرنس کے انعقاد کا مقصد مذہبی ہم آہنگی اور محبت کو فروغ دینا ہے۔ تقریب سے ڈی آئی جی (آپریشنز) فیصل کامران اور دیگر شرکا نے بھی خطاب کیا۔ تقریب کے شرکا نے محرم الحرام کے پرامن انعقاد کیلئے لاہور پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ بقیہ جات 47

اسٹریٹجک پارٹنرز کے طور پر نافذ کیا گیا ہے۔ HBL MfB داروغہ والا برانچ میں ایک تفصیلی میٹنگ ہوئی جہاں محترمہ نازیہ سحر نے FBLT پروجیکٹ کا تعارف پیش کیا جس کے بعد ڈائریکٹر ہوم نیٹ پاکستان کی ایگزیکٹو ام لیلیٰ، HBL MfB مسٹر کاشف ظفر ہیڈ آف پروڈکٹس اینڈ ریسرچ، نے پریزنٹیشنز پیش کیں۔ انہوں نے WMEs کی مالی شمولیت اور استعداد کار میں اضافے اور WMEs کو بینکنگ آن ایکویٹی (BOE) میں ایک الگ طبقہ کے طور پر تسلیم کرنے کے لیے شروع کی گئی پالیسی وکالت کی کوششوں پر بہت اطمینان کا اظہار کیا۔ FBLT منصوبوں کا مقصد خواتین مائیکرو انٹرپرینیورز کو علم اور سماجی کاروباری قیادت کی صلاحیت سے آراستہ کرنا ہے تاکہ مالی شمولیت اور صلاحیت کی نشوونما کے ذریعے تبدیلی کے لیے بہتر کام کیا جاسکے اور اقتصادی ترقی اور غیر رسمی معیشت کی طرف منتقلی کے لیے ''خود انحصاری'' کو فروغ دیا جا سکے۔ تجیکو اموٹو، SVP نے یوحنا آباد میں WMEs کے دو کاروباری مقامات کا دورہ کیا اور دونوں پروجیکٹ سے فائدہ اٹھانے والوں کے اعتماد اور کاروباری ذہانت سے بہت متاثر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ JICA کو ایسے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے، اور یہ مطالعہ حقیقی خواتین کی زندگیوں میں تبدیلی لانے کا ایک اچھا موقع ہے۔ انہوں نے پاکستان جائیکا کے دفتر کو دوسرے دفاتر سے منسلک کرنے کا بھی عہد کیا تاکہ ہم ایک دوسرے سے سیکھ سکیں اور علم کا تبادلہ کر سکیں۔ دونوں اطراف نے طویل المدتی تعاون پر اظہار تشکر کیا۔

بقیہ بقیہ جات 48

نوعیت کے مقدمے میں نامزد کرنا بدنیتی کو ظاہر کرتا ہے، درخواست گزار کو رہائی کے بعد بار بار گرفتار کرنے کا مقصد عدالتی نظام کو شکست دینا ہے۔ عدالت نے تحریری فیصلے میں کہا کہ ڈپٹی کمشنر لاہور اور گوجرانوالہ نے جیل میں ہونے کے باوجود درخواست گزار کے نظر بندی کے احکامات جاری کیے، ڈپٹی کمشنرز کے کردار سخت کارروائی کا کہتے ہیں لیکن عدالت بڑے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے کوئی کارروائی نہیں کر رہی۔ فیصلے میں لکھا گیا کہ عدالت امید کرتی ہے ڈپٹی کمشنرز آئندہ مایوس نہیں کریں گے، جسمانی ریمانڈ دینے والی عدالتوں کو بھی ریمانڈ دیتے ہوئے آئین میں دیئے گئے بنیادی حقوق کو سامنے رکھنا چاہیے۔ لاہور ہائیکورٹ نے فیصلے کی کاپی جوڈیشل افسران، آئی جی پنجاب اور تمام ڈپٹی کمشنرز کو بھیجنے کی ہدایت کردی۔ عدالت نے فیصلے میں لکھا کہ تفتیشی افسر کے پاس درخواست گزار کو مقدمے میں نامزد کرنے کے کوئی شواہد موجود نہیں، درخواست گزار کیخلاف گوجرانوالہ میں مقدمہ بدنیتی کی بنیاد پر درج کیا گیا۔ درخواست گزار کو مقدمے سے فوری طور پر ڈسچارج کیا جاتا ہے۔ تحریری فیصلے میں مزید کہا گیا کہ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل نے بیان دیا کہ صنم جاوید کے خلاف مزید کوئی مقدمہ درج نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

(سالانہ/ ماہانہ) ہوگی۔ اسکوائر فٹ کی بنیاد پر ٹیکس کی ادائیگی کا تصور ختم کردیا گیا ہے اور ایف بی آر نے رقبہ کی بنیاد پر ٹیکس کی فلیٹ ریٹ کی تجویز دی ہے۔ ایف بی آر غیر منقولہ جائیدادوں کی تشخیص کے جدولوں کی بنیاد پر دکانوں کے علاقوں کا تعین نہیں کرے گا بلکہ چھوٹے تاجروں کے لیے ایک سادہ فلیٹ ریٹ سسٹم بنائے گا۔ بازاروں کو تین قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے یعنی اعلیٰ درجے کی دکانیں جو کہ پرائم/ پوش مقامات پر واقع ہیں، درمیانے درجے کی دکانیں اور چھوٹی دکانیں جو کم پرائم علاقوں میں واقع ہیں۔ پوش علاقے کی دکانوں پر زیادہ ٹیکس، درمیانے درجے کی دکانوں پر نسبتاً کم ٹیکس اور چھوٹی دکانوں پر بہت کم ٹیکس تجویز کیا گیا ہے۔ ایف بی آر نے ٹیکس ادائیگی اسکیم کو حتمی شکل دینے کے لیے مشاورتی عمل کے تحت فہرستوں کا مسودہ تیار کر کے تاجروں کے نمائندوں کے ساتھ شیئر کیا ہے اور اس پر مشاورت کا بھی آغاز کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے مزید کہا کہ توقع ہے کہ ایف بی آر آئندہ ہفتے تک حتمی نوٹیفکیشن جاری کردے گا۔

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع دھوری
متوفی: مقصودہ بی بی زوجہ محمد افضل
وارثان: محمد صدیق والد پہلے فوت شدہ

زندہ: فاطمہ بی بی والدہ، محمد افضل خاوند، محمد سہیل افضل، محمد سعد پسران عمیرا افضل، عاصمہ نورین، مریم نورین دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 50

بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کا مستقبل صرف اور صرف اسلامی انقلاب ہے، جس دھرتی کو کلمہ طیبہ کی بنیاد پر حاصل کیا گیا تھا اس دھرتی پر کلمہ والے نبی ﷺ کے نظام کو نافذ کیا جائے، مولانا فضل الرحمن کی سیاست کا خاتمہ چاہنے والے آج انکی عوامی مقبولیت دیکھ کر بوکھلا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ملک میں اسلامی انقلاب کی جدوجہد کررہی ہے ان شاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب پورے ملک میں اسلام کا عادلانہ نظام نافذ ہو گا غربت کا نام ونشان مٹ جائے گا اور ہر پاکستانی سکھ وچین کی زندگی بسر کرے گا۔ سب نظام ناکام ہوچکے اب ملک کے بحرانوں کا آخری حل صرف اور صرف نظام مصطفی ﷺ کا عملی نفاذ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

اڈے پر سینٹرل انڈسٹریل سکیورٹی فورس (سی آئی ایس ایف) کے ایک اہلکار کے ساتھ جھگڑے کے بعد گرفتار کیا گیا تھا۔ ایئر لائن انتظامیہ نے جواب دیتے ہوئے الزام لگایا کہ یہ واقعہ جنسی ہراسانی کا معاملہ ہے۔ یہ واقعہ گزشتہ روز اس وقت پیش آیا جب ملازمہ کو ایئر لائن کے عملے کے لئے قریبی داخلی دروازے پر لازمی اسکریننگ سے گزرنے کے لئے کہا گیا تھا۔ لیکن اس وقت سی آئی ایس ایف کی کوئی خاتون اہلکار دستیاب نہیں تھی۔ سی آئی ایس ایف کے ایک سینئر افسر کے مطابق صورتحال اس وقت بگڑ گئی جب خاتون ملازم مشتعل ہو گئیں اور ڈیوٹی پر موجود سی آئی ایس ایف اہلکاروں کو تھپڑ مار دیا۔ سی آئی ایس ایف کے ایک سینئر افسر نے بتایا کہ ان کے خلاف معاملہ درج کیا گیا ہے اور انہیں گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ایئر لائن نے اس واقعے کو جنسی ہراسانی کا سنگین معاملہ قرار دیتے ہوئے فوری قانونی کارروائی کرنے کے عزم کا بھی اعلان کیا۔

بقیہ بقیہ جات 52

رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ٹی ٹی پی کے افغانستان میں چھ سے ساڑھے چھ ہزار جنگجو موجود ہیں، افغان طالبان ٹی ٹی پی کے خطرے کو ختم کرنے میں ناکام ہیں یا ان کا ایسا ارادہ نہیں۔ اقوام متحدہ کی مانیٹرنگ ٹیم کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ افغان طالبان ٹی ٹی پی کو دہشتگرد گروپ تصور نہیں کرتے اور ان کے قریبی تعلقات ہیں، ٹی ٹی پی والے افغانستان سے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں کرتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ٹی ٹی پی والے پاکستان میں دہشتگرد کارروائیوں کیلئے افغانوں کو استعمال کرتے ہیں، ٹی ٹی پی نے بتدریج پاکستان کے خلاف حملوں کی تعداد بڑھائی ہے۔ یو این رپورٹ کے مطابق ٹی ٹی پی کے کارندوں کو مقامی جنگجوؤں کے ساتھ القاعدہ کیمپوں میں تربیت دی جا رہی ہے، القاعدہ کی بڑھتی حمایت سے ٹی ٹی پی خطے کی سلامتی کیلئے خطرہ بن سکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی اعلان میں کہا گیا ہے کہ امریکہ نے تین اسرائیلی اور پانچ دوسرے اداروں پر پابندی لگائی گئی ہے۔ ان میں انتہائی دائیں بازو کا لہاوا گروپ بھی شامل ہے۔ امریکہ نے اسرائیل کی مغربی کنارے میں قائم کردہ چار غیر قانونی آؤٹ پوسٹوں ٭ کو بھی پابندیوں کا نشانہ بنایا ہے کہ ان آؤٹ پوسٹوں سے فلسطینیوں پر پرتشدد حملے کیے جاتے ہیں۔ فلسطینیوں کو بے گھر کیا جاتا ہے۔ امریکی دفتر خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے کہا کہ امریکہ کو مغربی کنارے میں فلسطینیوں پر ان حملوں اور تشدد کے واقعات اور عدم استحکام کی کوششوں پر گہری تشویش ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ہم اسرائیل سے یہ توقع کرتے ہی کہ وہ ان اسرائیلی افراد اور گروپوں یا اداروں کو احتساب کے کٹہرے میں لائے گا۔ اگر اسرائیلی حکومت نے فوری طور پر اقدامات نہ کیے تو امریکہ اپنے تادیبی اور تعزیراتی اقدامات کرنے پر مجبور ہوگا۔ جو بائیڈن انتظامیہ کی طرف سے ان پابندیوں نے نیتن یاہو کی حکومت میں موجود انتہا پسند اتحادیوں کو سخت دھچکا لگا ہے۔ یہ انتہا پسند گروپ مغربی کنارے میں یہودی بستیوں کی وسیع پیمانے پر تعمیر کے حامی ہیں۔ امریکی پابندیوں کا نشانہ بننے والا گوپتیں اسرائیل کے داخلی سلامتی کے وزیر اتمار بین گویر اور ان کے خاندان کے بہت قریبی ہیں۔ اتمار بین گویر خود بھی یہودی بستی میں رہتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 54

مریضوں کا علاج کیا اور مریضوں کو مفت ادویات، سپلیمنٹس اور طبی ہدایات مہیا کی گئیں۔ میڈیکل کیمپ میں لیبارٹری ٹیسٹ بشمول ڈینگی، ملیریا، ہیپاٹائٹس بی اور سی، آنتوں کا بخار، حمل کے ٹیسٹ، یورن، بلڈ شوگر اور الٹرا ساؤنڈ کی سہولت میسر تھی۔ متعدد مریضوں کی ویکسینیشن کے ساتھ ساتھ حفظان صحت وابتدائی طبی امدادی کٹس بھی فراہم کی گئیں۔ مریضوں میں 240 مرد، 343 خواتین اور 458 بچوں سمیت کل 1000 سے زائد مریضوں کا علاج کیا گیا۔ مختلف امراض میں انیمیا، لیریا، ڈینگی بخار، گیسٹرو اینٹرائٹس، غذائیت، ذیابیطس، ہائی بلڈ پریشر، قبل از پیدائش کی دیکھ بھال وغیرہ سے متعلق علاج معالجہ اور طبی ہدایات دی گئیں۔ علاقہ مکینوں نے پاک فوج کے فری میڈیکل کیمپ کا خیر مقدم کیا اور مفت علاج و ٹیسٹس کی سہولیات مہیا کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 55

کارروائی کرکے 2 دہشت گردوں ابوذر اور یعقوب محسود کو گرفتار کرلیا، ملزمان کا تعلق کالعدم تحریک طالبان پاکستان حافظ گلبہار گروپ سے ہے۔ آصف اعجاز شیخ نے کہا کہ گرفتار ملزمان سوشل میڈیا نیٹ ورک کے ذریعے افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی قیادت سے رابطے میں تھے، گرفتار ملزمان تحریک طالبان پاکستان کے لیے فنڈز جمع کرتے تھے۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی نے مزید بتایا کہ دونوں ملزمان کا تعلق وزیرستان سے ہے، جو حال ہی میں فنڈنگ آپریشن کے لیے کراچی واپس آئے تھے، ملزمان کو سی ٹی ڈی شعبہ تفتیش اینٹی ٹیرر ازم یونٹ نے گرفتار کیا۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے فنڈنگ کی رقم بھی برآمد کرلی گئی، ملزمان کے خلاف سی ٹی ڈی میں مقدمہ درج کرلیا گیا جبکہ ملزمان سے مزید تفتیش کی جارہی ہے۔

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع دھوری
متوفی: محمد بخش ولد محمد صدیق
وارثان: محمد صدیق والد پہلے فوت شدہ

زندہ: فاطمہ بی بی والدہ، سائرہ بی بی بیوہ، رضوان بخش، نعمان بخش پسران، روبینہ بخش، زینت بخش، فہمیدہ بخش، ثانیہ بخش دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 56

انور بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ محرم الحرام میں امن و امان کا قیام میرا مشن ہے۔ پنجاب میں محرم الحرام سکیورٹی کے حوالے سے بہترین انتظامات دیکھ رہے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ، پولیس اور جلوس ومجالس کے منتظمین آپس میں باہمی اتفاق سے معاملات دیکھ رہے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ہر ڈویژنل ہیڈکوارٹر میں متعلقہ وزراء کو بھی ذمہ داریاں دی گئی ہیں۔ پنجاب کے 5 ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں خود جا کر انتظامات کا جائزہ لیا جن سے مطمئن ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

پارسل سے 400 گرام آئس برآمد کرلی گئی۔ اسی طرح جڑواں شہر راولپنڈی میں بس اسٹینڈ کے قریب گاڑی سے 4.20 کلو چرس برآمد کر کے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ اسلام آباد ہی میں ایم ون موٹروے پر 2 ملزمان سے ایک کلو افیون اور 2 کلو ہیروئن برآمد کرلی گئی۔ سیالکوٹ میں ڈسکہ کے قریب ملزم سے 4.2 کلو چرس برآمد کرلی گئی۔ اُدھر لاہور میں بند روڈ کے قریب ملزم سے 510 گرام آئس برآمد کرلی گئی۔ اے این ایف نے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

ر 433/24 بجرم 381A تھانہ بوٹ بیسن میں رپورٹ کیا گیا تھا۔ ایس ایس پی کے مطابق اے وی ایل سی کلفٹن ڈویژن نے قائد آباد منزل پمپ کے قریب کارروائی کر کے کار سنیچر گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ چھینی گئی کار برآمد کرلی ہے۔ ایس ایس پی کے مطابق ملزمان کے مزید ساتھیوں کی تلاش کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں جبکہ برآمد شدہ کار اصل مالک کے حوالے کردی گئی ہے۔ جس پر مسمی سراج احمد نے اے وی ایل سی، کراچی پولیس کا شکریہ ادا کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے آسٹریلین ڈیفنس فورس (اے ڈی ایف) کا مواد حاصل کیا تھا۔ یہ پہلا موقع ہے جب آسٹریلیا کی جانب سے 2018 میں متعارف کرائے گئے سخت غیر ملکی مداخلت کے قوانین کو جاسوسی کے الزامات عائد کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ 40 سالہ خاتون، جو فوج میں کام کرتی ہیں، اور ان کے 62 سالہ شوہر کو برسبین کی ایک عدالت کا سامنا کرنا پڑے گا، جن میں سے ہر ایک کو جاسوسی کے جرم کی تیاری کے الزام میں گرفتار کیا جائے گا، جس میں زیادہ سے زیادہ 15 سال قید کی سزا ہوسکتی ہے۔ آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز نے کہا کہ انہیں ملک کی سکیورٹی ایجنسیوں کی جانب سے تفصیلی بریفنگ دی گئی ہے لیکن وہ اس معاملے پر براہ راست کوئی تبصرہ نہیں کریں گے کیونکہ یہ معاملہ اب عدالتوں کے سامنے ہے۔ آسٹریلین فیڈرل پولیس (اے ایف پی) کے کمشنر ریس کرشانے کہا کہ یہ جوڑا مبینہ زیادتی سے قبل ایک دہائی سے زیادہ عرصے سے آسٹریلیا میں تھا اور دونوں کئی سال قبل آسٹریلوی شہری بن گئے تھے۔ کمشنر ریس کرشانے الزام عائد کیا کہ خاتون فوجی نے اے ڈی ایف سے چھٹی کے دوران خفیہ طور پر روس کا سفر کیا اور پھر اپنے شوہر کو ہدایت کی کہ وہ ان کے کام کے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کریں اور حساس مواد بھیجیں تاکہ وہ اسے روسی حکام کو بھیج سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 60

لارجر بنچ کی تشکیل کیلئے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کو بھجوا دی۔ لاہور ہائیکورٹ نے اپنے نوٹ میں لکھا کہ درخواست میں اہم قانونی نکات اٹھائے گئے ہیں، ایسے میں کیس کی سماعت کیلئے لارجر بنچ بنایا جائے۔ وفاقی حکومت کا حساس ادارے کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دینے کا اختیار لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا، درخواست میں وزیراعظم، وفاقی حکومت اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے ایک نوٹیفکیشن میں حساس ادارے کو لوگوں کے فون ٹیپ کرنے کی اجازت دی ہے، پی ٹی اے ایکٹ کے جس سیکشن کے تحت نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے اس کے ابھی تک رولز نہیں بنے، آئین پاکستان شہریوں کو پرائیویسی، آزادی اظہار رائے فراہم کرتا ہے۔ مزید کہا گیا کہ انڈین سپریم کورٹ کے مطابق بھی لوگوں کے فون ٹیپ کرنا آئین کی خلاف ورزی ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت حساس ادارے کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دینے کا نوٹیفکیشن غیرقانونی قرار دے، درخواست کے حتمی فیصلے تک مذکورہ نوٹیفکیشن کی کارروائی کو معطل کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 61

ارب نفوس پر مشتمل ہے۔ اقوام متحدہ ورلڈ پاپولیشن پراسپیکٹس رپورٹ کے مطابق یہ آبادی آئندہ چند برس میں 10.8 ارب تک پہنچ جائے گی۔ ویب سائٹ ورلڈومیٹر کے مطابق رواں برس اب تک دنیا بھر میں 7 کروڑ 11 لاکھ بچے پیدا ہوئے جبکہ 3 کروڑ 22 لاکھ افراد انتقال کرگئے۔ ورلڈومیٹر کے مطابق اس وقت پاکستان 24 کروڑ 53 لاکھ سے زائد آبادی کے ساتھ دنیا بھر کے ممالک میں پانچویں نمبر پر ہے۔ ویب سائٹ ورلڈومیٹر کے مطابق پڑوسی ملک بھارت 14 کروڑ 42 لاکھ سے زائد آبادی کے ساتھ دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والے ممالک کی فہرست میں پہلے نمبر پر، چین 14 کروڑ 25 لاکھ سے زائد آبادی کے ساتھ دوسرے نمبر پر، امریکا 34 کروڑ سے زائد آبادی کے ساتھ تیسرے نمبر پر اور انڈونیشیا 27 کروڑ آبادی کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہے۔ یو این ورلڈ پاپولیشن پراسپیکٹس رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دنیا میں لوگوں کی کل تعداد 2080 کی دہائی میں عروج پر ہو گی۔ اقوام متحدہ ورلڈ پاپولیشن پراسپیکٹس رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ دنیا میں آبادی 2080 کی دہائی میں عروج کے بعد آہستہ آہستہ کم ہونے لگے گی۔ آبادی میں اضافے کی شرح یہی رہی تو بائیسویں صدی میں دنیا میں سانس لینے والے انسانوں کی تعداد ممکنہ طور پر گیارہ ارب سے تجاوز کرچکی ہوگی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب دیپالپور/ ریونیو آفیسر حلقہ

عنوان: انتقال وراثت سلیماں بی بی (متوفیہ لاولد) دختر محمد انور زوجہ عمر حیات ساکن موضع شہوال تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع شہوال تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ سلیماں بی بی (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکی ہے۔ جس کے تمام وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ عمر حیات (خاوند)، محمد عمران، محمد اکرام، محمد امجد، کوثر بی بی، آمنہ بی بی برادران و ہمشیرگان حقیقی متوفیہ سلیماں بی بی ساکنان موضع شہوال تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت سلیماں بی بی (متوفیہ) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کردیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بجلی کی بلوں میں اووربلنگ کے عوامی فراڈ پر وزیراعظم قوم سے معافی مانگیں

ضیاءالدین انصاری

واپڈا، واسا، ایل ڈبلیوایم سی عوام سے بل وصول کرنے کے باوجود سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہیں

مون سون بارشوں کے الرٹ کے باوجود شہری انتظامیہ کا نکاسی آب کا نظام بری طرح ایکسپوز ہوچکا ہے

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاءالدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بجلی کے بلوں میں اوور بلنگ اور غلط ریڈنگ کے ذریعے اربوں روپے کے عوامی فراڈ پر وزیر اعظم شہباز شریف قوم سے معافی مانگیں اور وزیر بجلی و پانی فوراً استعفیٰ دے۔ پہلے سے مہنگی بجلی کے باوجو داضافی وصولیاں کی گئیں جو ظلم کی انتہاء ہے۔ مقررہ تاریخ کے بجائے جان بوجھ کر 3 سے 4 دن تاخیر سے ریڈنگ لی گئی۔ اربوں روپے کی اوور بلنگ میں تمام تقسیم کار کمپنیوں نے غریب عوام کو اور بلنگ کے ذریعے لوٹا ہے جس کا انہیں قوم کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر33

پنجاب میں بی ڈی ایس پروگرام کا دورانیہ چار سے بڑھا کر پانچ سال کرنے کا فیصلہ

ڈینٹل کالجوکا20 سال پرانا نصاب تبدیل کرنے کی اصولی منظوری، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز نے بی ڈی ایس کے نئے ماڈیولر نصاب کا فریم ورک تیار کرلیا

کمیٹی کے تیار کردہ فریم ورک کے مطابق نئے نصاب میں عمودی، افقی اور پیچ دار انٹیگریشن ہے۔ اس میں پروفیشنلزم، اخلاقیات، ریسرچ، لیڈرشپ سکلز کے ماڈیولز ہیں

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے بورڈ آف سٹڈیز ڈینٹسٹری کا40واں اجلاس جمعہ کے روز وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور کی صدارت میں ہوا جس میں بی ڈی ایس پروگرام کیلئے نیا ماڈیولر انٹیگریٹڈ نصاب لانے کی اصولی منظوری دی گئی جس کے تحت بی ڈی ایس پروگرام کا دورانیہ چار سال سے بڑھا کر پانچ سال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یادرہے کہ ڈینٹل کالجوں میں پڑھایا جانے والا موجودہ نصاب 2005ء میں تیار کیا گیا تھا۔ تاہم اب یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز نے اس 20 سالہ نصاب کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر34

لاہور، امیر جماعت اسلامی ضیاالدین انصاری ریلوے پریم یونین کے عہدیداران سے خطاب کررہے ہیں

این ٹی ڈی سی کی تنظیم نو کررہے ہیں، اویس احمد خان لغاری

پاور سیکٹر کے حالات پر تحفظات ہیں، ساہیوال کول پاور کوئی 1947ء میں تونہیں لگا، شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پاور اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ بجلی ترسیل کے مسائل کے باعث سستی بجلی لوڈ سینٹرز تک لانے کے مسائل ہیں، ترسیلی مسائل کے باعث سستی کی بجائے مہنگی بجلی استعمال کرنا پڑتی ہے، این ٹی ڈی سی کی تنظیم نو کررہے ہیں۔ سینیٹر محسن عزیز کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی پاور کا اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی وزیر پاور اویس احمد خان لغاری اور سیکریٹری پاور راشد محمود نے شرکت کی۔ سیکرٹری پاور راشد محمود

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر35

صدر مملکت سے آذربائیجان کے صدر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان مختلف شعبوں میں تعلقات کو مزید بہتر بنانے کی وسیع گنجائش موجود ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آذربائیجان نے توانائی، تجارت، رابطے، دفاع اور عوام سے عوام کے روابط کے شعبوں سمیت باہمی سود مند تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اس عزم کا اعادہ جمعہ کو ایوان صدر میں صدر مملکت آصف علی زرداری اور پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کے درمیان ملاقات میں کیا گیا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے آذربائیجان کے صدر کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان بہترین تعلقات ہیں اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعلقات کو مزید بہتر بنانے کی وسیع گنجائش موجود ہے۔

مسئلہ فلسطین پر مسلم حکمرانوں کی بے حسی لمحہ فکریہ ہے' سنی علما کونسل

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ مسئلہ فلسطین پر مسلم حکمرانوں کی بے حسی لمحہ فکریہ ہے، مسلمان صیہونی ریاست کو کبھی برداشت نہیں کریں گے قبلہ اول کی آزادی ہم پر فرض ہوچکی ہے، اگر آج فلسطینیوں کی مدد نہ کی تو کل ہمارے ساتھ بھی یہی کچھ ہوسکتا ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ آزاد، خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام ہی مسئلہ کا مستقل حل ہے۔ پاکستان کا بچہ بچہ پوری قوم فلسطینیوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ عالمی برادری متحد ہوکر فلسطین میں نہتے معصوم بچوں، بچیوں کا قتل عام رکوائے۔

فلسطین پر اسرائیلی حملے مسلم حکمرانوں کا امتحان ہیں' مرکزی علماء کونسل

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا کہ فلسطین پر اسرائیلی حملے مسلم حکمرانوں کا امتحان ہیں، جو ممالک بچوں کی اموات کے باوجود جنگ بندی کی مخالفت کررہے ہیں وہ انسانیت سے عاری ہیں، نہتے مظلوم فلسطینیوں کی مسلسل قتل وغارت پر پوری امت مسلمہ افسردہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقعہ پر علامہ شاہ نواز فاروقی، مولانا خالد محمود

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر36

ریلوے میٹریل چوری کرتے 4 ملزمان رنگے ہاتھوں گرفتار

ملزمان ریلوے لوکوورکشاپ سے سائیکل سٹینڈ کا جنگلہ، الیکٹرک کا پروائر چوری کررہے تھے

لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلویز پولیس اسپیشل برانچ ورکشاپس مغلپورہ ڈویژن نے موثر کارروائی کرتے ہوئے ریلوے میٹریل چوری کرتے 4 ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ ترجمان ریلویز پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں اظہارالدین، فرمان علی، ناصر اور سجاد شامل ہیں جن کے قبضہ سے 104 کلوگرام وزنی آہنی جنگلہ اور 44 کلوگرام تانبے کی الیکٹرک تار برآمد کرلی گئی۔ ملزمان ریلوے لوکو ورکشاپ سے سائیکل سٹینڈ کا جنگلہ اور الیکٹرک کا پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر37

سپریم کورٹ کی سکیورٹی سخت، بھاری نفری تعینات کرکے قیدی وینز بھی پہنچادی گئیں

وفاقی دارالحکومت میں ریڈزون کوجانے والے راستوں سیرینا چوک، نادرا چوک کو بند کردیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں اسمبلیوں کی مخصوص نشستوں سے متعلق کیس کے فیصلہ کے موقع پر عدالت کی سکیورٹی انتہائی سخت کردی گئی، بھاری نفری تعینات کرکے قیدی وینز بھی پہنچادی گئی ہیں۔ ریڈزون کو جانے والے راستوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں ریڈ زون کو جانے والے راستوں سیرینا چوک، نادرا چوک کو بند کردیا گیا ہے جب کہ ڈی چوک میں پولیس اور رینجرز کی نفری تعینات کردی گئی ہے۔

لاہور، شہر موسلادھا بارش کے دوران سڑک پر جمع پانی میں بند اپنی موٹر سائیکلوں کو دھکا لگا کرلے جارہے ہیں

عمران خان کو جیل میں تمام سہولیات فراہم کی جائیں جن کے وہ حقدار ہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلا آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کی جانب سے سابق وزیر اعظم عمران خان کو جیل میں سہولیات کی فراہمی، بنیادی حقوق کے تحفظ سے متعلق دائر درخواست ہدایات کے ساتھ نمٹا دی۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے درخواست پر تحریری حکم نامہ جاری کردیا جس میں کہا گیا کہ جب یہ درخواست دائر کی گئی تھی تب بانی پی ٹی آئی جیل میں سزا کاٹ رہے تھے۔ اس میں کہا گیا کہ موجودہ صورتحال میں درخواست گزار خود بھی جیل میں سزا کاٹ رہی ہیں، درخواست میں جو معاملہ اٹھایا گیا ہے وہ بانی پی ٹی آئی تک محدود نہیں۔

عالمی بینک نے سماجی تحفظ کے اہداف کی تکمیل پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی کامیابی کو سراہ

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سماجی تحفظ کے ماہر امجد ظفر خان کی زیر قیادت عالمی بینک اور فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس کے ایک وفد نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ وفد کے کلیدی شرکاء میں میلیس یوگوون (لیڈ اکانومسٹ/کو-ٹاسک ٹیم لیڈر) زینب مجوکا (اکنامسٹ) اور دیگر شامل تھے۔ چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد اور سیکرٹری بی آئی ایس پی عامر علی احمد کیساتھ ملاقات کے دوران وفد نے کرائسز ریزیلینٹ سوشل پروٹیکشن (کرسپ) منصوبے کے حوالے سے جنوری تا جون 2024 کے اہداف پر اپنے نتائج پیش کیے۔

پروفیسر احسن وحید راٹھور وائس چانسلر یوایچ ایس بورڈ آف اسٹڈیز ڈینٹسٹری کے 40ویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹریٹ کو تجاوزات کا نوٹس' سی ڈی اے سے جواب طلب

اسلام آباد ہائی کورٹ کی جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے سی ڈی اے کو نوٹس جاری کرکے جواب طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹریٹ کو تجاوزات کا نوٹس بھیجنے پر عدالت نے سی ڈی اے سے جواب طلب کرلیا۔ کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی جانب سے پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹریٹ کو تجاوزات اور قواعد کی خلاف ورزی کے نوٹس کے خلاف درخواست کی سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ میں ہوئی، جس میں عدالت نے درخواست پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر38

سپریم کورٹ کے فیصلے کا نقصان پی ٹی آئی کو ہوگا، فیصل واوڈا

چند دنوں میں اپوزیشن کے مزید ٹکڑے ہوجائیں گے کہ انہیں سنبھالنا مشکل ہوجائے گا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سیاسی رہنما فیصل واوڈا نے مخصوص نشستوں سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا نقصان پی ٹی آئی کو ہوگا۔ اپنے بیان میں فیصل واوڈا نے کہا کہ چند دنوں میں اپوزیشن کے مزید ٹکڑے ہوجائیں گے کہ انہیں سنبھالنا مشکل ہوجائے گا، پی ٹی آئی مزید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس کیس میں جو استدعا کی ہی نہیں گئی اس پر بھی فیصلہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر39

محکمہ آبپاشی اور روڈز سیکٹر کی 23 سکیموں کیلئے 45ارب 55 کروڑ کے فنڈز منظور

صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی کے پانچویں اجلاس میں 23 سکیموں کی منظوری دی گئی

نے چینلائزیشن آف ڈیگ ڈاورشن چینل کے لئے 2520 ملین کی منظوری

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال2024- 25 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے پانچویں اجلاس میں آبپاشی اور روڈز سیکٹرز کی 23 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 45ارب 55 کروڑ روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پی اینڈ ڈی بیرسٹر نبیل احمد اعوان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر43

بارشوں، سیلابی ایمرجنسی میں ریسکیو، ریلیف کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن کے ایمرجنسی سنٹرز قائم

مرکزی، ریجنل اور علاقائی سطح پر فلڈ ایمرجنسی سنٹرز قائم، ہرطرح کے خطرات سے نمٹنے کیلئے تیاریاں مکمل

ہنگامی صورتحال کیلئے ریسکیو آلات، خیمے، مچھر دانیاں، ترپال علاقائی گوداموں میں روانہ کردیئے' اعجاز اللہ خان

لاہور (این این آئی) چیئرمین ڈیزاسٹر مینجمنٹ و مرکزی نائب صدر الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان اعجاز اللہ خان نے کہا ہے کہ بارشوں اور ممکنہ سیلاب کے پیش نظر مرکزی، ریجنل اور علاقائی سطح پر فلڈ ایمرجنسی سنٹرز قائم کردیئے جہاں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام تیاریاں مکمل ہیں، آزاد کشمیر سمیت پاکستان کے چاروں صوبوں میں ریجنل سطح

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر42

کراچی' محرم الحرام کے دوران اینٹی انکروچمنٹ پولیس کیلئے بھی تھریٹ الرٹ جاری

اہلکاروں کو خاص ہدایات جاری' اہلکار اکیلا کسی سرکاری ڈیوٹی پر نہ جائے

ڈیوٹی کے دوران یونیفارم کا استعمال کیا جائے، کوئی اہلکار گھر سے دفتر آتے یا واپس جاتے ہوئے یونیفارم یا جوتے نہ پہنے

کراچی (این این آئی) محرم الحرام کے دوران اینٹی انکروچمنٹ پولیس کیلئے بھی تھریٹ الرٹ جاری کردیا گیا، اہلکاروں کو خاص ہدایات جاری کردی گئیں۔ ڈی ایس پی طارق اسلام نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ انچارج سمیت کوئی اہلکار اکیلا کسی سرکاری ڈیوٹی پر نہ جائے۔ تمام سرکاری کارروائیاں پولیس موبائل میں کی جائیں،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر41

2 اسرائیلی شہریوں کی کراچی ایئرپورٹ پر لینڈنگ کا انکشاف

پرواز میں اسرائیلی شہریوں کی موجودگی کے بارے میں لاعلم ہیں

جہاز میں سوار ایک مسافر کی حالت بگڑنے پر ہنگامی لینڈنگ کرنا پڑی، ترجمان سی اے اے

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر فلائی دبئی ایئرلائن میں سوار 2 اسرائیلی شہریوں کی ہنگامی لینڈنگ کا انکشاف ہوا ہے۔ ٹائمز آف اسرائیل کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی وزارت خارجہ نے تصدیق کی ہے کہ فلائی دبئی ایئرلائن سے سری لنکا جانے والی پرواز کی مسافروں میں سے دو اسرائیلی شہری بھی شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ رات گئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر40

جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) کی سینئر نائب صدر Sachiko Imoto اور JICA کے دیگر مندوبین نے گزشتہ دنوں لاہور کا خصوصی دورہ کررہے ہیں

بادشاہی مسجد میں محرم الحرام میں قیام امن کیلئے وحدت امت کانفرنس کا انعقاد

لاہور (این این آئی) محرم الحرام کے دوران قیام امن کیلئے بادشاہی مسجد میں وحدت امت کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس میں چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا عبدالخبیر آزاد، رہنما مجلس علمائے پاکستان مفتی مبشر احمد نظامی، سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر سید طاہر رضا بخاری، شیعہ علما کونسل کے مرکزی رہنما علامہ کاظم رضا نقوی، صدر اہلسنت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر46

وزیر زراعت سے چیف ایگزیکٹو آفیسر الغازی ٹریکٹرز کمپنی ثاقب الطاف کی ملاقات

اجلاس میں گرین ٹریکٹر اسکیم کے تحت کاشتکاروں کو دی جانے والی سہولت پر تبادلہ خیال کیا گیا

کمپنی آئندہ ماہ 85 ہارس پاور کا ایک نئے ماڈل کا ٹریکٹر لانچ کرنے جارہی ہے' سی اے او ثاقب الطاف

لاہور (این این آئی) وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے چیف ایگزیکٹو آفیسر الغازی ٹریکٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ ثاقب الطاف سے زراعت ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ اجلاس میں گرین ٹریکٹر اسکیم کے تحت کاشتکاروں کو دی جانے والی سہولت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ثاقب الطاف نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ الغازی کمپنی پاکستان میں نیو ہالینڈ ٹریکٹرز تیار کرتی ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر45

سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد پنجاب اسمبلی میں حکومتی اتحاد کی تعداد میں ردوبدل ہوگا

لاہور (این این آئی) سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد پنجاب اسمبلی میں حکومتی اتحاد کی تعداد میں ردو بدل ہوگا۔ پنجاب اسمبلی میں پاکستان تحریک انصاف کو 27 نشستیں ملنے کا امکان ہے۔ پنجاب اسمبلی کا ایوان 371 ممبران پر مشتمل ہے، پنجاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر44

وحدت امت کانفرنس
Wahdat-e-Ummat Conference

لاہور، چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا عبدالخبیر بادشاہی مسجد میں منعقدہ وحدت امت کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

جائیکا کی سینئر نائب صدر سچیکو اموٹو کا لاہور کا دورہ

FBLT کے ذریعے گھریلو کارکنوں کے کاروباری اداروں کی مالی شمولیت پر کارکردگی کا جائزہ لیا

ڈائریکٹر ہوم نیٹ پاکستان کی ایگزیکٹو ام لیلیٰ نے پروڈکٹس اینڈ ریسرچ بارے بریفنگ دی

لاہور (خبرنگار) جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) کی سینئر نائب صدر Sachiko Imoto اور JICA کے دیگر مندوبین نے گزشتہ دنوں لاہور کا خصوصی دورہ کیا تاکہ JICA کے مالی تعاون سے جاری "ڈیٹا کلیکشن سروے" کا از سرنو جائزہ لیا جاسکے۔ جسکا مقصد بزنس بوسٹر لون اینڈ ٹریننگز (FBLT) کے ذریعے گھریلو کارکنوں کے کاروباری اداروں کی مالی شمولیت پر کارکردگی کا جائزہ لینا تھا، FBLT پروجیکٹ ہوم نیٹ پاکستان کے ذریعے HBL MfB اور پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک کے ساتھ کلیدی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر47

مردہ باد
وسیم چوہدری مردہ باد

لاہور، جلوموڑ کے رہائشی پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کررہے ہیں

کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا گوجرانولہ کے مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ

خواجہ سلمان رفق کی سربراہی میں کمیٹی نے امن کمیٹی، منتظمین سے ملاقات کی، مسائل بارے دریافت کیا

۔صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق کی قیادت میں صوبائی وزراء مجتبیٰ شجاع الرحمن، عاشق حسین کرمانی، بلال اکبر خان ہمراہ تھے

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین خواجہ سلمان رفیق کی قیادت میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان نے رات گئے گوجرانولہ کے مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ کیا۔ مرکزی امام بارگاہ گلستان معرفت میں کنٹرول روم اور روٹ پر انتظامات کا جائزہ لیا۔ کابینہ کمیٹی نے امن کمیٹی اور منتظمین سے ملاقات کی اور مسائل بارے دریافت کیا۔ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق کی قیادت میں صوبائی وزراء مجتبیٰ شجاع الرحمن، عاشق حسین کرمانی، بلال اکبر خان ہمراہ تھے۔ سیکرٹری داخلہ نورالامین مینگل، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر56

لاہور ہائیکورٹ کا صنم جاوید کو گوجرانوالہ کے مقدمے میں فوری رہا کرنے کا حکم

تفتیشی افسر کے پاس درخواست گزار کو مقدمے میں نامزد کرنے کے کوئی شواہد موجود نہیں' تحریری فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کارکن صنم جاوید کو گوجرانوالہ کے مقدمے میں فوری طور پر جیل سے رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ جسٹس اسجد جاوید گھرال کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے صنم جاوید کی گوجرانوالہ کے مقدمے میں گرفتاری کیخلاف درخواست پر 14 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ عدالتی فیصلے میں لکھا گیا کہ تفتیشی افسران کی جانب سے درخواست گزار کو بار بار ایک ہی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر48

منشیات فروش کی والدہ نے پولیس پر پالتو کتا چھوڑ دیا، 2 اہلکار زخمی، پولیس کی فائرنگ سے کتا مارا گیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں منشیات فروش کی والدہ نے پولیس اہلکاروں پر پالتو کتا چھوڑ دیا۔ سائٹ اے پولیس نے پٹھان کالونی میں منشیات فروش کے گھر پر چھاپہ مارا تو ملزمان نے پالتو کتے نے حملہ کرکے 2 پولیس اہلکاروں کو زخمی کردیا۔ پولیس کی فائرنگ سے کتا مارا گیا۔ ایس ایچ او سائٹ اے فاروق سنجرانی کے مطابق پولیس نے خفیہ ذرائع سے ملنے والی اطلاع پر پٹھان کالونی میں پی کے نامی منشیات فروش کے گھر پر چھاپہ۔

کراچی سے کالعدم ٹی ٹی پی حافظ گل بہادر گروپ کے 2 دہشت گرد گرفتار

گرفتار ملزمان ٹی ٹی پی کیلئے فنڈز جمع کرتے تھے جو حال ہی میں کراچی واپس آئے تھے، سی ٹی ڈی

کراچی (این این آئی) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ میں کارروائی کرتے ہوئے کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) حافظ گل بہادر گروپ کے 2 دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی آصف اعجاز شیخ کے مطابق اینٹی ٹیرارزم فنانسنگ یونٹ سی ٹی ڈی نے سہراب گوٹھ، جنجال گوٹھ میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر55

اے وی ایل سی کی کارروائی، کار چھیننے والے گروہ کے 2 کارندے گرفتار، چھینی گئی کار برآمد

کراچی (این این آئی) اے وی ایل سی کراچی نے اہم کارروائی کرتے ہوئے کار چھیننے والے گروہ کے 2 کارندوں کو گرفتار کرکے چھینی گئی کار برآمد کرلی ہے۔ ایس ایس پی اے وی ایل سی عارف اسلم راؤ کے مطابق 2 جولائی کو سراج نامی شہری سے بوٹ بیسن سے کار چھینی گئی تھی، جس کا مقدمہ الزام نمب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر58

اسلام آباد، راولپنڈی ودیگر علاقوں میں کارروائیاں' بھاری مقدار میں منشیات برآمد

5 مختلف آپریشنز میں 27 کلو منشیات برآمد کرکے 8 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے اسلام آباد، راولپنڈی سمیت دیگر علاقوں میں مختلف کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی۔ ملک بھر میں انسداد منشیات کے لیے اے این ایف کی کارروائیاں جاری ہیں، اس دوران 5 مختلف آپریشنز میں 27 کلو منشیات برآمد کرکے 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ایک کوریئر آفس کے ذریعے آسٹریلیا بھیجنے کے لیے جمع کروائے گئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر57



لاہور، وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کتھیڈرل چرچ کے دورہ کے موقع پر اپنے تاثرات درج کررہے ہیں

ایف بی آر نے دکانداروں کیلئے ٹیکس کی ادائیگی کے انتہائی آسان نظام کا مسودہ تیار کرلیا

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے تاجروں، دکانداروں اور خوردہ فروشوں کے لیے ٹیکس کی ادائیگی کے انتہائی آسان نظام کا مسودہ تیار کیا ہے جس میں 42 شہروں میں دکانوں/آؤٹ لیٹس کے محل وقوع کی بنیاد پر مارکیٹ/علاقہ وار ٹیکس کی فلیٹ شرح

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر49

پاکستان آرمی کی جانب سے عمرکوٹ میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

کیمپ میں خواتین اور بچوں سمیت کل 1000 سے زائد مریضوں کا علاج کیا گیا

عمرکوٹ (این این آئی) پاکستان آرمی کی جانب سے عبدالحکیم بالپوتا ڈسٹرکٹ عمرکوٹ میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ میں پاک آرمی کے ساتھ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کوارٹرز عمرکوٹ کے ڈاکٹرز نے بھی مریضوں کا علاج کیا۔ مختلف شعبہ امراض کے ماہر ڈاکٹروں میں گائنی، چائلڈ اسپیشلسٹ، میڈیکل اور پیتھالوجسٹ نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر54

اٹلی بعداز جنگ بندی غزہ میں امن فوج کا حصہ بننے کو تیار

اٹلی چاہتا ہے کہ مشرق وسطی کا یہ دیرینہ تنازعہ ختم ہو، وزیر خارجہ کی گفتگو

روم (این این آئی) اٹلی کے وزیر خارجہ نے عندیہ دیا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی کے بعدان کا ملک غزہ میں امن فوج کا حصہ بننے کے لیے تیار ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وزیر خارجہ انٹونیو تاجانی یہ بات گزشتہ روز کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم فلسطینی اتھارٹی کی مدد کررہے ہیں اس لیے ہم جنگ بندی کے اگلے ہی روز اپنی فوج اقوام متحدہ کی چھتری تلے غزہ میں بھیجنے تیار ہیں۔

PIAF
welcome
It's a pleasure and an honor to have you as a guest.

لاہور، لاہور چیمبر کے انتخابات کے سلسلہ میں پیاف کے پیٹرن انچیف میاں انجم نثار تقریب میں تاجروں سے خطاب کررہے ہیں

کراچی میں مبینہ مقابلے، 4 ملزم گرفتار، فائرنگ سے 2 اہلکار زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کراچی میں مبینہ پولیس مقابلوں کے دوران 4 خطرناک ملزموں کو حراست میں لے لیا گیا، ملزموں کی فائرنگ سے 2 اہلکار بھی زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے تھانہ سکھن کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ ہوا، اس دوران ایک ڈاکو گولیاں لگنے سے زخمی ہوگیا جسے حراست میں لے لیا جبکہ اس کے 2 ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

پاکستان کا مستقبل صرف اور صرف اسلامی انقلاب ہے' جے یو آئی

مولانا فضل الرحمن کی سیاست کا خاتمہ چاہنے والے آج انکی عوامی مقبولیت دیکھ کر بوکھلا چکے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر50

فلور ملز ایسوسی ایشن کی ہڑتال دوسرے روز میں داخل، آٹے کی شدید قلت کا خدشہ

کراچی (این این آئی) آل پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کی ہڑتال دوسرے روز میں داخل ہوگئی، جس کی وجہ سے ملک میں آٹے کی قلت کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کے نفاذ کیخلاف فلور ملز مالکان کی ملک گیر ہڑتال دوسرے روز بھی جاری رہی، جس کی وجہ سے ملک میں آٹے کی قلت کا خدشہ ہے۔ ہڑتال کے باعث ملز سے مقامی مارکیٹس کو آٹے کی ترسیل بند ہوگئی۔

امریکہ کا اسرائیلی شہریوں اور متعدد اداروں پر پابندیوں کا اعلان

اسرائیل پابندیوں کے مطابق فوری اقدامات کریگے ورنہ ہم ایکشن لینگے، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے اعلان کیا ہے کہ وہ مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینیوں کے خلاف پر تشدد کارروائیاں کرنے والوں پر پابندیاں لگانے جارہا ہے۔ اس سلسلے میں امریکی بیان میں اسرائیل پر زور دیا گیا ہے کہ وہ ان لگائی گئی پابندیوں کے مطابق فوری اقدامات کرے۔ ورنہ امریکہ اپنے انداز سے اقدامات کرے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر53

جاسوسی کے الزام میں آسٹریلوی خاتون فوجی اور شوہر گرفتار

آسٹریلوی جوڑے پر آسٹریلین ڈیفنس فورس کا مواد روس سے شیئر کرنے کا الزام عائد

برسبین (این این آئی) آسٹریلوی پولیس نے روس کے لیے جاسوسی کے الزام میں آسٹریلوی خاتون فوجی اور اس کے شوہر کو گرفتار کرلیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تفتیش کاروں کا کہنا تھا کہ روسی نژاد آسٹریلوی شہری جوڑے نے ماسکو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر59

حساس اداروں کو فون ٹیپ کی اجازت دینے کے خلاف درخواست پر لارجر بنچ بنانے کی سفارش

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے وفاقی حکومت کی جانب سے حساس اداروں کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دینے کے خلاف درخواست پر لارجر بنچ تشکیل دینے کی سفارش کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے سابق رکن اسمبلی غلام سرور کی درخواست پر سماعت کی۔ جسٹس فاروق حیدر نے درخواست

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر60

سعودی عرب نے غزہ کی پٹی میں امدادی کارروائیاں دوگنا کردیں

اردن کی اہالیان غزہ کے لیے امداد بھیجنے کے لیے سعودی عرب کی کوششوں کی تعریف

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے کنگ سلمان سینٹر فار ریلیف اینڈ ہیومینیٹیرین ایڈ نے اردنی حکومت کے تعاون سے غزہ کی پٹی میں معیاری خوراک کی امداد طیاروں کے ذریعے غزہ کی پٹی میں پھینکنے میں حصہ لیا ہے۔ اردنی چیریٹیبل آرگنائزیشن کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر حسین الشبلی نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ سعودی عرب غزہ کی پٹی میں امدادی سامان اور ایئر ڈراپس میں پیش پیش ہے۔ اس امدادی سامان میں طبی سامان اور خیمے بھی شامل تھے۔

بھارت، پولیس اہلکار کو تھپڑ مارنے کے الزام میں ایئرلائن کی ملازمہ گرفتار

ایئرلائن نے واقعے کو جنسی ہراسانی کا سنگین معاملہ قرار دے دیا، قانونی کارروائی کا بھی اعلان

جے پور (این این آئی) بھارتی ایئرپورٹ پر پولیس اہلکار کو تھپڑ مارنے کے الزام میں نجی ایئرلائن کی خاتون ملازمہ کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایئرلائن نے اس واقعے کو جنسی ہراسانی کا سنگین کیس قرار دیتے ہوئے فوری قانونی کارروائی کرنے کے عزم کا بھی اعلان کیا۔ نجی ایئرلائن کی ایک خاتون ملازمہ کو جے پور ہوائی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر51

افغانستان کا سب سے بڑا دہشتگرد گروپ ٹی ٹی پی ہے، اقوام متحدہ

ٹی ٹی پی والے پاکستان میں دہشتگرد کارروائیوں کیلئے افغانوں کو استعمال کرتے ہیں، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی مانیٹرنگ ٹیم کی رپورٹ میں افغانستان کا سب سے بڑا دہشتگرد گروپ کالعدم تحریک طالبان پاکستان کو قرار دیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق رپورٹ کے مطابق افغان طالبان کی جانب سے تحریک طالبان پاکستان کی حمایت میں اضافہ ہوا ہے، ٹی ٹی پی کو افغان طالبان اور القاعدہ کے دھڑوں کی آپریشنل اور لاجسٹک سپورٹ حاصل ہے۔ اس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر52

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان معرفت رحمت اللعالمین اور قرآن کے حوالے سے منعقدہ مجلس تدبر و تفکر میں شریک ہیں

اسرائیلی یہودی آؤٹ پوسٹوں کو قانونی کہنا قابل مذمت ہے، گروپ سیون

یہودی بستیوں کو توسیع دینے اور نئی یہودی بستیاں قائم کرنے کی کوشش قابل مذمت ہیں، بیان

تل ابیب (این این آئی) گروپ سیون کے رکن ملکوں نے اسرائیل کی طرف سے غیر قانونی طور پر بنائی گئی ناجائز یہودی بستیوں سے جڑی آؤٹ پوسٹوں کو قانونی قرار دینے کی خود ساختہ کوشش کی مذمت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گروپ کی طرف سے ایک مذمتی بیان میں کہا گیا کہ اسرائیل کے یہودی بستیوں کو توسیع دینے اور نئی یہودی بستیاں قائم کرنے کی کوشش قابل مذمت ہیں۔

کراچی: ایف آئی اے اسٹیٹ بینک سرکل کی کارروائی، بینک منیجر گرفتار

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے اسٹیٹ بینک سرکل نے کارروائی کرکے بینک منیجر سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزمان کو ویسٹ وارف روڈ پر نجی بینک برانچ سے گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان کرنسی کی غیر قانونی خرید و فروخت میں ملوث ہیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزمان سے 10 ہزار امریکی ڈالر برآمد ہوئے، تفتیش کا آغاز کردیا گیا۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداداللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقاراے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

دنیا کی آبادی چند برس میں 10 ارب سے زائد ہو جائیگی، اقوام متحدہ

آبادی کے لحاظ سے بھارت پہلے، چین دوسرے، امریکہ تیسرے نمبر پر ہے، عالمی ادارے کی رپورٹ

نیویارک (این این آئی) دنیا کی آبادی آئندہ چند برس کے دوران 10 ارب سے زائد ہونے والی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات یو این ورلڈ پاپولیشن پراسپیکٹس رپورٹ میں بتائی گئی ہے جس کے مطابق دنیا کی اس وقت آبادی 8.2

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر61

الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت بارشوں اور سیلابی ایمرجنسی سے نمٹنے کے لئے رضا کاروں کو مشق کروائی جارہی ہے